# تباہ شدہ اقوام



ہارون یحییٰ

اسلامک ریسرچ سینٹر
پاکستان

Marfat.com

# تباہ شدہ اقوام

(ترجمہ)

مصنف : ہارون یحییٰ

ابتدائی ترجمہ : ڈاکٹر طاہر حمید تنولی

نظرثانی : سعود عثمانی

اسلامک ریسرچ سینٹر۔ پاکستان

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ
©
جملہ حقوق ادارہ اسلامیات (لاہور۔ کراچی)
کے نام قانونی معاہدے کے تحت محفوظ ہیں۔
کوئی حصہ یا تصویر بلا اجازت شائع نہیں کی جاسکتی۔

# تباہ شدہ اقوام

اشاعت اوّل: رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ نومبر ۲۰۰۲ء
باہتمام : اشرف برادران سلمہم الرحمٰن
قیمت

واحد تقسیم کار ادارۂ اسلامیات
☆ دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور۔
فون: ۷۳۲۴۴۱۲ فیکس: ۷۳۲۴۷۸۵-۴۲-۹۲
☆ ۱۹۰۔ انار کلی، لاہور۔
فون: ۷۲۴۳۹۹۱-۷۳۵۳۲۵۵
☆ موہن روڈ چوک اُردو بازار کراچی۔
فون: ۷۷۲۲۴۰۱
E-mail: idara@brain.net.pk
E-mail: islamiat@lcci.org.pk

ملنے کے پتے
ادارۃ المعارف، دار العلوم، کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ دار العلوم، دار العلوم، کراچی نمبر ۱۴
دار الاشاعت، اُردو بازار کراچی نمبر ۱
بیت القرآن، اُردو بازار، کراچی نمبر ۱
بیت العلوم، نابھہ روڈ، انار کلی، لاہور۔

Marfat.com

# کچھ مصنف کے بارے میں

اس کتاب کے مصنف نے اپنے قلمی نام ہارون یحیٰ کے استعمال کے ساتھ بہت سی سیاسی اور مذہبی کتب لکھیں جو زیور طباعت سے آراستہ ہو کر قارئین تک پہنچ چکی ہیں۔ اس کا زیادہ کام اس مادہ پرستانہ عالمی نقطۂ نظر سے متعلق ہے جو عالمی تاریخ و سیاسیات پر اثر انداز ہوا ہے۔ (اس قلمی نام کی تشکیل دو ناموں کو ملا کر ہوئی ہے ''ہارون'' (Aaron) اور ''یحیٰ'' (John)۔ یہ دونوں نام ان دو پیغمبرانِ خدا کی یاد تازہ کرتے ہیں جنہوں نے کفر و شرک کے خلاف جنگ لڑی)۔

ہارون یحیٰ کی دیگر تصانیف میں ''یہودیت اور فری میسنری''۔ ''فری میسنری اور سرمایہ داری'' ''ابلیس کا مذہب: فری میسنری''۔ ''یہوداہ کے بیٹے اور فری میسنز''۔ ''نیا میسنی نظام'' ''بوسنیا میں خفیہ ہاتھ''۔ ''مکمل تباہی کا جھانسہ''۔ ''دہشت گردی کے واقعات کے پیچھے''۔ ''اسرائیل......ایک کردی پتا''۔ ''ترکی کے لئے قومی حکمت عملی''۔ ''تباہ شدہ اقوام''۔ ''عقل والوں کے لئے''۔ ''خلیہ۔ ایک نشانی''۔ ''نظام مامونیت۔ ایک نشانی''۔ ''انسانی آنکھ۔ ایک نشانی''۔ ''مکڑی۔ ایک نشانی''۔ ''مچھر۔ ایک نشانی''۔ ''چیونٹی۔ ایک نشانی''۔ ''حیات دنیا کی حقیقت''۔

مصنف نے کچھ کتابچے بھی لکھے جن کے نام یہ ہیں:

''راز ہائے ایٹم''۔ ''نظریۂ اِرتقاء کی موت''۔ ''حقیقت تخلیق''۔ ''مادے کی موت''۔ ''اِرتقاء پسندوں کی فاش غلطیاں اوّل''۔ ''اِرتقاء پسندوں کی فاش غلطیاں دوئم''۔ ''اِرتقاء کی خورد حیاتیاتی موت''۔ ''نظریۂ اِرتقاء کی موت بیس سوالات میں''۔ ''ڈارونیت: تاریخ حیاتیات میں سب سے بڑا فریب''۔

مصنف کے دیگر تصنیفی کام کے قرآنی موضوعات درج ذیل ہیں:

''سچائی کے بارے میں جو کبھی سوچا گیا''۔ ''اللہ کے لئے وقف''۔ ''جہالت کے معاشرے سے ترک تعلق''۔ ''جنت''۔ ''نظریۂ اِرتقاء''۔ ''قرآن اور اخلاق حسنہ پر مبنی اقدار''۔ ''قرآنی علم''۔ ''قرآن کا اشاریہ''۔ ''اللہ کی خاطر ہجرت''۔ ''قرآن اور منافقین کا کردار''۔ ''منافقین کے راز''۔ ''اللہ کی صفات''۔ ''قرآن میں پیغام کی ترسیل اور اس پر حجت''۔ ''قرآن کے اساسی نظریات''۔ ''قرآن کی روشنی میں جوابات''۔ ''حیات بعد از ممات اور جہنم''۔ ''پیغمبروں کی جدوجہد''۔ ''انسان کا کھلا دشمن: ابلیس''۔ ''بت پرستی''۔ ''جاہل کا مذہب''۔ ''ابلیس کا غرور و تکبر''۔ ''قرآن اور نماز''۔ ''قرآن اور انسان کا باطن''۔ ''یوم حشر''۔ ''مت بھولیے''۔ ''قرآن کے فیصلے جو نظر انداز کئے گئے''۔



Marfat.com

۲۹۷-۴۱۸
ت ۲۵۸
۷۹۱۱۵
۲

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

©

جملہ حقوق ادارۂ اسلامیات (لاہور۔ کراچی)
کے نام قانونی معاہدے کے تحت محفوظ ہیں۔
کوئی حصہ یا تصویر بلا اجازت شائع نہیں کی جاسکتی۔

# تباہ شدہ اقوام

اشاعت اوّل: رمضان المبارک ۱۴۲۳ھ نومبر ۲۰۰۲ء
باہتمام : اشرف برادران سلمہم الرحمٰن
قیمت

واحد تقسیم کار ادارۂ اسلامیات
☆ دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور۔
فون: ۷۳۲۴۴۱۲ فیکس: ۷۳۲۴۷۸۵-۴۲-۹۲
☆ ۱۹۰۔ انار کلی، لاہور۔
فون: ۷۳۵۳۲۵۵-۷۲۴۳۹۹۱
☆ موہن روڈ چوک اُردو بازار کراچی۔
فون: ۷۷۲۲۴۰۱
E-mail: idara@brain.net.pk
E-mail: islamiat@lcci.org.pk

ملنے کے پتے
ادارۃ المعارف، دار العلوم، کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ دار العلوم، دار العلوم، کراچی نمبر ۱۴
دار الاشاعت، اُردو بازار کراچی نمبر ۱
بیت القرآن، اُردو بازار، کراچی نمبر ۱
بیت العلوم، نابھہ روڈ، انار کلی، لاہور۔

Marfat.com

# کچھ مصنف کے بارے میں

اس کتاب کے مصنف نے اپنے قلمی نام ہارون یحیٰی کے استعمال کے ساتھ بہت سی سیاسی اور مذہبی کتب لکھیں جو زیور طباعت سے آراستہ ہو کر قارئین تک پہنچ چکی ہیں۔اس کا زیادہ کام اس مادہ پرستانہ عالمی نقطۂ نظر سے متعلق ہے جو عالمی تاریخ وسیاسیات پر اثر انداز ہوا ہے۔(اس قلمی نام کی تشکیل دو ناموں کو ملا کر ہوئی ہے''ہارون''(Aaron)اور''یحیٰی''(John)۔یہ دونوں نام ان دو پیغمبرانِ خدا کی یاد تازہ کرتے ہیں جنہوں نے کفر وشرک کے خلاف جنگ لڑی)۔

ہارونِ یحیٰی کی دیگر تصانیف میں''یہودیت اور فری میسنری''۔''فری میسنری اور سرمایہ داری'' ''ابلیس کا مذہب: فری میسنری''۔''یہوداہ کے بیٹے اور فری میسنز''۔''نیا میسنی نظام''''بوسنیا میں خفیہ ہاتھ''۔''مکمل تباہی کا جھانسہ''۔''دہشت گردی کے واقعات کے پیچھے''۔ ''اسرائیل......ایک کردی پتا''۔''ترکی کے لئے قومی حکمت عملی''۔''تباہ شدہ اقوام''۔''عقل والوں کے لئے''۔''خلیہ۔ایک نشانی''۔''نظام مامونیت۔ایک نشانی''۔''انسانی آنکھ۔ایک نشانی''۔''مکڑی۔ایک نشانی''۔''مچھر۔ایک نشانی''۔''چیونٹی۔ایک نشانی''۔''حیات دنیا کی حقیقت''۔

مصنف نے کچھ کتابچے بھی لکھے جن کے نام یہ ہیں:

''رازہائے ایٹم''۔''نظریۂ اِرتقاء کی موت''۔''حقیقت تخلیق''۔''مادے کی موت''۔''اِرتقاء پسندوں کی فاش غلطیاں اوّل''۔''اِرتقاء پسندوں کی فاش غلطیاں دوئم''۔''اِرتقاء کی خورد حیاتیاتی موت''۔''نظریۂ اِرتقاء کی موت بیس سوالات میں''۔''ڈاروِنیت: تاریخ حیاتیات میں سب سے بڑا فریب''۔

مصنف کے دیگر تصنیفی کام کے قرآنی موضوعات درج ذیل ہیں:

''سچائی کے بارے میں جو کبھی سوچا گیا''۔''اللہ کے لئے وقف''۔''جہالت کے معاشرے سے ترک تعلق''۔''جنت''۔''نظریۂ اِرتقاء''۔''قرآن اور اخلاق حسنہ پر مبنی اقدار''۔''قرآنی علم''۔''قرآن کا اشاریہ''۔''اللہ کی خاطر ہجرت''۔''قرآن اور منافقین کا کردار''۔''منافقین کے راز''۔''اللہ کی صفات''۔ ''قرآن میں پیغام کی ترسیل اور اس پر حجت''۔''قرآن کے اساسی نظریات''۔''قرآن کی روشنی میں جوابات''۔''حیات بعد از ممات اور جہنم''۔''پیغمبروں کی جدوجہد''۔''انسان کا کھلا دشمن: ابلیس''۔''بت پرستی''۔ ''جاہل کا مذہب''۔''ابلیس کا غرور وتکبر''۔''قرآن اور نماز''۔''قرآن اور انسان کا باطن''۔ ''یوم حشر''۔''مت بھولئے''۔''قرآن کے فیصلے جو نظر انداز کیے گئے''۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

جو تتلیوں کے پروں پر بھی پھول کاڑھتا ہے
یہ لوگ کہتے ہیں اس کی کوئی نشانی نہیں

عہدِ موجود خواب اور خبر کی یکجائی کا بلکہ صحیح تر معنوں میں انسان کی بے خبری کے اعتراف کا دور ہے۔ بیسویں صدی اور بالخصوص اس کے آخری ربع میں انسان کی تیز رفتار علمی پیش قدمی اور وسیع ہوتی ہوئی معلومات نے انسان کی لاعلمی کو مزید اجاگر کر دیا ہے۔ گزرتا ہوا ہر پل ان کڑیوں کو باہم مربوط کر رہا ہے جو ایک عظیم ڈیزائنر اور لازوال خالق کی نشان دہی کرتی ہیں۔ ایک عظیم معمّے (JIGSAW PUZZLE) کی طرح معلومات کے ٹکڑے اس تصویر میں اپنی اپنی جگہ تیزی سے بیٹھ رہے ہیں جو خاک کے حقیر ترین ذرّے کے باطن سے لے کر کہکشاؤں کے پیچیدہ نظام تک کو محیط ہے۔ جدید ترین سائنسی اکتشافات و ایجادات ہر آن خالق کائنات کی نشانیوں کو انسان کے سامنے پیش کر رہی ہیں۔ کھلتی ہوئی ہر پرت اور اترتا ہوا ہر غلاف اس بات کا اعلان کرتا ہے کہ یہ بے مثال نظام اس سے کہیں عمیق اور کہیں پیچیدہ ہے جتنا انسان ابتدا سے سمجھتا تھا۔ اس حیرت سرا میں کھلنے والا ہر دروازہ ایک نئے جہان کی خبر دیتا ہے اور اس اعتراف کے بنا کوئی چارہ نہیں کہ انسان ابھی اس جہان کی صرف دہلیز پر کھڑا ہے۔

" تباہ شدہ اقوام " **(PERISHED NATIONS)** اسی حیرت سرا کی طرف کھلنے والا ایک دریچہ ہے۔ اپنے موضوع پر یہ انتہائی خوبصورت اور بے مثل کتاب ہمارے ادارے سے شائع ہونے والی ہارون یحیٰی کی ساتویں کتاب ہے۔ اردو زبان میں ان موضوعات پر جو کام اب تک ہوا تھا وہ یا تو ان حضرات کی تحریروں پر مبنی تھا جو سائنسی علوم سے براہ راست استفادہ نہیں کر سکتے تھے یا سائنس کے ان معتقدات پر مشتمل تھا جنہیں خود سائنس چھوڑ کر یا ان کی بنیاد پر عمارت استوار



Marfat.com

کر کے آگے بڑھ چکی ہے۔ ایسے میں ہارون یحییٰ کی یہ تصانیف اسلامی کتب کی دنیا میں ایسا وقیع اضافہ ہیں جن کی مثال کم از کم اردو ذخیرے میں دستیاب نہیں ہے۔ ان کتب کی خصوصیات میں مصنف کا مضبوط عقیدہ، طریقہء استدلال، جدید ترین علوم تک رسائی اور پر تاثیر اندازِ بیان وہ عناصر ہیں جنہوں نے ان کتب کو غیر معمولی حیثیت دے دی ہے۔

ہمیں خوشی ہے کہ مصنف کی جانب سے خصوصی اجازت کے بعد ہمیں ان کتب کے اردو، انگریزی ایڈیشن پاکستان میں طبع کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ ہماری بھرپور کوشش رہی ہے کہ یہ کتب بین الاقوامی معیار طباعت پر شائع کی جا سکیں اور الحمدللہ ترجمے، کاغذ، طباعت اور جلد بندی کے شعبوں میں یہ کاوش نمایاں طور پر کامیاب نظر آتی ہے۔ یہ معیار اسلامی کتب میں پہلی بار حاصل کیا گیا ہے اور ہمیں اس میدان میں اوّلیت کا شرف حاصل کرنے کی بے حد مسرت ہے۔ ان کتب میں جدید طرزِ تفہیم اور موضوع کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مصنف نے جابجا تصویروں، نقشوں اور خاکوں کے ذریعے بات واضح کی ہے۔ یہ انداز یقیناً موضوع تک کامل رسائی میں مفید اور مددگار ہوتا ہے۔ ان تصاویر وغیرہ میں سے جو بے جان اشیاء پر مشتمل ہیں، ان سب کو موجودہ اردو ایڈیشن میں برقرار رکھا گیا ہے۔ دیگر تصاویر وغیرہ کے بارے میں کئی ایک صاحب الرّائے حضرات سے متعدّد بار مشوروں کے بعد یہ صورت اختیار کی گئی ہے کہ جو تصاویر ناگزیر نہیں تھیں (مثلاً سائنس دانوں کی تصاویر) انہیں شامل نہیں کیا گیا اور جن تصاویر کے بارے میں یہ محسوس ہوا کہ ان کی عدم موجودگی میں کتاب کی افادیت متاثر ہوگی اور بات سمجھنے میں مشکل پیش آئے گی انہیں شامل رکھا گیا۔ چونکہ اس کا مقصد صرف حقائق کو درست طور پر سمجھنا اور سمجھانا ہے اس لئے امید ہے کہ اسے اسی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے گا۔

ہماری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مصنف، مترجم اور ناشرین کی اس کوشش کو قبول اور مقبول فرمائے اور اس میں موجود کوتاہیوں سے درگزر فرمائے۔ آمین

ناشرین

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| ✸ | پیش لفظ | 9 |
| ✸ | تعارف | 12 |
| باب اوّل | طوفانِ نوح علیہ السلام | 18 |
| باب دوم | حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالاتِ زندگی | 48 |
| باب سوم | قومِ لوط علیہ السلام کے حالات | 56 |
| باب چہارم | قومِ عاد اور شہر عبار | 82 |
| باب پنجم | قومِ ثمود کے حالات | 101 |
| باب ششم | غرقاب ہونے والے فرعون کا تذکرہ | 114 |
| باب ہفتم | اہلِ سبا اور سیلابِ عرم | 140 |
| باب ہشتم | حضرت سلیمان علیہ السلام اور ملکۂ سبا | 151 |
| باب نہم | اصحابِ کہف | 160 |
| ✸ | حاصلِ کلام | 172 |
| ✸ | کتابیات وحوالہ جات | 176 |





Marfat.com

# پیش لفظ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ذٰلِکَ مِنۡ اَنۡۢبَآءِ الۡقُرٰی نَقُصُّہٗ عَلَیۡکَ مِنۡہَا قَآئِمٌ وَّ حَصِیۡدٌ ○ وَ مَا ظَلَمۡنٰہُمۡ وَ لٰکِنۡ ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ فَمَاۤ اَغۡنَتۡ عَنۡہُمۡ اٰلِہَتُہُمُ الَّتِیۡ یَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ مِنۡ شَیۡءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمۡرُ رَبِّکَ ؕ وَ مَا زَادُوۡہُمۡ غَیۡرَ تَتۡبِیۡبٍ ○

(ہود۔۱۰۰-۱۰۱)

''یہ ان بستیوں کے کچھ حالات ہیں جو ہم آپ سے بیان کرتے ہیں۔ بعض ان میں سے اب تک موجود ہیں اور بعض نیست و نابود ہو گئیں۔ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ انہوں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا۔ پس (اے رسولؐ) جب آپ کے رب کا حکم آ پہنچا تو جن معبودوں کو وہ اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے وہ ان کے کچھ کام نہ آئے اور سوائے ہلاک کرنے کے ان کے حق میں کچھ نہ کر سکے''۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو تخلیق فرمایا اور اسے روحانی و جسمانی ہیئت عطا کی۔ اسے زندگی گزارنے کا طریقہ سکھایا اور پھر موت کے بعد ایک دن وہ اسے اپنے حضور حاضر کرے گا۔ خالق ہوتے ہوئے انسان کے مقصد تخلیق کا تعین بھی وہی کر سکتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

اَلَا یَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ ؕ وَ ہُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ ○ (الملک۔۱۴)

''بھلا جس نے پیدا کیا، کیا وہ نہ جانے گا؟ اور وہ تو بڑا باریک بین اور بڑا باخبر ہے''۔

یعنی وہی اسے جانتا اور پہچانتا ہے، اسے تربیت دیتا ہے اور اس کی ضروریات پوری کرتا ہے۔ سو انسان کی زندگی کا واحد اور حقیقی مقصد یہی ہو سکتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے، اس کے سامنے اپنے عجز و بندگی کا اظہار کرے اور اس کی عبادت کرے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لیے اللہ کا حقیقی پیغام و وحی جو اس کے فرستادہ رسولوں کے ذریعے پہنچا، انسان کی رہنمائی کا بنیادی اور اساسی ذریعہ ہے۔ قرآن حکیم اللہ کی آخری کتاب اور غیر متبدل وحی ہے۔

اسی وجہ سے ہم قرآن حکیم کو اپنا حقیقی رہنما تسلیم کرنے اور اس کے احکامات کے مطابق تقویٰ اختیار کرنے کے پابند ہیں تا اس کی پیروی ہی دنیا و آخرت میں ہماری نجات کا ذریعہ ہے۔ اس امر کی ضرورت ہے کہ ہم قرآن حکیم کے بیان کردہ حقائق میں غور و فکر کریں۔ اللہ تعالیٰ نے بھی قرآن حکیم کے نزول کا مقصد یہی بیان کیا ہے کہ انسان تدبر و تفکر کی راہ اختیار کرے:

هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ۝ (ابراہیم۔۵۲)

''یہ لوگوں کے لیے پیغام ہے۔ اور تاکہ اس کے ذریعے وہ ڈرائے جائیں۔ اور تاکہ وہ جان لیں کہ وہی ایک معبود ہے اور تاکہ عقل والے اس سے نصیحت حاصل کریں''۔

قرآن حکیم کا بڑا حصہ امم سابقہ کے احوال و بیان پر مشتمل ہے جو یقیناً غور و فکر کا متقاضی ہے۔ ان قوموں سے اکثر نے اللہ کے بھیجے ہوئے پیغمبروں کی دعوت کو مسترد کر دیا اور ان کے ساتھ بغض و عناد اختیار کیا۔ ان کی اسی سرکشی کے باعث ان پر اللہ کا غضب نازل ہوا اور وہ صفحۂ ہستی سے حرفِ غلط کی طرح مٹا دی گئیں۔

قرآن حکیم گزشتہ اقوام کی تباہی کی ان مثالوں کو بعد میں آنے والوں کے لیے عبرت قرار دیتا ہے۔ مثلاً احکام الٰہی سے بغاوت کرنے والے یہودیوں کے گروہ کو دی جانے والی سزا کا تذکرہ کرنے کے بعد ارشاد ہوتا ہے:

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ۝
(البقرہ۔٦٦)

''سو ہم نے اس واقعہ کو ان کے ہم عصروں کے لیے اور جو بعد میں آنے والے تھے ان کے لیے باعث عبرت بنا دیا اور اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے نصیحت بنا دیا''۔

اس کتاب میں احکامِ الٰہی سے انحراف کے سبب ہلاک ہونے والے چند معاشروں کا تذکرہ کیا جائے گا۔ ہمارا مقصود ایسے تمام واقعات کو نمایاں کرنا ہے جو اپنے دور کے لیے بھی ایک مثال تھے اور ہمارے لیے بھی سامانِ عبرت۔

سابقہ اقوام کی تباہی کے حالات پر غور و فکر کا دوسرا مقصد آیاتِ قرآنی کے آثار کو خارجی دنیا میں تلاش کرنا اور قرآنِ حکیم کی حقانیت کو بیان کرنا ہے۔ قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ اپنی آیات کے



Marfat.com

خارجی دنیا میں قابل مشاہدہ ہونے کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے:

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيكُمْ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ○ (النمل-۹۳)

''اور آپ فرما دیجیے! تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے۔ وہ جلد ہی تم کو اپنی نشانیاں دکھائے گا تو تم ان کو پہچان لو گے اور تمہارا رب ان کاموں سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو''۔

گویا ان نشانیوں کو جاننا اور پہچان لینا پختگیٔ ایمان کا ذریعہ ہے۔

آج کے دور میں ماہرین آثارِ قدیمہ کی تحقیقات اور دریافتوں کے نتیجے میں قرآنِ حکیم میں بیان کردہ سابقہ اقوام کی تباہی کے حالات قابل مشاہدہ ہو چکے ہیں۔ زیر نظر تصنیف میں ہم اسی نوعیت کے کچھ آثار کا مطالعہ کریں گے (یہ امر واضح رہے کہ قرآنِ حکیم میں بیان کردہ کچھ اقوام کو اس کتاب میں شامل نہیں کیا گیا کیونکہ قرآن حکیم نے ان کا زمانی و مکانی تعین نہیں کیا بلکہ صرف ان کے باغیانہ طرزِ عمل، احکامِ الٰہیہ اور اس کے رسولوں کے سلسلے میں سرکشی کو بیان کرتے ہوئے ان کے تذکرے سے عبرت و نصیحت اخذ کرنے کی تعلیم دی ہے)۔

ہمارا مقصد عصری تحقیقات کی روشنی میں قرآنی حقائق کی وضاحت کرنا ہے تاکہ اللہ کے پیغام کی حقانیت اہل ایمان اور اغیار ہر دو پر واضح ہو جائے۔



Marfat.com

# گزشتہ اقوام

اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ لا وَقَوْمِ اِبْرَاهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ط اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ج فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ o (التوبہ۔۷۰)

''کیا ان کو لوگوں کی خبر نہ پہنچی جو ان سے قبل تھے۔ (مثلاً) نوح اور عاد اور ثمود کی قوم، ابراہیم کی قوم اور مدین والوں کی اور ان لوگوں کی جن کی بستیاں تہ و بالا کر دی گئیں۔ ان کے پاس (بھی) ان کے رسول اللہ کے کھلے ہوئے احکام لے کر پہنچے تھے۔ پس اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا دراصل وہ اپنے پر خود ہی ظلم کر رہے تھے (یعنی ایسے کام کرتے تھے کہ ان کا نتیجہ ان کی تباہی کی صورت میں نکلا)''۔

اللہ کا پیغام ہدایت انسان کی تخلیق کے ساتھ ہی اس کے رسولوں کے ذریعے انسان تک پہنچا دیا گیا۔ کچھ معاشروں نے اس پیغام کو قبول کیا اور کچھ نے اسے مسترد کر دیا۔ بعض اوقات لوگوں کی ایک اقلیت نے ہی پیغمبر کے دیے گئے پیغامِ ہدایت کی پیروی کی مگر اکثریت نے پیغام کو سننے کے باوجود قبول نہ کیا۔ انہوں نے نہ صرف انبیاء علیہم السلام کے دیے گئے پیغامِ ہدایت کو رد کیا بلکہ انہیں اور ان کی پیروی کرنے والوں کو اذیتیں دیں۔ انبیاءِ کرام علیہم السلام پر عموماً کذب و افتراء، جادوگری، پاگل پن اور خودنمائی کے جھوٹے و گھٹیا الزام لگائے گئے اور ان باغیوں کے بڑوں نے اکثر انبیاءِ کرام علیہم السلام کو قتل بھی کر دیا۔

انبیاءِ کرام علیہم السلام ان اقوام سے صرف اطاعتِ الٰہی کا مطالبہ کرتے تھے۔ وہ ان سے کسی مال و دولت یا دنیاوی نفع کے طلب گار نہ تھے نہ ہی وہ لوگوں پر جبر کرتے تھے۔ بلکہ وہ تو انہیں صرف سچائی کے مذہب کی طرف آنے اور پیغام ربانی کی اطاعت کرتے ہوئے معاشرے کی گمراہ کن روش



Marfat.com

سے ہٹ کر زندگی گزارنے کی دعوت دیتے تھے۔

ان اقوام میں انبیاءِ کرام علیہم السلام و معاشرے کے اس باہمی تعلق کی وضاحت حضرت شعیب علیہ السلام اور مدین کے لوگوں کے تذکرے سے ہوتی ہے جب حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو ظلم و ناانصافی ترک کرنے کی تعلیم دی اور اللہ پر ایمان لانے کو کہا تو اس پر ان کی قوم کے ردعمل کو قرآنِ حکیم یوں بیان کرتا ہے:

وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاھُمْ شُعَیْبًا ط قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰہَ مَالَکُمْ مِّنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ ط وَلَا تَنْقُصُوا الْمِکْیَالَ وَالْمِیْزَانَ اِنِّیْٓ اَرٰکُمْ بِخَیْرٍ وَّاِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ عَذَابَ یَوْمٍ مُّحِیْطٍ o وَیٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِکْیَالَ وَالْمِیْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْیَآءَھُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ o بَقِیَّتُ اللّٰہِ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ج وَمَآ اَنَا عَلَیْکُمْ بِحَفِیْظٍ o قَالُوْا یٰشُعَیْبُ اَصَلٰوتُکَ تَاْمُرُکَ اَنْ نَّتْرُکَ مَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِیْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ط اِنَّکَ لَاَنْتَ الْحَلِیْمُ الرَّشِیْدُ o قَالَ یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ اِنْ کُنْتُ عَلٰی بَیِّنَۃٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَرَزَقَنِیْ مِنْہُ رِزْقًا حَسَنًا ط وَمَآ اُرِیْدُ اَنْ اُخَالِفَکُمْ اِلٰی مَآ اَنْھٰکُمْ عَنْہُ ط اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ط وَمَا تَوْفِیْقِیْٓ اِلَّا بِاللّٰہِ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ o وَیٰقَوْمِ لَا یَجْرِمَنَّکُمْ شِقَاقِیْٓ اَنْ یُّصِیْبَکُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ ھُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ط وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْکُمْ بِبَعِیْدٍ o وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْہِ ط اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ o قَالُوْا یٰشُعَیْبُ مَا نَفْقَہُ کَثِیْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰکَ فِیْنَا ضَعِیْفًا ج وَلَوْلَا رَھْطُکَ لَرَجَمْنٰکَ ز وَمَآ اَنْتَ عَلَیْنَا بِعَزِیْزٍ o قَالَ یٰقَوْمِ اَرَھْطِیْٓ اَعَزُّ عَلَیْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ ط وَاتَّخَذْتُمُوْہُ وَرَآءَکُمْ ظِھْرِیًّا ط اِنَّ رَبِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِیْطٌ o وَیٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰی مَکَانَتِکُمْ اِنِّیْ عَامِلٌ ط سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لا مَنْ یَّاْتِیْہِ عَذَابٌ یُّخْزِیْہِ وَمَنْ ھُوَ کَاذِبٌ ط وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّیْ مَعَکُمْ رَقِیْبٌ o وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا شُعَیْبًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَہٗ بِرَحْمَۃٍ مِّنَّا ج وَاَخَذَتِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوا الصَّیْحَۃُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دِیَارِھِمْ جٰثِمِیْنَ o کَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْھَا ط اَلَا بُعْدًا لِّمَدْیَنَ کَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ o (ہود۔۸۴-۹۵)

''اور (اہل) مدین کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیب کو بھیجا۔ انہوں نے کہا اے میری قوم اللہ ہی کی عبادت کرو اور اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ اور ناپ اور تول میں کمی نہ کیا کرو۔ میں تم کو آسودہ حال دیکھتا ہوں اور مجھے تم پر ایک گھیر لینے والے دن کے عذاب (کے مسلط ہونے) کا ڈر ہے۔

اور اے میری قوم! ناپ تول انصاف کے ساتھ پورا پورا کیا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم تول کر نہ دیا کرو۔ اور زمین پر فساد مت پھیلاتے پھرو۔ جو اللہ کا دیا تمہارے لیے بچ رہے وہ تمہارے حق میں کہیں بہتر ہے اگر تم کو یقین ہے۔ اور میں تم پر نگران نہیں ہوں۔

وہ بولے اے شعیب! کیا تمہاری نماز تم کو یہ سکھاتی ہے کہ ہم ان کی پرستش چھوڑ دیں جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آتے ہیں یا یہ کہ ہم اپنے مال میں جس طرح چاہیں تصرف نہ کریں تم تو بڑے باوقار، نیک چلن (رہ گئے) ہو۔

کہا اے میری قوم! دیکھو تو اگر اللہ کی طرف سے میں ایک دلیل روشن پر قائم ہوں اور اس نے مجھ کو اپنے ہاں سے نیک روزی عطا فرمائی ہے اور میں یہ نہیں چاہتا کہ جو کام تم سے چھڑاؤں وہ بعد کو خود کرنے لگوں۔ میں تو جہاں تک مجھ سے ہو سکے تمہاری اصلاح چاہتا ہوں۔ میرا کامیاب ہونا تو بس اللہ ہی (کے فضل و کرم) سے ہے۔ میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

اور اے میری قوم! میری مخالفت تم کو نافرمانیوں پر برانگیختہ نہ کرے کہ تم پر بھی ویسی ہی مصیبت نازل ہو جیسی قومِ نوح یا قومِ ہود یا قومِ صالح پر نازل ہوئی اور لوط کی قوم (کا زمانہ) تو تم سے کچھ بہت دور بھی نہیں۔

اور اپنے رب سے اپنے گناہوں کی بخشش چاہو پھر اس کی طرف رجوع کرو۔ بے شک میرا رب بڑا بخشنے والا (اور) محبت کرنے والا ہے۔

وہ کہنے لگے اے شعیب! جو باتیں تم کہتے ہو ان میں اکثر ہماری سمجھ میں نہیں آتیں۔ اور ہم تم کو اپنے لوگوں میں ایک کمزور (اور بے بس انسان) پاتے ہیں۔ اور اگر تمہارے بھائی بند نہ ہوتے تو ہم تم کو سنگسار کر چکے ہوتے۔ اور ہماری نگاہ میں (خود) تمہاری کوئی عزت نہیں۔

انہوں نے فرمایا اے میری قوم! کیا میرے کنبہ کا دباؤ تم پر اللہ سے زیادہ ہے اور اس (اللہ)



Marfat.com

کو تم نے پس پشت ڈال رکھا ہے۔ بے شک میرے رب کے علم میں ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔

اور اے میری قوم کے لوگو! تم اپنی جگہ کام کرتے جاؤ میں اپنی جگہ کام کیے جاتا ہوں۔ تم کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ رسوا کن عذاب کس پر آتا ہے اور جھوٹا کون ہے؟ اور تم بھی انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔

اور جب ہمارا حکم (عذاب) آ پہنچا تو ہم نے شعیب کو اور ان کے ساتھی جو ایمان لائے تھے ان کو اپنی رحمت سے بچا لیا۔ اور جن لوگوں نے ظلم کیا تھا ان کو ایک زور کے کڑاکے نے آلیا۔ پس وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

گویا وہ کبھی وہاں آباد ہی نہ ہوئے تھے۔ سن لو کہ مدین (والوں) پر اللہ کی پھٹکار ہے جیسے کہ (قوم) ثمود پر پھٹکار تھی''۔

حضرت شعیب علیہ السلام کی نیکی کی دعوت کے جواب میں جب آپ کی قوم نے آپ کو سنگسار کرنا چاہا تو اہل مدین پر اللہ کا غضب اترا اور وہ متذکرہ بالا آیات کے مطابق تباہ کر دیے گئے۔ اس حقیقت کی واحد مثال اہل مدین ہی نہیں ہیں بلکہ جب حضرت شعیب علیہ السلام انہیں دعوت الی الحق دے رہے تھے تو آپ نے ان کے سامنے گزشتہ کئی اقوام کے احوال بھی بیان کیے جو اس گمراہی کے سبب تباہ ہو گئیں۔ اسی طرح اہل مدین کے بعد بھی کئی اقوام اپنی گمراہی و سرکشی کے سبب غضب الٰہی کا شکار ہوئیں۔

آنے والے صفحات میں ہم انہیں تباہ ہونے والی اقوام اور ان کے آثار کا تذکرہ کریں گے۔ قرآنِ حکیم میں ان اقوام کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہے۔ ان پر غور کرنے اور ان سے نصیحت لینے کا درس دیا گیا ہے کہ یہ اقوام کیوں تباہی سے دوچار ہوئیں۔ اس موقع پر قرآنِ حکیم اس طرف خصوصی طور پر اشارہ کرتا ہے کہ تباہی سے دوچار ہونے والی اقوام نے بھی اعلیٰ تہذیبیں قائم کر لی تھیں۔ قرآنِ حکیم نے ان اقوام کے اعلیٰ تہذیبی معیار کا تذکرہ یوں کیا ہے:

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِى الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ۝ (ق۔۳۶)

''اور ان سے قبل ہم کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر چکے ہیں جو قوت میں ان سے کہیں زیادہ تھیں (لیکن جب ہمارا عذاب آیا) لگے شہروں کو چھاننے کہ کہیں بھاگنے کی جگہ ہے؟''



Marfat.com

اس آیہ مبارکہ میں تباہ ہونے والی اقوام کی دو خصوصیات کا بطور خاص تذکرہ کیا گیا ہے:

پہلا یہ کہ وہ بہت طاقتور اقوام تھیں اس کا مفہوم یہ ہے کہ انہوں نے ایک طاقتور اور منظّم فوجی وانتظامی ڈھانچہ قائم کرلیا تھا اور اس کے بل بوتے پر خطے میں تسلط حاصل کرلیا تھا۔ دوسرا یہ کہ انہوں نے مخصوص فن تعمیر کے حامل بڑے بڑے شہر بنا لیے تھے۔

یہ امر قابل غور ہے کہ یہ دونوں خصوصیات آج کی تہذیب سے بھی تعلق رکھتی ہیں، جس نے سائنس وٹیکنالوجی کے ذریعے وسیع عالمی تہذیب، مرکزی ریاستی نظام اور بڑے بڑے شہر بنا لیے مگر یہ فراموش کرتے ہوئے کہ سب کچھ اللہ کے اقتدار اعلیٰ سے ہی ممکن ہے۔ قرآن حکیم اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ اللہ کا انکار کرنے والی اقوام کو ان کی قائم کردہ بڑی اور مضبوط تہذیبیں نہ بچا سکیں یعنی اللہ کے انکار اور سرکشی سے عبارت آج کی تہذیب کا انجام بھی گزشتہ اقوام سے کچھ مختلف نہ ہوگا۔

قرآن حکیم میں بیان کردہ تباہی کے اکثر واقعات کی تصدیق عہدِ حاضر کی آثارِ قدیمہ کی تحقیقات نے کردی ہے۔ قرآنی واقعات کی تصدیق کرنے والی یہ دریافتیں قرآن کے بیان کردہ تذکروں سے عبرت خیزی کا تقاضا کرتی ہیں۔ قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں زمین میں سفر کرنے اور گزشتہ اقوام کے اعمالِ بد کے انجام کا مشاہدہ کرنے کی تعلیم دی ہے:

وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوۡحِیۡۤ اِلَیۡهِمۡ مِّنۡ اَهۡلِ الۡقُرٰی ؕ اَفَلَمۡ یَسِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ فَیَنۡظُرُوۡا كَیۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ وَلَدَارُ الۡاٰخِرَةِ خَیۡرٌ لِّلَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ○ حَتّٰۤی اِذَا اسۡتَیۡـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ قَدۡ كُذِبُوۡا جَآءَهُمۡ نَصۡرُنَا ۙ فَنُجِّیَ مَنۡ نَّشَآءُ ؕ وَلَا یُرَدُّ بَاۡسُنَا عَنِ الۡقَوۡمِ الۡمُجۡرِمِیۡنَ ○ لَقَدۡ كَانَ فِیۡ قَصَصِهِمۡ عِبۡرَةٌ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِیۡثًا یُّفۡتَرٰی وَلٰكِنۡ تَصۡدِیۡقَ الَّذِیۡ بَیۡنَ یَدَیۡهِ وَتَفۡصِیۡلَ كُلِّ شَیۡءٍ وَّهُدًی وَّرَحۡمَةً لِّقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ○ (یوسف۔۱۰۹-۱۱۱)

''اور (اے رسول ﷺ) آپ سے قبل ہم نے بستیوں کے رہنے والوں میں سے مرد ہی (نبی چن کر) بھیجے تھے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے۔ کیا یہ لوگ زمین میں گھومے پھرے نہیں کہ ان لوگوں کا انجام دیکھ لیتے جو ان سے پہلے تھے اور آخرت کا گھر ان کے لیے بہتر ہے جو اللہ کے فرمان بجالاتے ہیں۔ کیا تم نہیں سمجھتے۔



Marfat.com

یہاں تک کہ جب رسول ناامید ہونے لگے اور مشرکین گمان کرنے لگے کہ (نبیوں کا وعدہ) صحیح نہ نکلا، ان کے پاس ہماری مدد آ پہنچی۔ پھر جن کو ہم نے عذاب سے بچانا چاہا بچا لیا اور گناہگاروں سے ہمارا عذاب پھرا نہیں کرتا۔

بے شک ان کے حالات میں سمجھ بوجھ والوں کے لیے عبرت ہے اور یہ قرآن کوئی بنائی ہوئی بات تو ہے نہیں بلکہ تمام پہلی صداقتوں کی تصدیق کرنے والا اور ہر (ضروری) بات کو کھول کر بیان کرنے والا ہے اور ایمان والوں کے لیے تو ہدایت و رحمت ہے''۔

بے شک اہلِ بصیرت کے لیے گزشتہ اقوام کے تذکرے میں نصیحت ہے۔ اللہ کے احکام کو مسترد کرنے اور سرکشی و بغاوت کی راہ اختیار کرنے پر تباہی سے دوچار ہونے والی اقوام اس امر کی واضح مثال ہیں کہ اللہ کے سامنے انسان کتنا عاجز و بے بس ہے۔ اب ہم قرآن حکیم کی ان مثالوں کا تاریخی ترتیب سے ذکر کریں گے۔



Marfat.com

# طوفانِ نوح علیہ السلام

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِیْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِیْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○ (العنکبوت۔۱۴)

''اور بے شک ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا۔ پھر وہ ان میں پچاس سال کم ایک ہزار سال رہے۔ (مگر ان کی قوم انہیں جھٹلاتی رہی) بالآخران کو طوفان نے آ پکڑا اس لیے کہ وہ ظالم تھے''۔

کم وبیش دنیا کی تمام تہذیبوں میں مذکور طوفانِ نوح کا تذکرہ قرآن حکیم نے بھی کثرت سے کیا ہے۔ قومِ نوح کی اپنے پیغمبر کی نصیحت سے سرکشی، ان کا ردعمل اور پھر اس کے نتیجے میں طوفان کا وقوع پذیر ہونا، یہ سب واقعات قرآن حکیم میں مختلف مقامات پر بیان کیے گئے ہیں۔

حضرت نوح علیہ السلام کو ان کی قوم کی طرف، جو کہ اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہوئے گمراہی اور شرک میں مبتلا ہو چکی تھی، مبعوث کیا گیا کہ وہ ان تک پیغامِ حق پہنچائیں۔ حضرت نوح علیہ السلام کی مسلسل تبلیغ اور اللہ کے غضب وگرفت سے ڈرانے کے باوجود ان کی قوم شرک پر مصر رہی۔ سورۃ المومنون میں اس تفصیل کو یوں بیان کیا گیا ہے:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ○ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ یُرِیْدُ اَنْ یَّتَفَضَّلَ عَلَیْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِیْنَ ○ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌ ۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰی حِیْنٍ ○ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ○ (المومنون۔۲۳-۲۶)

''اور بے شک ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا، تو انہوں نے ان سے کہا اے میری

قوم تم اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، کیا تم کو خوف نہیں؟

پس ان کی قوم کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے کہ (لوگو!) یہ تمہارے جیسا ایک انسان ہی تو ہے جو تم پر برتری حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اور اللہ اگر (نبی ہی بھیجنا) چاہتا تو کوئی فرشتہ اتارتا۔ ہم نے تو اپنے پہلے باپ دادوں سے یہ نہیں سنا۔

یہ تو بس ایک دیوانہ آدمی ہے پس کچھ مدت تک اس کا انتظار کرتے رہو۔

(نوح علیہ السلام نے) عرض کی اے میرے رب! تو میری مدد فرما کہ انہوں نے میری تکذیب کی"۔

جیسا کہ ان آیات میں بیان کیا گیا ہے، قومِ نوح کے سرداروں نے حضرت نوح علیہ السلام پر الزام لگایا کہ وہ ذاتی مفادات، عزت و مرتبہ، قیادت اور دولت حاصل کر کے ان پر برتری حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ان سرداروں نے وقتی طور پر حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ گزارہ کرتے ہوئے انہیں دباؤ میں رکھنے کا فیصلہ کیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو بتایا کہ یہ سرکش لوگ، جنہوں نے دعوت ایمان کو مسترد کیا اور سرکشی اختیار کی جلد ہی ڈبو کر ہلاک کر دیے جائیں گے اور اہل ایمان کو نجات عطا کی جائے گی۔

آخر کار جب تباہی کا وقت آیا، زمین سے پانی کے چشمے ابل پڑے اور ساتھ ہی شدید بارش شروع ہو گئی جو ایک عظیم طوفان میں بدل گئی، اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کو ہر نوع کے نر و مادہ جوڑے اور اپنے خاندان کو سوا ان کے جن کی تباہی کا فیصلہ ہو چکا تھا کشتی پر لے جانے کا حکم دیا۔ زمین پر موجود سب لوگ تباہ کر دیے گئے حتیٰ کہ حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا بھی، جس نے یہ سوچا تھا کہ قریبی پہاڑ پر چڑھ کر اپنی جان بچا لے گا۔ حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ کشتی پر موجود لوگوں کے علاوہ سب ڈوب گئے۔ جب سیلاب ختم ہونے پر پانی اترا تو کشتیٔ نوح کوہِ جودی پر آ کر رک گئی جو قرآن حکیم کے مطابق ایک بلند جگہ تھی۔

آثارِ قدیمہ، ارضیات اور تاریخ کے شواہد بتاتے ہیں کہ یہ واقعہ قرآن حکیم کی بیان کردہ تفصیل کے مطابق ہی پیش آیا۔ کئی گزشتہ تہذیبوں کے ریکارڈ اور تاریخی دستاویزات میں بھی اس سیلاب کا تذکرہ کیا گیا ہے اگرچہ اس کی خصوصیات اور جگہوں کے نام میں اختلاف ہے مگر گمراہ لوگوں کے اس انجام کو ہم عصر لوگوں کے سامنے بطورِ عبرت بیان کیا گیا ہے۔

عہد نامۂ قدیم اور جدید کے علاوہ طوفانِ نوح علیہ السلام کی تفصیلات اسی طرز پر سمیری اور آشوری و

بابل کی تاریخ، یونانی کہانیوں، ہندوستان کی شتاپتا، براہمہ اور مہا بھارتہ رزمیوں، برطانوی جزائر کی ویلز کی کہانیوں، نارڈک ریڈا، لیتھولیائی داستانوں اور چین کی کہانیوں میں بھی ملتی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ جغرافیائی اور تہذیبی لحاظ سے فاصلوں پر واقع ان دور دراز خطوں میں، جو طوفان کی جائے وقوع سے بھی دور واقع ہیں، اتنی مفصل اور مستند تفصیلات کس طرح موجود ہو سکتی ہیں؟

اس سوال کا جواب بڑا واضح ہے۔ یہ حقیقت کہ بغیر ذرائع ابلاغ کی موجودگی کے مختلف اقوام کی تاریخ اور تحریروں میں طوفانِ نوح علیہ السلام کا تذکرہ ملتا ہے، اس امر کا ثبوت ہے کہ انہیں اس کی اطلاع الوہی ذریعے ہی سے ملی۔ تاریخ کے سب سے بڑے تباہ کن واقعہ یعنی طوفانِ نوح علیہ السلام کی اطلاع مختلف اقوام کو ان کی طرف آنے والے انبیاءِ کرام علیہم السلام نے دی۔ اس طرح طوفانِ نوح علیہ السلام کی خبر پوری دنیا کی اقوام میں پھیل گئی۔

اگرچہ طوفانِ نوح علیہ السلام کا تذکرہ مختلف اقوام، تہذیبوں اور مذاہب میں ملتا ہے مگر اس میں کئی جگہ تحریف کر دی گئی ہے جس سے یہ واقعہ اپنے اصل بیان سے ہٹ گیا کیونکہ اس میں بدنیتی یا غلط ابلاغ کے سبب بہت سی غلط تفصیلات در آئیں۔ تاہم تحقیق اس امر کو ثابت کرتی ہے کہ سیلاب کی ان تفصیلات کا واحد قابلِ اعتماد ماخذ قرآن حکیم ہے جس نے پوری ثقاہت سے اس واقعے کی تفصیلات بیان کی ہیں۔

## قرآن حکیم میں حضرت نوح علیہ السلام اور طوفان کا تذکرہ:

قرآن حکیم کی کئی آیات میں طوفانِ نوح علیہ السلام کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ ذیل میں واقعات کی ترتیب کے مطابق کچھ آیات بیان کی جاتی ہیں۔

## حضرت نوح علیہ السلام کی اپنی قوم کو دعوتِ حق:

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ط اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍO (اعراف۔۵۹)

”بے شک ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا۔ پس انہوں نے کہا اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو، اس کے سوا اور کوئی تمہارا معبود نہیں۔ میں ڈرتا ہوں کہ تم پر بڑے سخت دن کا عذاب نہ آ جائے“۔



Marfat.com

اِنِّیۡ لَکُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِیۡنٌ ○ فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَطِیۡعُوۡنِ ○ وَمَاۤ اَسۡئَلُکُمۡ عَلَیۡہِ مِنۡ اَجۡرٍ ۚ اِنۡ اَجۡرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ○ فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَطِیۡعُوۡنِ ○
(الشعراء۔۱۰۷-۱۱۰)

''بے شک میں تمہارے لیے (اللہ کا) ایک معتبر پیغام لانے والا ہوں۔ پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں تم سے اس کا کوئی صلہ نہیں مانگتا۔ میرا اجر تو سب جہانوں کے پروردگار کے ذمہ ہے پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو''۔

وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰی قَوۡمِہٖ فَقَالَ یٰقَوۡمِ اعۡبُدُوا اللّٰہَ مَا لَکُمۡ مِّنۡ اِلٰہٍ غَیۡرُہٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ○ (المؤمنون۔۲۳)

''اور بے شک ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا۔ تو انہوں نے ان سے کہا اے میری قوم تم اللہ ہی کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم کو خوف نہیں؟''

## حضرت نوح علیہ السلام کا اپنی قوم کو اللہ کی گرفت سے ڈرانا:

اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰی قَوۡمِہٖۤ اَنۡ اَنۡذِرۡ قَوۡمَکَ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ○ (نوح۔۱)

''ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تاکہ قبل اس کے کہ ان پر دردناک عذاب آئے آپ اپنی قوم کو (اس عذاب سے) ڈرائیں''۔

فَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۙ مَنۡ یَّاۡتِیۡہِ عَذَابٌ یُّخۡزِیۡہِ وَ یَحِلُّ عَلَیۡہِ عَذَابٌ مُّقِیۡمٌ ○ (ہود۔۳۹)

''پس تم عنقریب جان لوگے کہ رسوا کرنے والا عذاب کس پر آتا ہے اور (آخرت کا) دائمی عذاب کس پر نازل ہوتا ہے''۔

اَنۡ لَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّا اللّٰہَ ؕ اِنِّیۡۤ اَخَافُ عَلَیۡکُمۡ عَذَابَ یَوۡمٍ اَلِیۡمٍ ○
(ہود۔۲۶)

''کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ مجھے تم پر ایک دردناک دن کے عذاب کا ڈر ہے''



Marfat.com

## قومِ نوح علیہ السلام کا انکار:

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ O (اعراف۔۶۰)

''ان کی قوم کے سردار کہنے لگے کہ ہم تو تم کو کھلی گمراہی میں دیکھتے ہیں''۔

قَالُوْا یٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ O (ہود۔۳۲)

''وہ کہنے لگے اے نوح تم ہم سے جھگڑ چکے اور بہت جھگڑ چکے۔اب وہ چیز جس سے ہمیں ڈراتے ہو لے آؤ اگر تم سچے ہو''۔

وَیَصْنَعُ الْفُلْكَ قف وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَیْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ط قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ O (ہود۔۳۸)

''چنانچہ نوح نے کشتی بنانی شروع کر دی اور جب بھی ان کی قوم کے سرداران کے پاس سے گزرتے ان کا مذاق اڑاتے۔نوح نے کہا کہ اگر آج تم ہم پر ہنستے ہو تو عنقریب ہم تم پر ہنسیں گے جیسے تم ہنستے ہو''۔

فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ لا یُرِیْدُ اَنْ یَّتَفَضَّلَ عَلَیْكُمْ ط وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ج مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِیْنَ O اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِیْنٍ O
(المومنون۔ ۲۴-۲۵)

''پس ان کی قوم کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے کہ یہ تمہارے جیسا ایک انسان ہی تو ہے جو تم پر برتری حاصل کرنا چاہتا ہے اور اللہ اگر چاہتا تو کوئی فرشتہ اتارتا۔ہم نے تو اپنے پہلے باپ دادوں سے یہ نہیں سنا۔یہ تو بس ایک دیوانہ آدمی ہے۔پس کچھ مدت تک اس کا انتظار کرتے رہو''۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ O
(القمر۔۹)

''ان سے قبل نوح کی قوم نے تکذیب کی یعنی ہمارے بندے نوح کو جھٹلایا اور کہا کہ یہ دیوانہ ہے اور ان کو جھڑکا بھی گیا''۔

۲۹۱۱۵



Marfat.com

## قومِ نوح علیہ السلام کا اہل حق سے سلوک:

فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِیْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِیَ الرَّاْیِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلٍۭ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِیْنَ ○ (ہود۔۲۷)

''اس پر ان کی قوم کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے: ہم کو تو تم ہم ہی جیسے ایک انسان نظر آتے ہو۔ اور ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی تمہارا پیرو بھی نہ ہوا بجز چند رذیل سطحی رائے والے لوگوں کے۔ اور اے نوح! ہم تم میں اپنے اوپر فضیلت کی کوئی وجہ نہیں پاتے۔ بلکہ ہم تو تمہیں جھوٹا سمجھتے ہیں''۔

قَالُوْۤا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ○ قَالَ وَمَا عِلْمِیْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ○ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰى رَبِّیْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ○ وَمَاۤ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِیْنَ ○ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ○ (الشعراء۔۱۱۱-۱۱۵)

''وہ کہنے لگے: کیا ہم تم پر ایمان لائیں حالانکہ تمہارے پیرو حقیر لوگ ہیں۔ نوح نے فرمایا: مجھے اس سے کیا غرض کہ وہ لوگ پہلے کیا کرتے تھے۔ ان سے حساب لینا میرے پروردگار کے ذمہ ہے۔ کاش تم یہ بات سمجھ سکتے۔ اور میں ایمان لانے والوں کو اپنے سے دور کرنے والا نہیں۔ میں تو بس صاف طور پر (ایک اللہ سے) ڈرانے والا ہوں''۔

## اللہ تعالیٰ کی طرف سے نوح علیہ السلام کو غمزدہ نہ ہونے کی تاکید:

وَاُوْحِیَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ یُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىٕسْ بِمَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ○ (ہود۔۳۶)

''اور نوح کی طرف وحی ہوئی کہ جو لوگ ایمان لا چکے ان کے علاوہ اب کوئی تمہاری قوم میں ایمان نہ لائے گا پس جو کچھ یہ لوگ کرتے رہے ہیں اس کی وجہ سے کچھ غم نہ کرو''۔

## حضرت نوح علیہ السلام کی دعا:

فَافْتَحْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِیْ وَمَنْ مَّعِیَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ○

(الشعراء۔۱۱۸)



Marfat.com

"(نوح علیہ السلام نے التجا کی) اے میرے رب! سو تو ہی میرے اور ان کے درمیان ایک کھلا فیصلہ فرمادے اور مجھے اور جو میرے ساتھ ایمان لانے والے ہیں ان کو بچا لے"۔

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ○ (القمر۔۱۰)

"اور پھر نوح نے اپنے رب کو پکارا کہ میں عاجز آ گیا ہوں پس تو ہی ان سے بدلہ لے"۔

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ دَعَوْتُ قَوْمِیْ لَیْلًا وَّنَهَارًا ○ فَلَمْ یَزِدْهُمْ دُعَآءِیْۤ اِلَّا فِرَارًا ○ (نوح۔۵-۶)

"(نوح علیہ السلام نے) عرض کی: اے میرے رب میں اپنی قوم کو رات دن (حق کی طرف) بلاتا رہا لیکن وہ میرے بلانے سے (دین سے) اور زیادہ بھاگنے لگے"۔

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ○ (المومنون۔۲۶)

"(نوح علیہ السلام نے) عرض کی: اے میرے رب تو میری مدد فرما کہ انہوں نے میری تکذیب کی"۔

وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِیْبُوْنَ ○ (الصّٰفّٰت۔۷۵)

"اور ہمیں نوح نے پکارا پس ہم کیا خوب فریاد کو پہنچنے والے ہیں"۔

## کشتی کی تیاری:

وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْیُنِنَا وَوَحْیِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِیْ فِی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ○ (ہود۔۳۷)

"اور (اے نوح!) ایک کشتی تیار کرو ہمارے روبرو اور ہمارے حکم کے مطابق۔ اور اب ظالموں کے حق میں مجھ سے بات نہ کرنا۔ بے شک یہ غرق ہو کر رہیں گے"۔

## قومِ نوح علیہ السلام کی ہلاکت:

فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَیْنٰهُ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ فِی الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِیْنَ ○ (الاعراف۔۶۴)

"پھر بھی ان لوگوں نے ان کی تکذیب کی۔ تو ہم نے نوح کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں سوار تھے ان کو بچا لیا اور ہم نے ان لوگوں کو جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے غرق کر دیا۔ بے شک وہ ایک اندھی قوم تھی"۔



Marfat.com

ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ O (الشعراء۔۱۲۰)

''پھراس کے بعد باقی رہنے والے لوگوں کو ہم نے ڈبو دیا''۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ط فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ O (العنکبوت۔۱۴)

''اور بے شک ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا۔ پھر وہ ان میں پچاس سال کم ایک ہزار سال رہے۔ بالآخر ان کو طوفان نے آ پکڑا اس لیے کہ وہ ظالم تھے''۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ O (الاعراف۔۷۲)

''پھر ہم نے ان کو اور جو لوگ ان کے ساتھ تھے اپنی رحمت سے بچا لیا۔ اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور مومن نہ تھے ہم نے ان کی جڑ کاٹ ڈالی''۔

## پسرِ نوح علیہ السلام کی ہلاکت:

طوفان کے ابتدائی مرحلے پر حضرت نوح علیہ السلام اور ان کے بیٹے کے درمیان ہونے والی گفتگو کو قرآن حکیم اس طرح بیان کرتا ہے:

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ سه وَنَادٰى نُوْحُ ۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ O قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ط قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ج وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ O (ہود۔۴۲-۴۳)

''اور وہ کشتی ان کو پہاڑ جیسی لہروں میں لیے چلی جا رہی تھی اور نوح نے اپنے بیٹے کو کہ وہ کنارے ہو رہا تھا پکارا: اے میرے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور ان کافروں کے ساتھ نہ رہ۔ بولا: میں ابھی کسی پہاڑ کی پناہ لے لوں گا جو مجھے پانی سے بچا لے گا۔ فرمایا: آج کوئی اللہ کے عذاب سے بچانے والا نہیں مگر جس پر وہ رحم فرمائے اور دونوں کے درمیان ایک موج حائل ہو گئی اور وہ ڈوب کر رہ گیا''۔



Marfat.com

## اہلِ ایمان کی نجات:

فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝ (الشعراء۔۱۱۹)

''چنانچہ ہم نے ان کو اور ان کے ساتھیوں کو بھری ہوئی کشتی میں بچالیا''۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ (العنکبوت۔۱۵)

''یوں ہم نے ان کو اور کشتی والوں کو بچالیا۔ اور اس میں دنیا والوں کے لیے ایک نشانی ہے''۔

## طوفانِ نوح علیہ السلام کی نوعیت:

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝

(القمر۔۱۱-۱۳)

''پھر ہم نے موسلا دھار بارش سے آسمان کے دھانے کھول دیے۔ اور زمین سے چشمے بہا دیے پھر سب پانی ایک ہی کام کے لیے جو مقرر ہو چکا تھا، جمع ہو گیا۔ اور ہم نے اس کو تختوں اور میخوں والی (کشتی) پر سوار کر دیا''۔

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ وَنَادٰى نُوْحُ ۨ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (ہود۔۴۰-۴۲)

''یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ پہنچا اور تنورا بلنے لگا تو ہم نے نوح کو حکم دیا کہ ہر ایک جنس سے ایک جوڑا دو عدد اس میں سوار کر لو اور اپنے گھر کے لوگوں کو سوائے اس کے جس کے متعلق حکم ہو چکا ہے اور سب ایمان والوں کو اور ان کے ساتھ بہت کم لوگ ایمان والے تھے۔

اور نوح نے کہا کہ اس میں سوار ہو جاؤ اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا اللہ کے نام سے ہے۔ بے شک میرا رب بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔

اور وہ کشتی ان کو پہاڑ جیسی لہروں میں لیے چلی جا رہی تھی اور اس وقت نوح نے اپنے بیٹے کو کہ



Marfat.com

وہ کنارے ہو رہا تھا پکارا: اے میرے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور ان کافروں کے ساتھ نہ رہ"۔

فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ لا فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ O

(المومنون۔۲۷)

"پس ہم نے ان کی طرف وحی کی کہ ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہمارے حکم سے ایک کشتی بناؤ۔ پھر جب ہمارا حکم آ پہنچے اور تنور ابلنے لگے تو ہر جوڑے سے دو دو اس میں رکھ لو اور اپنے گھر والوں کو بھی۔ سوائے ان کے جن پر حکم پہلے ہی صادر ہو چکا ہے۔ اور ایسے کافروں سے متعلق ہم سے کچھ نہ کہنا کیونکہ وہ سب غرق کیے جائیں گے"۔

## بلند مقام پر کشتی کا قیام:

وَقِيْلَ يٰاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ O (ہود۔۴۴)

"اور حکم دیا گیا اے زمین اپنا پانی نگل لے اور اے آسمان تھم جا۔ اور پانی خشک کر دیا گیا اور کام تمام ہوا۔ اور کشتی کوہِ جودی پر جا کر ٹھہری۔ اور کہا گیا کہ ظالموں کے لیے (اللہ کی رحمت سے) دوری ہے"۔

## طوفانِ نوح علیہ السلام کا نصیحتی پہلو:

اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ O لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ O (الحاقہ۔۱۱-۱۲)

"جب پانی میں طغیانی آئی تو ہم نے تم کو کشتی پر سوار کر دیا تاکہ اس واقعہ کو ہم تمہارے لیے باعث نصیحت بنا دیں اور یاد رکھنے والے کان اسے یاد رکھیں"۔

## اللہ کے حضور حضرت نوح علیہ السلام کا مقام:

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ O اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ O اِنَّهٗ



Marfat.com

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ○ (الصّٰفّٰت۔ ۷۹-۸۱)

''سارے جہان والوں میں نوح پر سلام ہو۔ ہم اپنے نیک بندوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے ہیں''۔

## طوفانِ نوح علیہ السلام سے ہونے والی تباہی کا دائرہ کار:

طوفانِ نوح علیہ السلام کا انکار کرنے والے یہ جواز بیان کرتے ہیں کہ پورے کرۂ ارض کا احاطہ کرنے والا عالمگیر طوفان ناممکن ہے۔ تاہم طوفان کے وقوع سے ان کے انکار کا مقصد قرآن حکیم کی حقانیت کا انکار کرنا ہے۔ ان کے مطابق تمام مبنی بر وحی کتبِ سماوی بشمول قرآن حکیم ایک عالمگیر طوفان کا تذکرہ کرتی ہیں جو حقائق و امکان کے منافی ہے۔

مگر اس بنیاد پر قرآن کا انکار درست نہیں۔ قرآن حکیم اللہ کی طرف سے اتارا گیا اور واحد تحریف سے پاک الوہی کتاب ہے۔ قرآن حکیم نے دوسری کہانیوں اور خمسہ موسوی (Pentateuch) کی نسبت طوفانِ نوح کو مختلف انداز سے بیان کیا ہے۔ عہد نامۂ قدیم کی پہلی پانچ کتب، خمسہ موسوی کے مطابق یہ طوفان عالمگیر تھا جس نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا۔ مگر قرآن اسے ایسا بیان نہیں کرتا۔ طوفانِ نوح سے متعلق قرآنی آیات بیان کرتی ہیں کہ یہ طوفان ایک مخصوص علاقے میں آیا جس نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں نہیں لیا بلکہ اس سے قوم نوح ہی تباہی سے دوچار ہوئی جسے حضرت نوح علیہ السلام پہلے خبردار کر چکے تھے۔

جب قرآن حکیم اور عہد نامۂ قدیم کے بیانات کو دیکھا جائے تو یہ فرق واضح ہو جاتا ہے۔ عہد نامۂ قدیم جو تاریخ کے مختلف ادوار میں تغیر و تبدل کا شکار رہا، کے سبب اصل آسمانی کتاب قرار نہیں دیا جا سکتا، طوفانِ نوح کا تذکرہ یوں کرتا ہے:

''اور خداوند نے دیکھا کہ زمین پر انسان کی بدی بہت بڑھ گئی اور اس کے دل کے تصور اور خیال سدا برے ہوتے ہیں، تب خداوند زمین پر انسان کو پیدا کرنے سے ملول ہوا اور دل میں غم کیا۔ اور خداوند نے کہا کہ میں انسان کو جسے میں نے پیدا کیا روئے زمین پر سے مٹا ڈالوں گا۔ انسان سے لے کر حیوان اور رینگنے والے جاندار اور ہوا کے پرندوں تک کیونکہ میں ان کے بنانے سے ملول ہوں۔ مگر نوح خداوند کی نظر میں مقبول ہوا''۔ (پیدائش۔ ۶: ۵-۸)



Marfat.com

جبکہ قرآن حکیم میں یہ واضح طور پر بیان کیا گیا ہے کہ طوفانِ نوح سے پوری دنیا نہیں بلکہ صرف قومِ نوح تباہ ہوئی۔ جس طرح حضرت ہود علیہ السلام کو قومِ ہود کی طرف (ہود: ۵۰)، حضرت صالح علیہ السلام کو ثمود کی طرف (ہود: ۶۱) اور حضور اکرم ﷺ سے قبل دیگر انبیائے کرام کو ان کی قوموں کی طرف مبعوث کیا گیا تھا، حضرت نوح علیہ السلام کو بھی ان کی قوم کی طرف بھیجا گیا تھا اور دعوتِ حق کو قبول نہ کرنے پر ان کی قوم ہی طوفان سے ہلاک ہوئی تھی۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِہٖٓ ز اِنِّیْ لَکُمْ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ O اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰہَ ط اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْکُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍO (ہود۔۲۵-۲۶)

''اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا کہ میں تم کو واضح طور پر ڈرانے والا ہوں، کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ مجھے تم پر ایک دردناک دن کے عذاب کا ڈر ہے''۔

طوفانِ نوح علیہ السلام سے ہلاک ہونے والے لوگ بھی وہی تھے جنہوں نے حضرت نوح علیہ السلام کی دعوتِ حق کو مسترد کیا تھا۔ متعلقہ آیات اس حقیقت کو متعدد مقامات پر واضح کرتی ہیں:

فَکَذَّبُوْہُ فَاَنْجَیْنٰہُ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ فِی الْفُلْکِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاط اِنَّھُمْ کَانُوْا قَوْمًا عَمِیْنَO (الاعراف۔۶۴)

''پھر بھی ان لوگوں نے ان کی تکذیب کی تو ہم نے ان کو اور جو لوگ ان کے ساتھ کشتی میں تھے بچالیا۔ اور ہم نے ان لوگوں کو جو ہماری آیتیں جھٹلاتے تھے غرق کر دیا۔ بے شک وہ ایک اندھی قوم تھی''۔

فَاَنْجَیْنٰہُ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ بِرَحْمَۃٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَمَا کَانُوْا مُؤْمِنِیْنَO (الاعراف۔۷۲)

''پھر ہم نے ان کو اور جو لوگ ان کے ساتھ تھے اپنی رحمت سے بچالیا اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور مومن نہ تھے ہم نے ان کی جڑ کاٹ ڈالی''۔

مزید برآں، قرآن حکیم نے اس الوہی اصول کو بھی بیان کیا ہے کہ کوئی قوم اس وقت تک تباہ نہیں کی جاتی جب تک ان میں اللہ کا نبی مبعوث نہ ہو جائے۔ کسی قوم کو تباہی سے اس وقت ہی دوچار کیا جاتا ہے جب ان میں اللہ کے عذاب سے ڈرانے والا آجائے اور وہ قوم اس کی دعوت کو رد کر دے۔ سورۃ القصص میں ارشاد فرمایا:

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ج وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ○ (القصص۔۵۹)

''اور آپ کا رب بستیوں کو ہلاک نہیں کیا کرتا جب تک کہ ان کی بڑی بستی میں کسی نبی کو نہ بھیج لے جو ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائے اور جب تک ان کے رہنے والے ظالم نہ ہوں ہم ان بستیوں کو غارت نہیں کرتے''۔

ایک ایسی قوم جس میں کوئی نبی نہ مبعوث ہوا ہو اسے تباہ کرنا اللہ کی سنت نہیں ہے۔ سو، طوفانِ نوح علیہ السلام سے کوئی ایسی بستی تباہ نہیں کی گئی جس کی طرف اللہ کے عذاب سے ڈرانے والا نہ آیا تھا سوائے قومِ نوح علیہ السلام کے۔

قرآنِ حکیم کی ان آیات سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ طوفانِ نوح علیہ السلام عالمگیر نہ تھا بلکہ ایک مخصوص علاقے تک محدود تھا۔ سیلاب کے ممکنہ علاقے میں ہونے والی آثارِ قدیمہ کی کھدائیوں سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ طوفان عالمی نوعیت کا نہ تھا بلکہ یہ ایک ایسا عظیم طوفان تھا جس سے وادی دجلہ و فرات کا ایک خاص حصہ ہی متاثر ہوا تھا۔

## کیا سب جانور کشتی پر سوار کیے گئے؟

انجیل کے شارحین کا خیال ہے کہ نوح علیہ السلام نے زمین کے تمام جانوروں کی انواع کو کشتی پر سوار کیا اور یہ انہی کے اقدام کا نتیجہ ہے کہ باوجود طوفان کے جانور زمین سے معدوم نہیں ہوئے۔ اس عقیدے کے مطابق زمین پر رہنے والے ہر جانور کا ایک جوڑا کشتی پر سوار کیا گیا۔

جو لوگ اس عقیدے کو شک و شبے سے بالاتر قرار دیتے ہیں، انہیں کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ کہ اتنی بڑی تعداد میں لائے گئے جانوروں کو کس طرح کشتی میں رکھا گیا؟ ان کی خوراک کا کیا انتظام کیا گیا؟ اور یہ کہ انہیں ایک دوسرے سے الگ الگ کس طرح رکھا گیا؟ ان سب سوالات کا جواب تلاش کرنا اور محال ہے۔ اور پھر یہ کہ مختلف براعظموں میں رہنے والے جانوروں کو کس طرح اکٹھا کیا گیا؟ کیونکہ ممالیہ قطب پر، کینگرو آسٹریلیا میں اور جنگلی بھینسے امریکہ میں ہی پائے جاتے ہیں۔ مزید مشکل سوال یہ ہے کہ سانپ، بچھو اور دوسرے جنگلی و زہریلے جانوروں کو کس طرح پکڑا گیا اور سیلاب ختم ہونے تک انہیں ان کے قدرتی ماحول سے دور کس طرح رکھا گیا؟

عہد نامۂ عتیق کی تفصیلات پر یہ سوالات وارد ہوتے ہیں جبکہ قرآن حکیم میں ایسا کوئی بیان موجود نہیں کہ روئے زمین کے تمام جانوروں کو طوفان سے پہلے کشتی پر سوار کیا گیا تھا۔ جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا ہے یہ طوفان زمین کے ایک خاص علاقے میں آیا تھا۔ سو کشتی پر سوار کیے گئے جانور صرف وہی ہوں گے جو طوفان سے متاثر ہونے والے علاقے میں پائے جاتے تھے۔

تاہم یہ امر بالکل واضح ہے کہ اس علاقے میں موجود جانوروں کی تمام اقسام کو کشتی پر اکٹھا کر لینا ایک امر محال ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام اور ان پر ایمان لانے والے چند افراد کے لیے یہ ممکن نہ تھا کہ وہ اپنے اردگرد ماحول میں موجود تمام جانوروں کو تلاش کر کے انہیں اکٹھا کرتے (سورہ ہود: ۴۰) مزید یہ کہ ان کے لیے اس علاقے میں موجود حشرات کی جملہ اقسام کو اکٹھا کرنا اور پھر ان کے نر اور مادہ کی تمیز کرنا بھی ممکن نہ تھا۔ سو گمان غالب یہی ہے کہ کشتیِ نوح علیہ السلام میں صرف وہی جانور اکٹھے کیے گئے جن کا پکڑنا آسان اور جو پالتو اور انسان کے لیے مفید جانور تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام نے یقیناً کشتی پر جو جانور سوار کیے ان میں گائے، بھیڑیں، گھوڑے، اونٹ اور اس طرح کے وہ جانور شامل تھے جو طوفان کے بعد نئی زندگی کے آغاز کے لیے ضروری تھے کیونکہ سیلاب کی وجہ سے مویشیوں کا بڑا حصہ تباہی کی نذر ہو چکا تھا۔

یہاں قابل غور نکتہ یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کو اللہ کی طرف سے کشتی پر جانوروں کو سوار کرنے کے حکم کی حکمت یہ تھی کہ طوفان کے بعد یہ جانور زندگی کے از سرِ نو آغاز میں کام آ سکیں نہ یہ کہ ان کی نسل محفوظ رہے۔ چونکہ طوفان عالمی نہیں علاقائی تھا، سو ان جانوروں کی نسل ختم ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ یہ ممکن تھا کہ طوفان کے بعد دوسرے علاقے سے جانور ہجرت کر کے اس علاقے میں آ جاتے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہاں پھر سے پہلے کی طرح آباد ہو جاتے۔ بنیادی مسئلہ طوفان کے بعد اس علاقے میں نئی زندگی کے آغاز کا تھا اور حضرت نوح علیہ السلام کے اکٹھے کیے گئے جانوروں کا بنیادی مقصد بھی یہی تھا۔

## طوفانِ نوح علیہ السلام کی بلندی کتنی تھی؟

طوفانِ نوح علیہ السلام سے متعلق بارے بحث کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ کیا پانی پہاڑوں سے بھی بلند ہو گیا تھا؟ قرآن حکیم کے مطابق طوفان کے بعد کشتی نوح ''الجودی'' پر آ کر رک گئی۔ عموماً



Marfat.com

''جودی'' سے مراد ایک مخصوص پہاڑی لی جاتی ہے۔ جبکہ عربی زبان میں ''جودی'' بلند جگہ یا پہاڑی کو کہتے ہیں۔ سو اس حقیقت کو فراموش نہیں کرنا چاہئے کہ قرآن حکیم نے ''جودی'' سے کوئی مخصوص پہاڑ نہیں لیا بلکہ اس طرف اشارہ کیا ہے کہ طوفان کے بعد کشتی ایک بلند جگہ پر آ کر رک گئی۔ اس کے علاوہ لفظ جودی کے معانی سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ طوفان کا پانی ایک مخصوص سطح تک بلند ہو کر رک گیا تھا اور پہاڑوں سے بلند نہ ہوا تھا۔ یعنی عہد نامۂ عتیق کے اس بیان کہ سیلاب ساری زمین پر آیا تھا کے برعکس یہ طوفان زمین کے ایک مخصوص علاقے میں ہی آیا تھا۔

## طوفانِ نوح علیہ السلام کا مقام:

وادیٔ دجلہ و فرات (Mesopotamia) کے میدان طوفانِ نوح علیہ السلام کا مقام بیان کیے گئے ہیں۔ تاریخ کی قدیم ترین معلوم تہذیبیں اس علاقے میں تھیں۔ دجلہ اور فرات کے درمیان واقع ہونے کی وجہ سے یہ جگہ کسی بھی بڑے طوفان کے لیے موزوں جگہ ہو سکتی ہے۔ سیلاب کے حوالے سے اس وادی میں موجود ایک بڑا معاون سبب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دونوں دریا طغیانی میں اپنے کناروں سے ابل پڑے ہوں اور پورا علاقہ زیرِ آب آ گیا ہو۔

اس علاقے کو سیلاب کا مقام قرار دینے کی دوسری وجہ تاریخی ہے۔ اس علاقے کی کئی تہذیبوں کے تاریخی ریکارڈ سے کئی ایسے شواہد ملے ہیں کہ اسی دور میں یہاں سیلاب آیا تھا۔ قومِ نوح علیہ السلام کی تباہی دیکھ کر، اس علاقے کی دیگر اقوام نے اس عظیم تباہی اور اس کے اثرات کو محفوظ کرنے کا خیال کیا ہوگا۔ یہ امر مشہور ہے کہ طوفان کے بارے میں اکثر داستانیں وادیٔ دجلہ و فرات میں ہی پروان چڑھیں۔ ہمارے لیے سب سے زیادہ اہم آثارِ قدیمہ کی دریافتیں ہیں۔ ان سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ ضرور اس علاقے میں بڑا طوفان آیا۔ جیسا کہ ہم آگے چل کر اس کی وضاحت کریں گے، اس طوفان کے نتیجے میں ایک عرصے تک یہاں زندگی معطل رہی۔ اس علاقے کی کھدائیوں کے نتیجے میں ایک بڑی تباہی کے کئی آثار کا انکشاف بھی ہوا ہے۔


وادیٔ دجلہ و فرات میں ہونے والی کھدائیوں سے اس امر کا انکشاف ہوا ہے کہ یہ علاقہ تاریخ میں بارہا دجلہ اور فرات کی طغیانیوں کے سبب سیلاب کی نذر ہوتا رہا ہے۔ مثلاً وادیٔ دجلہ و فرات کے جنوب میں ایک بڑی قوم اُر (Ur) کے حکمران ابی سین (Ibbi-Sin) کے دور میں دو



Marfat.com

ہزار قبل مسیح کے قریب ایک سال کو آسمان وزمین کے مابین حدود وآفاق کو غرقاب کر دینے والے سیلاب کے بعد کے سال کے طور پر جانا جاتا ہے (1)۔ اسی طرح ۱۷۰۰ قبل مسیح کے لگ بھگ، بابل کے حمورابی (Hammurabi) کے دور کے ایک سال کو ایشنونا (Eshnuna) شہر کی طوفان سے تباہی کے سال کے طور پر جانا جاتا ہے۔

دسویں صدی ق م میں نبیومکن اپال (Nabu-mukin-apal) کے دور حکومت میں بابل شہر میں ایک بڑا طوفان آیا (2)۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد ساتویں، آٹھویں، دسویں، گیارہویں



حضرت نوح علیہ السلام کے طوفان کی توضیحی تصویر



Marfat.com

اور بارہویں صدی میں بھی اس علاقے میں بڑے طوفان آئے۔ بیسویں صدی میں بھی ۱۹۲۵، ۱۹۳۰ اور پھر ۱۹۵۴ء میں یہاں طوفان آئے (3)۔ تاریخ کے ان واقعات سے یہ واضح ہے کہ یہ وادی اکثر و بیشتر طوفانوں کی زد میں رہی اور جیسا کہ قرآن حکیم نے بیان کیا ہے، عین ممکن ہے کہ کسی بڑے طوفان کے سبب سے یہ پوری وادی تباہی سے بھی دوچار ہوئی ہو۔

## آثارِ قدیمہ اور طوفانِ نوح علیہ السلام

یہ کوئی اتفاقی امر نہیں کہ قرآن حکیم میں مذکور تباہی سے دوچار ہونے والی سابقہ اقوام کے آثار دورِ حاضر کی تحقیقات کے نتیجے میں دریافت ہو رہے ہیں۔ آثارِ قدیمہ کے شواہد اس بات کو ثابت کرتے ہیں کہ جو قوم جتنی اچانک تباہی سے دوچار ہوئی اُس کے آثار بھی اتنے ہی زیادہ مکمل طور پر محفوظ ہو گئے۔

جب بھی کوئی تہذیب قدرتی آفات، ہنگامی نقل مکانی یا جنگ کے باعث اچانک تباہ ہوئی اُس کے آثار بہتر طور پر محفوظ ہو گئے۔ ایسی تہذیبوں کے لوگوں کے گھر اور زیرِ استعمال رہنے والی اشیاء مٹی میں دب کر مختصر وقت میں اپنی اصل صورت میں محفوظ ہو گئیں۔ اس طرح یہ آثار انسانی رسائی سے دور ہونے کے سبب طویل عرصے تک محفوظ رہے اور جب بھی ان کا انکشاف ہوا یہ ماضی کے حوالے معلومات کا بیش بہا ذخیرہ ثابت ہوئے۔

عصر حاضر میں بھی طوفانِ نوح علیہ السلام کے حوالے سے بہت سے آثار دریافت ہوئے ہیں۔ تین ہزار قبل مسیح میں آنے والے اس طوفانِ عظیم نے آناً فاناً ایک تہذیب کو صفحۂ ہستی سے کلیتاً مٹا دیا اور وہاں ایک بالکل نئی تہذیب ظہور پذیر ہوئی۔ طوفانِ نوح علیہ السلام کے آثار ہزارہا برس تک محفوظ رہے تاکہ یہ بعد میں آنے والی نسلوں کے لیے سامانِ عبرت ہو۔

وادیٔ دجلہ وفرات (Mesopotamia) میں آنے والے اس طوفان کی تحقیق کے لئے یہاں کئی کھدائیاں کی گئیں۔ اس علاقے میں ہونے والی کھدائیوں کے نتیجے میں یہاں کے چار شہروں میں طوفانِ نوح علیہ السلام کے آثار دریافت ہوئے ہیں۔ وادیٔ دجلہ وفرات کے یہ چار شہر اُر (Ur)، ایرک (Erech)، کش (Kish) اور شروپک (Shuruppak) ہیں۔

ان شہروں میں ہونے والی کھدائیوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ شہر تین ہزار سال قبل مسیح کے



Marfat.com

لگ بھگ طوفان کی زد میں آئے تھے۔سب سے پہلے ہم شہر اُر (Ur) میں ہونے والی کھدائیوں کا جائزہ لیتے ہیں:

کسی بھی تہذیب کے قدیم ترین آثار شہر اُر (Ur) کی کھدائیوں سے سامنے آئے ہیں جو سات ہزار قبل مسیح پرانے ہیں۔انہیں اب ''تل المقیّر'' (Tell al Muqqayar) کا نام دیا گیا ہے۔ایک بہت ہی ابتدائی تہذیب کا مرکز ہوتے ہوئے اُر (Ur) ایک ایسا شہر تھا جہاں یکے بعد دیگرے کئی تہذیبیں فروغ پذیر رہیں۔

اُر شہر کے آثار قدیمہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہاں ایک بڑے طوفان کے بعد زندگی معطل ہو گئی تھی اور بعدازاں ایک نئی تہذیب نے جنم لیا۔ ہال (R.H.Hall) نے جس کا تعلق برٹش میوزیم سے تھا، یہاں پہلی کھدائی کی۔ ہال کے بعد ان کھدائیوں کو جاری رکھنے والے لیونارڈ وولی (Leonard Wulley) نے برٹش میوزیم اور پنسلوانیا یونیورسٹی کی اجتماعی کاوشوں سے ہونے والی کھدائیوں کی نگرانی کی۔دنیا بھر میں تہلکہ مچا دینے والی یہ کھدائیاں ۱۹۲۲ء سے ۱۹۳۴ء تک جاری رہیں۔


سر وولی (Sir Wolley) نے بغداد اور خلیج فارس کے درمیانی صحرا میں کھدائیاں کیں۔اُر شہر کے بانی لوگ وادئ دجلہ وفرات کے شمال سے آئے تھے اور خود کو ''عبیدی'' کہتے تھے۔ کھدائیوں کا اصل مقصد انہی لوگوں کے متعلق معلومات حاصل کرنا تھا۔جرمن ماہرِ آثارِ قدیمہ ورنر کیلر (Werner Keller) نے وولی کی کھدائیوں کی تفصیل یوں بیان کی ہے:

''شاہانِ اُر کی قبریں''......وولی ان قبروں کی دریافت پر بہت پر جوش تھا۔اس نے سمیری امراء کی ان قبروں پر نشانات لگا دیے جن کی اصل شاہانہ شان اس وقت سامنے آئی جب ایک عبادت گاہ کے جنوب میں ۵۰ فٹ بلند ٹیلے کی کھدائی کی گئی جہاں ان قبروں کی لمبی قطار واقع تھی۔ پتھروں سے بنے ہوئے یہ تہہ خانے حقیقی معنوں میں ایک خزانہ تھے۔یہ تہہ خانے قیمتی ساغروں، حیران کن شکل وصورت کی صراحیوں اور گلدانوں، کاشی کے برتنوں، موتی ونگینوں کے کام والے سامان اور مٹی کے بنے ہوئے چاندی کی تہہ چڑھے برتنوں سے بھرے ہوئے تھے۔ بربط اور سارنگیاں دیواروں کے ساتھ رکھی ہوئی تھیں۔وولی نے بعد میں اپنی ڈائری میں لکھا:''یہ سب کچھ اچانک ہوا تھا۔اور بعد میں ہونے والی دریافتوں نے ہمارے شک کی تصدیق کر دی۔ایک بادشاہ



Marfat.com

# طوفان کا علاقہ




آثارِ قدیمہ کی دریافتوں کے مطابق طوفانِ نوح علیہ السلام وادیٔ دجلہ وفرات کے میدانوں میں آیا۔ اس وقت ان میدانوں کی شکل وصورت مختلف تھی۔ اس تصویر میں میدانوں کے موجودہ سواحل کو سرخ لکیر سے دکھایا گیا ہے۔
اس سرخ لکیر سے پار بڑا علاقہ بھی اس وقت سمندر ہی کا حصہ تھا۔
(سیلابی علاقے: بغداد، بابل، وادیٔ دجلہ وفرات کے میدان، دجلہ، فرات، اُر، خلیجِ فارس)

کے مقبرے کے فرش کے نیچے ہمیں جلی ہوئی لکڑی کی راکھ کی تہہ میں رکھی مٹی کی کئی الواح ملیں جن پر قبروں کی تحریر سے بھی پرانی طرز کی تحریر لکھی ہوئی تھی۔ اس تحریر سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ یہ الواح ۳۰۰۰ ق۔م کی ہیں یعنی یہ مقبروں سے بھی دو، تین صدیاں پرانی تھیں"۔

جب مزید کھدائی کی گئی تو مٹی کی نئی تہہ سامنے آئی جس میں گھریلو استعمال کے برتنوں کے ٹکڑے بکثرت موجود تھے۔ ماہرین کے مطابق یہاں برتن ایک طویل عرصے تک ایک ہی طرز کے رہے۔ یہ برتن بالکل اسی طرح کے تھے جو بادشاہوں کی قبروں سے ملے تھے۔ گویا صدیوں تک سمیری تہذیب میں کوئی بڑی تبدیلی واقع نہیں ہوئی تھی۔ یعنی بہت جلد ہی انہوں نے تہذیب کی حیران کن بلندیوں کو چھولیا تھا۔



Marfat.com

جب کئی دن کی کھدائی کے بعد وولی کے کارکنوں نے اسے بتایا کہ وہ سب سے نچلی تہہ تک پہنچ چکے ہیں تو وہ اس زمینی تہہ کو دیکھنے کے لیے خود وہاں اترا۔ دیکھتے ہی وولی بھی اسے آخری تہہ سمجھا۔ یہ ریت کی تہہ تھی جو پانی کے کسی بڑے ریلے سے ہی جمع ہو سکتی تھی۔ انہوں نے مزید کھدائی کرنے کا فیصلہ کیا۔ چھ فٹ نیچے تک خالص مٹی ہی تھی مگر جب وہ دس فٹ گہرائی تک پہنچے تو مٹی کی تہہ اسی طرح اچانک ختم ہو گئی جس طرح وہ شروع ہوئی تھی۔ یہاں انہیں انسانی بود و باش کے آثار نظر آئے۔ اس جگہ ملنے والے برتن اور استعمال کی دوسری اشیاء بہت سادہ اور ہاتھوں سے بنی ہوئی تھیں۔ یہاں دھات سے بنی کوئی چیز نہیں ملی۔ وہ اوزار جو یہاں ملے پتھر کے بنے ہوئے تھے۔ گویا اس تہذیب کا تعلق پتھر کے زمانے سے تھا۔


اُر کی اس پہاڑی کے نیچے موجود اس مٹی کی تہہ کا سبب سیلاب ہی ہو سکتا تھا، جس نے دو مختلف ادوار کی انسانی تہذیبوں کو الگ الگ کر دیا تھا۔ سیلاب کے آنے والے پانی نے مٹی میں محفوظ مختلف آبی جانوروں کے آثار کی صورت میں اپنے مستقل اور واضح نشانات چھوڑ دیے تھے۔

خوردبینی تجزیے سے بھی یہ ثابت ہو گیا کہ اُر کی پہاڑی کے نیچے مٹی کی یہ تہہ سیلاب ہی کا نتیجہ تھی جس نے قدیم سمیری تہذیب کو نیست و نابود کر دیا تھا۔ وادیٔ دجلہ وفرات کی صحرا کے نیچے موجود اس تہہ میں گلگامیش کے رزمیے اور نوح کی داستان کی تفصیلات یکجا ہو گئی تھی۔

لیونارڈ وولی (Leonard Woolley) کے ان خیالات کو میکس میلون (Max Mallowon) نے بھی بیان کیا کہ سیلاب سے آنے والی مٹی کی یکدم بننے والی یہ تہہ کسی بڑے اور خوفناک طوفان سے ہی وجود میں آ سکتی ہے۔ وولی نے بھی اس سیلابی مٹی کی تہہ کا تذکرہ کیا جس نے سمیری تہذیب کے شہر اُر اور العبید کے شہر کو الگ الگ کر دیا تھا جس کے باشندے، سیلاب کے آثار کے مطابق، رنگین برتن استعمال کرتے تھے (5)۔

یہ شواہد بتاتے ہیں کہ سیلاب سے اُر شہر بھی متاثر ہوا تھا۔ ورنر کیلر (Werner Keller) نے بھی ان کھدائیوں کی اہمیت کا اعتراف کیا اور کہا کہ مٹی کی اس تہہ میں موجود آبادی کے آثار بتاتے ہیں کہ یہاں ایک عظیم سیلاب آیا تھا (6)۔

سیلاب سے متاثر ہونے والا وادیٔ دجلہ وفرات کا دوسرا بڑا شہر سمیریوں کا شہر کش تھا، جسے آج کل 'تل الحیمر' کہتے ہیں۔ قدیم سمیری ماخذوں کے مطابق یہ شہر کئی حکمران خاندانوں کا جائے




میسوپوٹیما کے میدانوں میں سر لیونرڈ وولی کی کھدائیوں سے یہاں ۲.۵ میٹر گہری مٹی کی تہوں کا پتہ چلا ہے۔ یہ تہہ شاید سیلابی پانی سے آنے والی مٹی سے بنی ہے۔ دنیا بھر میں یہ تہہ صرف وادئ دجلہ و فرات کے میدانوں میں ہی پائی جاتی ہے۔ اس دریافت سے یہ اہم ثبوت ملا کہ طوفانِ نوح علیہ السلام صرف یہاں پر ہی آیا تھا۔

قیام تھا(7)۔ وادئ دجلہ وفرات کے جنوب میں واقع شہر شروپک جسے اب تل فرح کہتے ہیں، بھی سیلاب سے متاثر ہوا۔ اس علاقے میں ۱۹۲۰ء سے ۱۹۳۰ء کے درمیان پنسلوانیا یونیورسٹی کے Frich Schmidt کی سربراہی میں تحقیقات کی گئیں۔ اس علاقے میں ہونے والی کھدائیوں سے انسانی آبادی کے تین ادوار کا سراغ ملا جن کا تعلق قبل تاریخ زمانہ کے آخری دور سے اُر کے تیسرے حکمران خاندان کے دور (۲۱۱۲-۲۰۰۴ ق م) تک سے ہے۔ یہاں سے ملنے والے آثار میں نمایاں ترین اعلیٰ طرز پر تعمیر کردہ گھر اور لوہے کی وہ تختیاں ہیں جن پر انتظامی نوعیت کے الفاظ کا ریکارڈ ہے جو چار ہزار سال قبل مسیح کے ایک اعلیٰ ترقی یافتہ معاشرے کا ثبوت فراہم کرتے ہیں(8)۔

ان دریافتوں سے سامنے آنے والا اہم نکتہ یہ ہے کہ اس شہر میں ۲۹۰۰-۳۰۰۰ ق م میں خوفناک سیلاب آیا۔ میلون (Mallawon) کی بیان کردہ تفصیلات کے مطابق شمٹ (Schmidt) ۴ سے ۵ میٹر گہرائی کے بعد زرد مٹی کی تہہ تک پہنچا جو (سیلاب کے نتیجے میں) مٹی اور ریت سے وجود

میں آئی۔ مٹی کی یہ تہہ ہموار زمین میں ٹیلوں کی نسبت کم گہرائی پر واقع ہے۔ شمٹ (Schmidt) نے اسے مٹی اور ریت کا آمیزہ قرار دیا جو حکمران نصر کی قدیم بادشاہت کے وقت سے موجود تھی اور دریا میں پائی جانے والی ریت سے مشابہ جو یہاں طوفانِ نوح علیہ السلام سے ہی آئی (9)۔

شروپک شہر میں ہونے والی کھدائیوں سے بھی ۲۹۰۰-۳۰۰۰ ق م کے دوران میں آنے والے سیلاب کے آثار ملے۔ غالباً یہ شہر بھی دوسرے شہروں کی طرح طوفانِ نوح علیہ السلام سے شدید متاثر ہوا تھا (10)۔

سیلاب سے متاثرہ حالیہ دریافت شدہ شہر اریک ہے جو شروپک کے جنوب میں واقع ہے اور اب تل الورقہ کہلاتا ہے۔ دوسرے شہروں کی طرح یہاں بھی سیلاب کی مٹی کی تہہ موجود ہے جس کا تعلق دوسرے شہروں کی طرح ۲۹۰۰-۳۰۰۰ ق م کے دور سے ہے (11)۔

دریائے دجلہ اور فرات اپنی وادی کو ایک سرے سے دوسرے سرے تک قطع کرتے ہیں۔ آثار سے ایسے لگتا ہے کہ دورانِ طوفان یہ دونوں دریا اور پانی کے دوسرے تمام چھوٹے بڑے ذرائع ابل پڑے اور شدید بارشوں کی موجودگی میں ایک عظیم طوفان میں بدل گئے۔ قرآن حکیم کے مطابق:

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ o وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ o (القمر۔۱۱-۱۲)

''پھر ہم نے موسلا دھار بارش سے آسمان کے دھانے کھول دیے۔ اور زمین سے پانی کے چشمے بہا دیے پھر سب پانی ایک ہی کام کے لیے جو مقرر ہو چکا تھا جمع ہو گیا''۔

اگر ہم سیلاب کے اسباب کا یکے بعد دیگرے جائزہ لیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ یہ سیلاب بالکل ایک قدرتی عمل تھا۔ اس سیلاب کا معجزانہ پہلو تمام اسباب کا ایک ہی وقت میں اکٹھا ہو جانا اور حضرت نوح علیہ السلام کا اپنی قوم کو قبل از وقت مطلع کر دینا ہے۔

تحقیقات سے سامنے آنے والی معلومات سے ظاہر ہوتا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقہ شرقاً غرباً تقریباً ۱۶۰ کلومیٹر (چوڑائی میں) اور شمالاً جنوباً ۶۰۰ کلومیٹر (لمبائی میں) پھیلا ہوا ہے۔ گویا سیلاب نے پوری وادیٔ دجلہ وفرات کو اپنی زد میں لے لیا۔ سیلاب سے متاثر ہونے والے شہر یعنی اُر، اریک، شروپک اور کش بھی ایک ہی قطار میں واقع ہیں۔ اس وجہ سے ان چار شہروں کی آبادی



Marfat.com

اوران کے مضافات سیلاب سے متاثر ہوئے۔ مزید یہ کہ ۳۰۰۰ ق م میں اس علاقے کی جغرافیائی ساخت بھی آج سے بالکل مختلف تھی۔ اس دور میں فرات کی تہہ آج کی نسبت مشرق کی طرف زیادہ تھی۔ اس طرح یہ اُر، اریک، شروپک اور کش سے گزرتا تھا۔ اس طرح جب ''آسمان اور زمین کے پانی کے چشمے ابل پڑے'' تو فرات اپنے کناروں سے باہر بہہ نکلا اور چاروں شہر تباہ و برباد ہو گئے۔

## سیلاب کا تذکرہ کرنے والے مذاہب اور اقوام

وہ تمام اقوام جہاں انبیاء کرام علیہم السلام پیغام حق لے کر آئے اس سیلاب سے آگاہ تھیں۔ تاہم یہ واقعہ اپنی اصل یا بدلی ہوئی شکل میں ان اقوام کی مقامی داستانوں کا حصہ بھی بن گیا۔

اللہ تعالیٰ نے طوفانِ نوح علیہ السلام کی خبر اپنے انبیاء اور کتب کے ذریعے مختلف اقوام تک پہنچائی تاکہ یہ ان کے لیے نصیحت اور عبرت کا سامان ہو۔ تاہم ہر دور میں کتبِ سماوی میں تحریف کی گئی اور طوفانِ نوح علیہ السلام کی تفصیلات میں دیومالائی عناصر در آئے۔ صرف قرآن حکیم ہی وہ واحد سماوی کتاب ہے جس کی تفصیلات کی جدید تحقیقات بھی تصدیق کرتی ہیں کیونکہ قرآن حکیم کو ہر طرح کے تغیر و تبدل اور تحریف سے محفوظ رکھنے کی ذمہ داری خود اللہ تعالیٰ نے لی ہے اور قرآن ہمیشہ کے لیے اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہے:

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا الذِّكۡرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوۡنَ ○ (الحجر۔۹)

''بے شک ہم نے ہی اس کتاب کو نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں''۔

اب ہم اس امر کا جائزہ لیں گے کہ طوفانِ نوح علیہ السلام کا تذکرہ...... گو محرف شکل میں...... عہد نامۂ قدیم وجدید اور مختلف اقوام کی روایات میں کس طرح کیا گیا ہے۔

## عہد نامۂ قدیم میں طوفانِ نوح علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل کی گئی۔ آج اصل نازل ہونے والی تورات سے کچھ بھی موجود نہیں اور موجودہ ''صحفِ خمسہ'' کا اصل وحی کردہ تورات سے کوئی تعلق نہیں۔ یہودی علماء نے اس کے متن کو بھی تحریف کا نشانہ بنائے رکھا۔ بنی اسرائیل کے دوسرے انبیاء پر نازل ہونے والی کتب بھی اسی طرح تغیّر و تبدّل کا شکار ہوئیں اسی لیے ہم مجبور ہیں کہ ان صحف کو ہم 'محرّف صحفِ موسوی' کا نام دیں جو اصل وحی کے مضمون کو بیان کرنے کی بجائے مختلف قبیلوں کے



Marfat.com

حالات اور تاریخ پر مشتمل ہیں۔ تاہم یہ امر باعث حیرت ہے کہ ان تبدیلیوں کے باوجود تورات کا موجودہ متن طوفانِ نوح علیہ السلام کو بیان کرتا ہے اور اس کی کئی جزئیات قرآن حکیم کے بیان سے بھی قدرے مشابہت رکھتی ہیں۔

عہد نامہ ٔ قدیم کے مطابق اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو مطلع کیا کہ چونکہ زمین گناہ سے بھر گئی ہے سوا اہل ایمان کے سوا سب کو ہلاک کیا جائے گا۔ اس نے حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے کا حکم دیا اور انہیں اپنی بیوی، تینوں بیٹوں، ان کی بیویوں اور ہر زندہ چیز کے جوڑوں کو کشتی پر سوار کر لینے کا کہا۔

سات دن کے بعد جب سیلاب کا وقت آیا تو زیرِ زمین پانی کے سارے چشمے ابل پڑے اور آسمانی سے بھی پانی برسنے لگا اور ایک عظیم سیلاب نے ہر شے کو گھیر لیا۔ یہ سیلاب چالیس دن رات جاری رہا۔ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی پانی پر تیرتی رہی۔ اس طرح کشتی کے سوار ہی محفوظ رہے جبکہ ان کے علاوہ ہر ذی روح سیلاب کی نذر ہو گیا۔ سیلاب کے بعد ہی بارش تھمی اور اس کے ۱۵۰ دن بعد سیلاب کا پانی کم ہوا۔

ساتویں ماہ کے سترھویں دن کشتی پہاڑی پر آ کر رکی۔ حضرت نوح علیہ السلام نے ایک فاختہ کو بھیجا تا کہ پانی کے اترنے کی اطلاع ملے۔ جب فاختہ واپس نہ آئی تو آپ نے سمجھا کہ پانی اتر گیا ہے اب اللہ نے انہیں کشتی سے اتر کر زمین میں پھیل جانے کا حکم دیا۔ عہد نامہ قدیم کا یہ بیان کئی طرح کے تضادات کا حامل ہے مثلاً اس کے ایک متن میں حضرت نوح علیہ السلام اپنے ساتھ صرف سات جانوروں کے جوڑے لے کر گئے تھے۔ اسی طرح سیلاب کی مدت بھی مختلف بیان کی گئی ہے۔ کہیں یہ مدت ۴۰ روز اور کہیں ۱۵۰ دن بیان کی گئی ہے۔ عہد نامۂ قدیم میں مختلف مقامات پر طوفانِ نوح علیہ السلام کا تذکرہ یوں کیا گیا ہے:

"اور خدا نے نوح علیہ السلام سے کہا کہ تمام بشر کا خاتمہ میرے سامنے آ پہنچا ہے کیونکہ ان کے سبب سے زمین ظلم سے بھر گئی ہے۔ سو دیکھ میں زمین سمیت ان کو ہلاک کروں گا۔

تو گوپھر کی لکڑی کی ایک کشتی اپنے لیے بنا۔ اس کشتی میں کوٹھڑیاں تیار کرنا اور اس کے اندر اور باہر رال لگانا۔

اور ایسا کرنا کہ کشتی کی لمبائی تین سو ہاتھ، اس کی چوڑائی پچاس ہاتھ اور اس کی اونچائی تیس ہاتھ ہو۔



Marfat.com

اور اس کشتی میں ایک روشندان بنانا اور اوپر سے ہاتھ بھر چھوڑ کر اسے ختم کر دینا اور اس کشتی کا دروازہ اس کے پہلو میں رکھنا اور اس میں تین درجے بنانا: نچلا، دوسرا اور تیسرا۔

اور دیکھ میں خود زمین پر طوفان کا لانے والا ہوں تا کہ ہر شہر کو جس میں زندگی کا دم ہے دنیا سے ہلاک کر ڈالوں اور سب جو زمین میں ہیں مر جائیں گے۔

پر تیرے ساتھ میں اپنا عہد قائم کروں گا اور تو کشتی میں جانا، تو اور تیرے ساتھ تیرے بیٹے اور بیٹوں کی بیویاں۔

اور جانوروں کی ہر قسم میں سے دو دو اپنے ساتھ کشتی میں لے لینا تا کہ وہ تیرے ساتھ جیتے بچیں۔ وہ نر و مادہ ہیں۔

اور پرندوں کی ہر قسم میں سے اور چرندوں کی ہر قسم میں سے اور زمین پر رینگنے والے ہر قسم میں سے دو دو تیرے پاس آئیں تا کہ وہ جیتے بچیں۔

اور تو ہر طرح کے کھانے کی چیز لے کر اپنے پاس جمع کر لینا کیونکہ یہی تیرے اور ان کے کھانے کو ہوگا۔

اور نوح نے یوں ہی کیا جیسا خدا نے اسے حکم دیا تھا ویسا ہی عمل کیا''۔

(پیدائش۔۶:۱۳-۲۲)

''اور ساتویں مہینے کی سترھویں تاریخ کو کشتی اراراط کے پہاڑوں پر ٹک گئی''۔

(پیدائش۔۶:۴-۸)

''کل پاک جانوروں میں سے سات سات نر اور مادہ لینا اور ان میں سے جو پاک نہیں ہیں دو دو نر اور ان کی مادہ اپنے ساتھ لے لینا۔

اور ہوا کے پرندوں میں سے بھی سات سات نر اور مادہ لینا تا کہ زمین پر ان کی نسل باقی رہے''۔ (پیدائش۔۷:۲-۳)

''اور میں اس عہد کو قائم رکھوں گا کہ سب جاندار طوفان کے پانی سے پھر ہلاک نہ ہوں گے اور نہ کبھی زمین کو تباہ کرنے کے لئے پھر طوفان آئے گا''۔

(پیدائش۔۸:۱۱)

عہد نامۂ قدیم کے مطابق کہ ''زمین پر موجود ہر ذی روح مر جائے گا'' ایک عالمگیر طوفان



Marfat.com

کے ذریعے سب لوگوں کو سزا دی گئی اور صرف وہی لوگ محفوظ رہے جو حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ کشتی پر سوار تھے۔

## عہد نامہء جدید میں طوفانِ نوح علیہ السلام کا تذکرہ

عہد نامۂ جدید بھی کسی طور مبنی بر وحی کتاب نہیں بلکہ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات پر مشتمل ہے۔ اس کا آغاز اناجیلِ اربعہ سے ہوتا ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ایک سو سال بعد متی، مرقس، لوقا اور یوحنا نے لکھیں جو کبھی بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ نہ رہے تھے۔ ان چاروں انجیلوں میں بھی واضح تضادات ہیں خصوصاً انجیل یوحنا بقیہ تینوں سے کلیۃً مختلف ہے جو کسی نہ کسی حد تک ایک دوسرے سے مماثل ہیں۔ عہد نامۂ جدید کی بقیہ کتب مختلف خطوط پر مشتمل ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد کے رسولوں کے حالات بیان کرتے ہیں۔ سو عہد نامۂ جدید کسی طرح بھی الوہی کتاب نہیں بلکہ نیم تاریخی نوعیت کی کتاب قرار دی جاسکتی ہے۔

عہد نامۂ جدید میں طوفانِ نوح علیہ السلام کا تذکرہ اس طرح کیا گیا ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کو گمراہ قوم کی طرف پیغامِ ہدایت دے کر بھیجا گیا مگر انہوں نے گمراہی کا راستہ اختیار کیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے نافرمانوں کو طوفان سے ہلاک اور اہل ایمان کو نوح علیہ السلام کے ساتھ کشتی پر سوار کر کے نجات دینے کا فیصلہ کیا۔ عہد نامۂ جدید کے اس مضمون کو بیان کرنے کے مختلف مقامات یہ ہیں:

''جیسا نوح کے دنوں میں ہوا ویسا ہی ابن آدم کے آنے کے وقت ہوگا۔

کیونکہ جس طرح طوفان سے پہلے کے دنوں میں لوگ کھاتے پیتے اور بیاہ شادی کرتے تھے اس دن تک کہ نوح کشتی میں داخل ہوا۔

اور جب تک طوفان آکر ان سب کو بہا نہ لے گیا ان کو خبر نہ ہوئی۔ اسی طرح ابن آدم کا آنا ہوگا''۔
(متی۔۲۴: ۲۷-۲۹)

''اور نہ پہلی دنیا کو چھوڑا بلکہ بے دین دنیا پر طوفان بھیج کر راستبازی کے منادی کرنے والے نوح کو مع اور سات آدمیوں کے بچالیا''۔ (پطرس کا دوسرا خط۔۲: ۵)

''اور جیسا نوح کے دنوں میں ہوا تھا اسی طرح ابن آدم کے دنوں میں بھی ہوگا۔

کہ لوگ کھاتے پیتے تھے اور ان میں بیاہ شادی ہوتی تھی۔ اس دن تک جب نوح کشتی میں

داخل ہوا اور طوفان نے سب کو آ کر ہلاک کیا''۔ (لوقا۔۱۸:۲۶-۲۷)

''جو اس اگلے زمانے میں نافرمانیاں تھیں جب خدا نوح کے وقت میں تحمل کر کے ٹھہر رہا تھا اور وہ کشتی تیار ہو رہی تھی جس پر سوار ہو کر تھوڑے سے آدمی یعنی آٹھ جانیں پانی کے وسیلہ سے بچیں''۔ (پطرس I۔۳:۲۰)

''وہ تو جان بوجھ کر یہ بھول گئے کہ خدا کے کلام کے ذریعے سے آسمان قدیم سے موجود ہیں اور زمین پانی میں سے بنی اور پانی میں قائم ہے۔

انہی کے ذریعہ سے اس زمانہ کی دنیا ڈوب کر ہلاک ہوئی''۔ (پطرس II۔۳:۲۰)

## دیگر اقوام کے ہاں طوفانِ نوح علیہ السلام کا تذکرہ

### سمیری تہذیب:

ایک دیوتا رانلیل نے لوگوں کو بتایا کہ دوسرے دیوتا انسانیت کو تباہ کرنا چاہتے ہیں مگر وہ خود انہیں بچانا چاہتا تھا۔ اس کہانی کا ہیرو سیپر شہر کا مخلص بادشاہ زیوسودرا ہے۔ انلیل دیوتا نے زیوسودرا کو نجات کا طریقہ سمجھایا۔ گو موجودہ متن میں کشتی کا تذکرہ موجود نہیں مگر زیوسودرا کے نجات کے اسباب میں کشتی کی موجودگی کے اشارات ملتے ہیں۔ سیلاب کی بابلی تفصیلات پر انحصار کرتے ہوئے یہ نتیجہ بآسانی اخذ کیا جا سکتا ہے کہ سمیری تفصیلات میں سیلاب کے اسباب اور کشتی بنانے کی جزئیات کا تذکرہ بھی موجود تھا۔

### بابل کی تہذیب:

یہاں سمیری ہیرو زیوسودرا کا ہم منصب ہیرو ات پنشتم ہے جبکہ دوسرا نمایاں کردار گلگامیش ہے۔ متداول داستان کے مطابق گلگامیش نے رازِ بقا کی تلاش کا عزم کیا۔ اسے اس طرح کے خطرناک سفر کی مشکلات سے آگاہ کیا گیا۔ اسے بتایا گیا کہ وہ ایسے سفر پر چل نکلا ہے جس میں اسے خطرناک پہاڑیوں اور مہلک دریاؤں سے گزرنا ہوگا۔ اس طرح کا سفر سورج دیوتا ''شمش'' کی حمایت سے ہی طے ہو سکتا تھا مگر گلگامیش استقامت سے ڈٹا رہا اور آخرکار ات پنشتم تک پہنچنے میں کامیاب ہو گیا۔

ان دونوں کی ملاقات کی تفصیل کا کوئی ذکر نہیں ملتا۔ ات پنشتم نے گلگامیش کو بتایا کہ موت و



Marfat.com

حیات کے اسرار دیوتا اپنے پاس رکھتے ہیں اور کسی کو ان سے مطلع نہیں کرتے۔ اس پر گلگامیش نے اس سے پوچھا کہ اس نے کس طرح بقا حاصل کی۔ جس کے جواب میں اس نے گلگامیش کو داستانِ طوفان سنائی۔ اس طوفان کا تذکرہ گلگامیش کے رزمیے کی مشہور بارہ الواح میں بھی ملتا ہے۔

ات نپشتم نے گلگامیش کو بتایا کہ یہ دیوتاؤں کا ایک راز ہے۔ اس نے بتایا کہ اس کا تعلق عکاد کی سرزمین کے قدیم ترین شہروں میں سے ایک شہر شروپک سے ہے۔ اس تفصیل کے مطابق دیوتا ''اے'' (Ea) نے اپنی جھونپڑی سے اسے مخاطب کرتے ہوئے بتایا کہ سارے دیوتا زمین سے زندگی کے ہر نشان کو مٹانے کا فیصلہ کر چکے ہیں مگر اس تباہی کا سبب نہیں بتایا گیا۔ ''اے'' (Ea) دیوتا نے اسے ایک کشتی بنانے کا کہا جس میں اس نے تمام زندہ اشیاء کے بیجوں کو محفوظ کرنا تھا۔ دیوتا نے اسے کشتی کی شکل اور حجم بھی بتایا۔ اس کشتی کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی باہم برابر تھی۔ جب طوفان آیا اس نے چھ دن رات میں سب کچھ الٹ دیا۔ ساتویں دن طوفان اتر گیا۔ ات نپشتم نے باہر دیکھا کہ ہر طرف کیچڑ بکھرا پڑا ہے۔ کشتی کوہِ نسیر پر آ کر رک گئی۔

سمیری اور بابل کی تاریخ کے مطابق زری شہروزیا حسیترہ ایک ۹۲۵ میٹر لمبی کشتی کے ذریعے اس طوفان سے بچ سکا اس کے ساتھ اس کا خاندان، دوست، کچھ پرندے اور جانور بھی تھے۔ اس طوفان میں آسمانوں سے بے پناہ پانی برسا، سمندر اور دریا کثرت آب کی وجہ سے اپنے کناروں سے باہر نکل گئے اور آخر کار کشتی کوہِ کوریڈا پر آ کر رکی۔

آشوری۔ بابلی تاریخ کے مطابق عبرتو تویا حسیترہ مع اپنے خاندان، خدام، پرندوں اور جانوروں کے بچ سکا۔ اس کی کشتی ۶۰۰ ہاتھ لمبی اور ۶۰ ہاتھ بلند اور چوڑی تھی۔ سیلاب ۶ دن رات تک جاری رہا۔ جب کشتی کوہِ نذار پر پہنچ گئی تو کشتی سے چھوڑی گئی فاختہ واپس آ گئی مگر کوا واپس نہ آیا۔

سمیری، آشوری اور بابل کی تاریخ کے بعض مندرجات کے مطابق ۶ دن رات تک جاری رہنے والے اس طوفان میں صرف ات نپشتم اور اس کا خاندان ہی محفوظ رہے۔ جب ساتویں دن اس نے باہر دیکھا تو طوفان ختم ہو چکا تھا اور ہر طرف مٹی اور کیچڑ بکھرا تھا۔ جب کشتی کوہِ نذار پر آ کر رکی تو اس نے ایک کبوتر، ایک کوا اور ایک چڑا باہر بھیجے۔ کوا تو لاشوں کو نوچنے لگا جبکہ دوسرے دو پرندے پرواز کر گئے اور واپس نہ آئے۔



Marfat.com

## ہند:

ہند کے معروف رزمیوں شتا پتھ، برہمنہ اور مہا بھارتیہ کے مطابق منو اور رشی ہی طوفان سے محفوظ رہے۔ داستان کے مطابق جب منو نے ایک مچھلی کو پکڑنے کے بعد چھوڑ دیا تو وہ یکدم بڑی ہوگئی اور اس نے منو کو طوفان کی اطلاع دی اور اسے کہا کہ وہ ایک کشتی بنائے اور اسے اپنے سینگوں سے باندھ دے۔ یہ مچھلی دیوتا وشنو کا مظہر تھی۔ اس مچھلی نے سیلاب میں کشتی کو سنبھالے رکھا حتیٰ کہ کشتی شمال میں کوہِ ہسموت Himavat پر آکر ٹھہر گئی۔

## ویلز:

برطانیہ کے کلٹ (Celt) علاقے کی معروف داستان کے مطابق دوائنون (Dwynwen) اور دوائفک (Dwyfach) ایک عظیم طوفان میں کشتی پر سوار ہو کر بچ گئے۔ جب لن لیون (Llynllion) جسے موجوں کی جھیل بھی کہتے ہیں، سے اٹھنے والا یہ عظیم طوفان ختم ہوا تو دوائنون اور دوائفک نے برطانیہ کو نئے سرے سے آباد کیا۔

## سکینڈے نیویا:

نارڈک ایڈا (Nordic Edda) کی کہانیوں کے مطابق برگالمیر (Bergalmir) اور اس کی بیوی ایک عظیم طوفان میں ایک بڑی کشتی پر بیٹھ کر محفوظ رہے۔

## لتھونیا:

لتھونیائی داستانوں کے مطابق کچھ لوگ اور جانور ایک عظیم طوفان میں ایک پہاڑی کی چوٹی پر پناہ گزین ہوکر محفوظ رہے۔ جب طوفان کی لہریں پہاڑ کی چوٹی تک پہنچیں تو خداوند نے ان کی طرف ایک بڑا خول پھینکا جس پر سوار ہوکر وہ اس المناک تباہی سے محفوظ رہے۔

## چین:

چین کی داستانوں کے مطابق ایک شخص یا وُ سات دوسرے افراد کے ساتھ یا خالی اپنی بیوی اور بچوں کے ساتھ ایک کشتی پر سوار ہو کر طوفان اور زلزلوں سے محفوظ رہا۔ اس طوفان میں ہر



Marfat.com

طرف سے پانی ابل پڑا اور زمین تباہ و برباد ہوگئی۔ انجام کار طوفان ختم ہوگیا۔

## یونانی دیومالا:

جب لوگ بہت زیادہ بدکار ہو گئے تو زیئس دیوتا نے انہیں ایک طوفان کے ذریعے تباہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ صرف ڈیوکیلین (Deucalion) اور اس کی بیوی طوفان سے محفوظ رہے کیونکہ انہیں اور ان کے بیٹے کو ایک کشتی تیار کرنے کا کہا گیا تھا۔ وہ دونوں کشتی پر سوار ہونے کے نویں دن کوہِ پرناسوس پر اترے۔

یہ تمام داستانیں ایک واضح تاریخی حقیقت بیان کرتی ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ ہر قوم تک اللہ کا پیغام ہدایت پہنچا۔ اور اس طرح اکثر قومیں طوفانِ نوح علیہ السلام سے آگاہ ہوگئیں مگر جب لوگ وحی سے دور ہو گئے تو طوفانِ نوح علیہ السلام کے واقعات نسلاً بعد نسلٍ تغیر و تبدل کا شکار ہو گئے اور اس طرح داستانوں کا روپ دھار گئے۔ قومِ نوح اور طوفانِ نوح علیہ السلام کی تفاصیل کو پوری ثقاہت سے بیان کرنے والی واحد کتاب قرآن حکیم ہے۔ قرآن حکیم ہمارے سامنے نہ صرف طوفانِ نوح علیہ السلام بلکہ دیگر کئی اقوام کے بارے میں بھی تاریخی واقعات بیان کرتا ہے۔ اگلے ابواب میں ہم قرآن حکیم کے بیان کردہ انہی حقیقی واقعات کا مطالعہ کریں گے۔



Marfat.com

# حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالاتِ زندگی

مَا کَانَ اِبْرٰھِیْمُ یَھُوْدِیًّا وَّلَا نَصْرَانِیًّا وَّلٰکِنْ کَانَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا ط وَمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ o اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرٰھِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْہُ وَھٰذَا النَّبِیُّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ط وَاللّٰہُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ o (آل عمران۔ ٦٧-٦٨)

"(سنو!) ابراہیم نہ یہودی تھے اور نہ نصرانی تھے۔ وہ تو (جھوٹے مذہبوں سے بیزار) سیدھی راہ چلنے والے مسلمان تھے۔ اور وہ ہرگز مشرکوں میں سے نہ تھے۔ بے شک لوگوں میں ابراہیم کے ساتھ زیادہ نزدیک وہ لوگ ہیں جنہوں نے ان کی پیروی کی اور یہ نبی (محمد ﷺ) ہیں اور وہ لوگ جو آپ پر ایمان لائے ہیں۔ اور اللہ ایمان والوں کا دوست (حامی و مددگار) ہے"۔

قرآن حکیم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تذکرہ اکثر مقامات پر کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خصوصی طور پر لوگوں کے لیے بطور مثال (اسوہ) بیان کیا۔ آپ نے اپنی بت پرست قوم کو اللہ کا پیغام پہنچایا اور انہیں انجام بد سے ڈرایا کہ وہ اللہ سے ڈریں۔ آپ کی قوم نے آپ کے انذار کو سننے کی بجائے آپ کی مخالفت شروع کر دی۔ جب آپ کی قوم کے مظالم حد سے بڑھ گئے تو آپ کو اپنی اہلیہ محترمہ، حضرت لوط علیہ السلام اور اپنے چند پیروکاروں کے ساتھ کسی دوسری جگہ ہجرت کرنا پڑی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تعلق آلِ نوح علیہ السلام سے تھا۔ قرآن حکیم کے مطابق آپ حضرت نوح علیہ السلام ہی کی پیروی کر رہے تھے۔

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ o اِنَّا کَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ o اِنَّہٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ o ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِیْنَ o وَاِنَّ مِنْ شِیْعَتِہٖ لَاِبْرٰھِیْمَ o

(الصّٰفّٰت۔ ٧٩-٨٣)

"سارے جہان والوں میں نوح پر سلام ہو۔ ہم اپنے نیک بندوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ (یعنی نوح علیہ السلام) ہمارے ایمان دار بندوں میں سے ہیں۔ پھر ہم نے اوروں کو (جنہوں نے ان کی نافرمانی کی ان کو) غرق کر دیا۔ اور ابراہیم انہیں کی پیروی کرنے والوں میں تھے"۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے میں وادئ دجلہ وفرات کے میدانوں اور اناطولیہ کے وسط و مشرق میں رہنے والے بہت سے لوگ ستاروں اور اجرامِ فلکی کو پوجتے تھے۔ ان کا سب سے زیادہ اہم دیوتا "چاند دیوتا" تھا۔ جسے سن (sin) کہتے تھے۔ اسے لمبی ڈاڑھی والے انسان کی صورت میں تراشا گیا تھا جو ہلال کی شکل والے چاند کا حامل لباس پہنے ہوئے تھا۔ اس کے ساتھ وہ لوگ ان دیوتاؤں کی تصویریں اور مجسّمے بناتے جنہیں وہ پوجتے تھے۔ یہ ایک وسیع نظامِ عقائد وعبادات تھا جو مشرق کے ان ممالک میں پھیلا اور ایک طویل عرصے تک یہاں موجود رہا۔ ان علاقوں میں رہنے والے لوگ ان دیوتاؤں کو ۶۰۰ عیسوی تک پوجتے رہے۔ اس عقیدے کے زیرِ اثر وادئ دجلہ وفرات سے اناطولیہ کے مرکز تک بہت سے معبد، زیگورات (Ziggurats) تعمیر کیے گئے جو عبادت گاہوں کے علاوہ بطور رصدگاہ بھی استعمال ہوتے تھے اور یہاں دیوتاؤں کی خصوصاً چاند دیوتا کی عبادت کی جاتی تھی (12)۔

عقائد وعبادات کا یہ نظام، جس کا انکشاف آج آثارِ قدیمہ کی دریافت پر ہوا، قرآن حکیم میں مذکور ہیں۔ قرآن حکیم کے بیان کے مطابق حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان جھوٹے خداؤں کی عبادت کو مسترد کرتے ہوئے ایک اور سچے خدا کی عبادت اختیار کی۔ قرآن حکیم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طرزِ عمل کو یوں بیان کیا:


وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ج اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ o وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ o فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ج قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ج فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ o فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ج فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ o فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ج فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ o اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا




Marfat.com



حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے میں وادئ دجلہ وفرات میں مشرکانہ مذاہب عام تھے۔ چاند دیوتا "سن" ایک اہم بت تھا۔ لوگ ان دیوتاؤں کے بت بنا کر پوجتے تھے۔ بائیں طرف "سن" کے مجسمے نظر آرہے ہیں بت کے سینے پر ہلال کا نشان بآسانی دیکھا جاسکتا ہے۔




زیگورات، جو بیک وقت معبد اور رصد گاہوں کے طور پر استعمال ہوتے تھے، فنی مہارت سے تعمیر کیے جاتے تھے۔ ستارے، چاند اور سورج کی پوجا ہوتی تھی اس لیے آسمان کی بڑی اہمیت تھی، دائیں طرف اور نیچے میسوپوٹیما کے اہم زیگورات دکھائے گئے ہیں۔





Marfat.com

وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ O (الانعام۔۷۴-۷۹)

''اور یاد کرو جب ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے کہا کیا تم بتوں کو خدا مانتے ہو، میں دیکھتا ہوں کہ تم اور تمہاری قوم کھلی گمراہی میں ہے۔اور اس طرح ہم نے ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کے عجائبات دکھادیے تاکہ وہ کامل یقین والوں میں سے ہو جائیں۔ پھر جب رات نے ان کو تاریکی میں لے لیا، انہوں نے ایک چمکتا ہوا ستارہ دیکھا۔کہا کیا یہ میرا رب ہے؟ پھر جب وہ غائب ہو گیا تو کہا میں غائب ہو جانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ پھر جب چاند کو چمکتا ہوا دیکھا تو کہا کیا یہ میرا رب ہے؟ پھر جب وہ بھی غائب ہو گیا تو بول اٹھے کہ اگر میرا پروردگار مجھے سیدھا راستہ نہ دکھائے گا تو میں بھی گمراہوں کے گروہ میں پڑ جاؤں گا۔ پھر جب سورج کو چمکتا ہوا دیکھا تو کہا کیا یہ میرا رب ہے؟ یہ سب سے بڑا ہے۔ پھر جب وہ غروب ہو گیا تو بول اٹھے اے میری قوم میں ان سب سے جن کو تم اس کا شریک ٹھہراتے ہو، بیزار ہوں۔ میں نے تو اپنا منہ اسی ذات کی طرف یکسو ہو کر کرلیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں''۔

قرآن حکیم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جائے پیدائش اور وطن کا تفصیلی ذکر موجود نہیں۔ تاہم حضرت لوط علیہ السلام کی طرف بھیجے جانے والے فرشتوں کا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آنے اور آپ کی زوجۂ محترمہ کو بچے کی ولادت کی خوشخبری دینے کا تذکرہ کر کے یہ بیان کیا گیا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت لوط علیہ السلام ہمعصر تھے اور ایک دوسرے کے قریب بھی رہتے تھے۔

قرآن حکیم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے متعلق بیان کردہ ایک اہم واقعہ، جس کا ذکر عہد نامۂ قدیم میں نہیں، تعمیرِ کعبہ ہے۔قرآنِ حکیم میں ہمیں بتایا گیا ہے کہ کعبہ کی تعمیر حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ کے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کی۔ آج مؤرخین کو کعبہ کے ماضی سے متعلق صرف یہ معلوم ہے کہ یہ زمانۂ قدیم سے مقدس مقام رہا ہے۔ حضور ﷺ سے قبل دورِ جاہلیت میں کعبہ میں بت رکھنے کا عمل حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل ہونے والے آسمانی مذہب کی تعلیمات میں تحریف اور بگاڑ کا نتیجہ تھا۔

## عہد نامۂ قدیم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تذکرہ:

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں مفصّل معلومات کا ذریعہ عہد نامۂ قدیم ہے اگرچہ



Marfat.com

اس کی بیان کردہ اکثر تفصیلات معتبر نہیں۔ عہد نامۂ قدیم کے مطابق آپ اُر (Ur) شہر میں ۱۹۰۰ قبل مسیح میں پیدا ہوئے جو وادئ نیل کے میدانوں کے جنوب مشرق میں واقع اپنے دور کا ایک مشہور شہر تھا۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے آپ کا نام ''ابراہام'' نہیں بلکہ ''ابرام'' رکھا گیا جسے بعد میں اللہ تعالیٰ نے تبدیل کیا۔

عہد نامہ قدیم کے مطابق ایک دن اللہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا کہ وہ اپنا وطن اور لوگ چھوڑ کر ایک انجانے ملک کی طرف ہجرت کریں اور وہاں نئی بستی کی بنیاد رکھیں۔ ۷۵ سالہ ابراہیم علیہ السلام نے اس پکار پر لبیک کہا اور اپنی اہلیہ ''سارائی'' جنہیں بعد میں سارہ یعنی شہزادی کہا گیا اور بھتیجے لوط علیہ السلام کے ساتھ چل پڑے۔ اس منتخب زمین کی طرف سفر کے دوران وہ کچھ دیر کے لیے حرّان میں رکے۔ اور پھر اپنا سفر جاری رکھا۔ جب آپ ارضِ موعودہ یعنی وادی کنعان میں پہنچے، تو انہیں بتایا گیا کہ یہ جگہ ان کے لیے خصوصی طور پر چنی گئی اور انہیں عطا کی گئی ہے۔ جب آپ کی عمر ۹۹ سال ہوئی تو آپ نے اللہ سے عہد کیا اور آپ کا نام تبدیل کیا گیا۔ آپ کا انتقال ۱۷۵ سال کی عمر میں ہوا اور آپ کو مغربی کنارے میں حبرون (الخلیل) کے شہر میں میکپیلا (Machpelah) کے غار میں دفن کیا گیا۔ یہ جگہ آج کل اسرائیل کے زیر تسلط ہے۔ یہ جگہ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کچھ رقم دے کر خریدی تھی، ان کی اور ان کے خاندان کی ارضِ موعودہ میں پہلی ملکیت تھی۔

## عہد نامۂ قدیم اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جائے ولادت:

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جائے ولادت ہمیشہ موضوع بحث رہی ہے۔ عیسائیوں اور یہودیوں کا دعویٰ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ودلات وادئ دجلہ وفرات کے جنوب میں ہوئی جبکہ اسلامی دنیا کے نقطہ نظر کے مطابق آپ کی ولادت عرفہ حرّان کے قریب علاقے میں ہوئی۔ جدید تحقیقات بتاتی ہیں کہ یہودیوں اور عیسائیوں کا نظریہ حقیقت پر مبنی نہیں ہے۔

یہودی اور عیسائی اپنے دعویٰ کے لیے عہد نامۂ قدیم پر انحصار کرتے ہیں جس کے مطابق حضرت ابراہیم علیہ السلام وادیٔ دجلہ وفرات کے جنوبی شہر اُر میں پیدا ہوئے۔ اس شہر میں پیدائش اور ابتدائی زندگی گزارنے کے بعد ان کے مطابق، آپ مصر روانہ ہوئے اور ایک طویل سفر کے بعد مصر پہنچے۔ دوران سفر آپ ترکی کے علاقے حرّان سے بھی گزرے۔



Marfat.com

تاہم عہد نامۂ قدیم کے ملنے والے ایک حالیہ نسخے نے اس سارے تصور کو غلط ثابت کر دیا ہے۔ تیسری صدی قبل مسیح کے اس یونانی نسخے میں، جسے عہد نامۂ قدیم کا سب سے قدیم ترین نسخہ تسلیم کیا گیا ہے، اُر شہر کا کوئی ذکر نہیں۔ دورِ حاضر کے اکثر محققین کے مطابق عہد نامۂ قدیم میں مذکور اُر یا تو غلط ہے یا بعد کا اضافہ ہے۔ گویا حضرت ابراہیم علیہ السلام اُر شہر میں پیدا نہیں ہوئے اور نہ ہی اپنی زندگی میں آپ کبھی وادیٔ دجلہ وفرات میں گئے۔

علاوہ ازیں اکثر جگہوں اور علاقوں کے نام وقت کے ساتھ تبدیل بھی ہوتے رہتے ہیں۔ آج وادیٔ دجلہ وفرات سے مراد عراقی سرزمین کا وہ جنوبی حصہ ہے جو دریائے فرات اور دجلہ کے درمیان واقع ہے۔ جبکہ آج سے دو ہزار سال قبل اس وادی سے مراد وہ شمالی علاقہ تھا جو حرّان تک حتیٰ کہ موجودہ ترکی علاقوں تک پھیلا ہوا تھا۔ اس لیے اگر ہم عہد نامۂ قدیم میں مذکور وادیٔ دجلہ و فرات کے میدانوں کو درست بھی تسلیم کر لیں یہ تصور کرنا سراسر غلط ہوگا کہ دو ہزار سال قبل کی وادیٔ دجلہ وفرات اور آج کی وادی ایک ہی جگہ ہیں۔

اگرچہ شہر اُر کے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جائے پیدائش ہونے پر اختلافات ہیں مگر یہ ایک مسلّمہ حقیقت ہے کہ حرّان اور اس کے قریبی علاقوں میں آپ کا قیام رہا۔ مزید برآں، عہد نامۂ قدیم پر کی جانے والی تحقیق بھی اس امر کی تصدیق کرتی ہے کہ آپ کی جائے ولادت حرّان ہے۔ مثلاً عہد نامۂ قدیم میں حرّان کے علاقے کو "وادیٔ ارم" قرار دیا گیا ہے (پیدائش۔ ۱۱:۳۱ اور ۲۸:۱۰) اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خاندان کے افراد کو "ابنائے ارمی" قرار دیا گیا ہے (استثناء۔ ۲۶:۵)۔ ابراہیم علیہ السلام اور ارمی میں مماثلت یہ ظاہر کرتی ہے کہ آپ نے اس علاقے میں زندگی گزاری۔

اسلامی ماخذوں کے مطابق اس بات کا بیّن ثبوت موجود ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جائے ولادت حرّان اور عرفہ ہے۔ عرفہ میں، جسے پیغمبروں کی سرزمین کہا جاتا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے متعلق بہت سی کہانیاں اور داستانیں مشہور ہیں۔

## عہد نامۂ قدیم میں تحریف کیوں کی گئی؟

عہد نامۂ قدیم اور قرآن مجید کی بیان کردہ تفصیلات سے ابراہیم اور ابراہام دو مختلف پیغمبر معلوم ہوتے ہیں۔ قرآن کے مطابق حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بت پرست قوم کی طرف بطورِ پیغمبر



Marfat.com

بھیجا گیا وہ لوگ اجرامِ فلکی، ستاروں، چاند اور دیگر بتوں کی پرستش کرتے تھے۔ آپ نے ان کے عقائد و نظامِ عبادات کے خلاف جدوجہد کی، انہیں خودساختہ اور توہماتی عقائد سے نجات دلانے کی کوشش کی جس کے نتیجے میں پورے معاشرے حتیٰ کہ والد کی دشمنی مول لی۔

جبکہ عہد نامۂ قدیم میں ان تفصیلات سے کچھ بھی مذکور نہیں۔ آپ کا آگ میں پھینکا جانا، برادری کے بتوں کو توڑنا وغیرہ عہد نامۂ قدیم میں بیان نہیں کیا گیا۔ بلکہ وہاں آپ کو یہودیوں کے جدِ امجد کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ یہ امر واضح ہے کہ عہد نامۂ قدیم میں آپ کے بارے میں یہ تصور یہودیوں نے اپنی نسلی برتری ثابت کرنے کے لیے شامل کیا۔ یہودیوں کا عقیدہ ہے کہ وہ خدا کے منتخب اور ہمیشہ کے لیے اعلیٰ و برتر قوم ہیں۔ اپنے اس عقیدے کو بیان کرنے کے لیے انہوں نے مبینہ طور پر الوہی صحیفہ میں کمی اور زیادتی کی۔ یہی وجہ ہے کہ عہد نامۂ قدیم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہودیوں کے جدِ امجد کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔

عیسائی، جو عہد نامۂ قدیم کو تسلیم کرتے ہیں، بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہودیوں کا جدِّ امجد تسلیم کرتے ہیں مگر ان کے نزدیک آپ یہودی نہیں بلکہ عیسائی ہیں۔ عیسائی نسلی برتری کو یہودیوں کی طرح زیادہ اہمیت نہیں دیتے۔ ان کا یہ اختلافی موقف دونوں مذاہب کے درمیان اختلاف کی بنیاد ہے۔ ان کے دلائل کی توضیح قرآن حکیم میں اللہ تعالیٰ نے یوں فرمائی ہے:

يٰٓاَهۡلَ الۡكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوۡنَ فِىۡۤ اِبۡرٰهِيۡمَ وَمَآ اُنۡزِلَتِ التَّوۡرٰةُ وَالۡاِنۡجِيۡلُ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ۝ هٰۤاَنۡتُمۡ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجۡتُمۡ فِيۡمَا لَـكُمۡ بِهٖ عِلۡمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوۡنَ فِيۡمَا لَـيۡسَ لَـكُمۡ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ وَاَنۡـتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۝ مَا كَانَ اِبۡرٰهِيۡمُ يَهُوۡدِيًّا وَّلَا نَصۡرَانِيًّا وَّلٰكِنۡ كَانَ حَنِيۡفًا مُّسۡلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۝ اِنَّ اَوۡلَى النَّاسِ بِاِبۡرٰهِيۡمَ لَـلَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡهُ وَهٰذَا النَّبِىُّ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا ؕ وَاللّٰهُ وَلِىُّ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۝ (آل عمران۔۶۵-۶۸)

"اے اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) تم ابراہیم کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو۔ حالانکہ توریت و انجیل، ان کے بعد اتاری گئیں کیا تم (اتنی بات بھی) نہیں سمجھتے۔

ہاں تم تو وہی لوگ ہو جو ان باتوں میں جھگڑتے رہے جن کا تم کو کچھ علم تھا، (لیکن اب) تم اس بات میں کیوں جھگڑتے ہو جس کا تمہیں کچھ (بھی) علم نہیں۔ اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔



Marfat.com

(سنو!) ابراہیم نہ یہودی تھے اور نہ نصرانی تھے۔ وہ تو سیدھی راہ پر چلنے والے مسلمان تھے اور وہ ہرگز مشرکوں میں سے نہ تھے۔

بے شک لوگوں میں ابراہیم کے ساتھ نزدیک وہ لوگ ہیں جنہوں نے ان کی پیروی کی اور یہ نبی (محمد ﷺ) اور وہ لوگ جو آپ پر ایمان لائے ہیں۔ اور اللہ اہلِ ایمان کا دوست (حامی و مددگار) ہے"۔

الغرض عہد نامۂ قدیم کی تفصیلات کے برعکس قرآن حکیم کے مطابق حضرت ابراہیم علیہ السلام وہ شخصیت ہیں جنہوں نے اپنی قوم کو اطاعتِ الٰہی کی ترغیب اور اللہ کے عذاب سے ڈرانے کی جدوجہد کی۔ اپنی نوجوانی کے ایام ہی سے آپ نے اپنی بت پرست قوم کو بت پرستی ترک کرنے کی تلقین کی۔ آپ کی قوم نے ردِعمل میں آپ کو قتل کرنے کی کوشش کی۔ اپنی قوم کے مظالم سے بچ جانے پر آپ نے بالآخر ہجرت کی۔

# قومِ لوط علیہ السلام کے احوال

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍ بِالنُّذُرِ ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ط نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ۝ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ط كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ۝ وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ۝ (القمر۔۳۳-۳۶)

''لوط کی قوم نے بھی پیغمبروں کی تکذیب کی۔ ہم نے ان پر پتھروں سے لدی ہوئی ہوا چلائی بجز لوط کے گھر والوں کے کہ ہم نے ان کو اخیر شب میں بچالیا۔ محض اپنے فضل سے۔ اسی طرح ہم ان کو جزا دیتے ہیں جو شکر گزاری کرتے ہیں۔ اور اس نے (یعنی لوط علیہ السلام نے اپنی قوم کو) ہماری گرفت سے ڈرایا۔ پھر انہوں نے اس ڈرانے میں جھگڑے نکالے''۔

حضرت لوط علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ہمعصر تھے۔ آپ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قریبی لوگوں کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا۔ وہ لوگ، قرآن حکیم کے بیان کے مطابق، غیر فطری عمل یعنی لواطت کا ارتکاب کرتے تھے جو اس وقت تک دنیا کو معلوم نہ تھا۔ جب حضرت لوط علیہ السلام نے انہیں اس غیر فطری عمل اور بدکاری سے منع کیا اور اللہ کے عذاب سے ڈرایا تو انہوں نے نہ صرف آپ کی دعوت کا انکار کیا بلکہ آپ کی نبوت تک کی تکذیب کر دی اور اپنے عملِ بد پر اڑے رہے۔ انجامِ کار ایک خوفناک تباہی کے ذریعے وہ لوگ ہلاک کر دیے گئے۔

عہد نامۂ قدیم میں حضرت لوط علیہ السلام کے شہر کو سدوم کہا گیا ہے۔ تحقیقات کے مطابق بحیرۂ احمر کے شمال میں واقع یہ شہر اس طرح تباہ ہوا جس طرح اس کی تفصیل قرآن حکیم میں بیان کی گئی ہے۔ آثارِ قدیمہ کا مطالعہ بتاتا ہے کہ یہ شہر بحیرۂ مردار کے علاقے میں واقع ہے جو اسرائیل اور اردن کی سرحد کے ساتھ پھیلا ہوا ہے۔ اس تباہی کے آثار کے مطالعے سے قبل ہم یہ دیکھتے ہیں کہ قومِ لوط کو اس طرح سزا کیوں دی گئی۔ قرآن حکیم لوط علیہ السلام کی دعوت و انذار اور اس کے ردِ عمل

میں ان کی قوم کے رویے کو یوں بیان کرتا ہے:

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍ نِ الْمُرْسَلِيْنَ ٥ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ٥ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ٥ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ٥ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ج اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ٥ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ط بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ٥ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ٥ قَالَ اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ٥ (الشعراء۔۱۶۰-۱۶۸)

''قومِ لوط نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا۔ جب ان سے ان کے بھائی لوط نے کہا: کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے؟ بے شک میں (اللہ کی طرف سے) تمہارے لیے ایک معتبر پیغام لانے والا ہوں۔ پس اللہ سے ڈرو اور میرا حکم مانو۔

اور میں اس پر تم سے کوئی صلہ نہیں چاہتا۔ میرا اجر تو سارے جہانوں کے پروردگار ہی کے ذمہ ہے۔

کیا تم اہلِ عالم میں سے لڑکوں پر مائل ہوتے ہو اور اپنی بیویوں کو جو اللہ نے تمہارے لیے بنائی ہیں ان کو چھوڑے رہتے ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ تم حد ہی سے نکل جانے والے لوگ ہو۔

وہ بولے اے لوط! اگر تم (اس نصیحت کرنے سے) باز نہ آئے تو تم گھر سے نکال دیے جاؤ گے۔

لوط نے فرمایا: میں (بھی) تمہاری حرکت سے بیزار ہوں''۔

یعنی راہِ حق کی طرف بلانے کے جواب میں آپ کی قوم نے آپ کو دھمکیاں دینا شروع کر دیں۔ قوم نے آپ کے راہِ ہدایت کی طرف بلانے کی وجہ سے آپ کی مخالفت شروع کر دی اور آپ کو اہلِ ایمان کے ساتھ وطن سے نکالنے پر مصر ہو گئے۔ دوسرے مقام پر قرآن حکیم نے اس تفصیل کو یوں بیان کیا:

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ٥ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ط بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ٥ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ج



Marfat.com

اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَo (الاعراف۔۸۰-۸۲)

''اور ہم نے لوط کو (پیغمبر بنا کر بھیجا) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم ایسا بے حیائی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے دنیا بھر میں کسی نے نہ کیا۔

بے شک تم تو عورتوں کو چھوڑ کر (خلافِ فطرت) مردوں پر خواہش نفسانی کو پورا کرنے کے لیے دوڑتے ہو، بلکہ تم لوگ حد سے تجاوز کرنے والے ہو۔

اور ان کی قوم کے پاس اس کا کچھ جواب نہ تھا سوائے اس کے کہ (آپس میں) کہنے لگے کہ ان کو اپنے شہر سے نکال دو۔ یہ لوگ بہت ہی پاکباز بنتے ہیں''۔

حضرت لوط علیہ السلام نے قوم کو ایک واضح سچائی کی طرف بلایا اور انجامِ بد سے بھی ڈرایا مگر اس ڈراوے کی طرف قوم نے کچھ توجہ نہ دی اور حضرت لوط علیہ السلام کی دعوت اور عذاب سے ڈرانے کو مسلسل جھٹلاتے رہے۔ارشادِ ربانی ہے:

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِہٖٓ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَo اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ لا وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ط فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِہٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَo (العنکبوت۔۲۸-۲۹)

''اور لوط نے جب اپنی قوم سے کہا تم بے حیائی کے کام کرتے ہو جو تم سے پہلے کسی نے بھی دنیا والوں میں سے نہ کیے۔

کیا تم مردوں سے بدفعلی کرتے ہو اور (آفرینش نسل کی) راہ منقطع کرتے ہو۔ اور اپنی مجلسوں میں برے کام کرتے ہو۔ تو اس کا جواب ان کے پاس اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ وہ کہہ اٹھے! اگر تم سچے ہو تو ہم پر اللہ کا قہر نازل کر دو''۔

جب حضرت لوط علیہ السلام نے اپنی قوم کا یہ طرزِ عمل دیکھا تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کی:

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَo (العنکبوت۔۳۰)

''(چنانچہ لوط علیہ السلام نے) عرض کی اے میرے رب ان مفسد لوگوں کے خلاف میری مدد فرما''۔

رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَo (الشعراء۔۱۶۹)

''اے میرے پروردگار مجھ کو اور میرے گھر والوں کو ان کے کاموں (کے وبال) سے



Marfat.com

نجات دے''۔

کی اس دعا پر اللہ تعالیٰ نے انسانی صورت میں دو فرشتے بھیجے۔ حضرت لوط علیہ السلام کی طرف آنے سے قبل فرشتے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خدمت میں گئے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ خوشخبری دینے کے بعد کہ ان کے ہاں ایک بیٹا پیدا ہوگا، فرشتوں نے اپنے آنے کا مقصد بیان کیا کہ وہ حضرت لوط علیہ السلام کی نافرمان قوم کو تباہ کرنے کے لیے آئے ہیں:

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ o قَالُوْآ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ o لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ o مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ o (الذّٰریٰت۔۳۱-۳۴)

''(حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا) اے فرشتو! تمہارا کیا مقصد ہے؟ انہوں نے کہا ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں تاکہ ہم ان پر مٹی کے پتھر برسائیں۔

(ایسے پتھر) جو آپ کے رب کے ہاں نشاندار ہیں اور حد سے بڑھنے والوں کے لیے ہیں''۔

اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ط اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ o اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ لا اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ o (الحجر۔۵۹-۶۰)

''بجز لوط کے گھر والوں کے کہ ہم ان سب کو بچالیں گے۔ البتہ ان کی عورت اس کے لیے ہم نے طے کرلیا ہے کہ وہ پیچھے رہ جائے گی''۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام سے رخصت ہونے کے بعد اللہ کے فرستادہ یہ فرشتے حضرت لوط علیہ السلام کے ہاں آئے۔ چونکہ حضرت لوط علیہ السلام سے پہلے کبھی نہ ملے تھے سو انہیں دیکھتے ہی پریشان ہوگئے۔ مگر بعد میں ان سے گفتگو کرنے پر اطمینان محسوس کرنے لگے:

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ o (ہود۔۷۷)

''اور جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے لوط کے پاس پہنچے تو وہ غمگین ہوئے اور تنگدل ہوئے اور کہا آج کا دن بڑا سخت دن ہے''۔

قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ o قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ o



Marfat.com

وَاَتَيۡنٰكَ بِالۡحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوۡنَ ۝ فَاَسۡرِ بِاَهۡلِكَ بِقِطۡعٍ مِّنَ الَّيۡلِ وَاتَّبِعۡ اَدۡبَارَهُمۡ وَلَا يَلۡتَفِتۡ مِنۡكُمۡ اَحَدٌ وَّامۡضُوۡا حَيۡثُ تُؤۡمَرُوۡنَ ۝ وَقَضَيۡنَاۤ اِلَيۡهِ ذٰلِكَ الۡاَمۡرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَاۤءِ مَقۡطُوۡعٌ مُّصۡبِحِيۡنَ ۝ (الحجر۔۶۲-۶۶)

"(لوط علیہ السلام نے) کہا تم تو، اوپرے لوگ معلوم ہوتے ہو!

وہ بولے بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز (عذابِ الٰہی) لے کر آئے ہیں جس کے بارے میں یہ لوگ شک کرتے تھے۔

اور ہم آپ کے پاس ایک حتمی فیصلہ لے کر آئے ہیں اور بے شک ہم بالکل سچے ہیں۔

پس آپ کچھ رات رہے اپنے گھر والوں کو لے کر نکل جائیے۔ اور آپ ان کے پیچھے چلیے اور آپ میں سے کوئی مڑ کر (پیچھے) نہ دیکھے اور جہاں کا آپ کو حکم ملا ہے چلے جائیے۔

اور ہم نے اس کی طرف اپنا یہ فیصلہ بھیج دیا کہ صبح ہوتے ہی ان (نافرمان لوگوں کی) جڑ ہی کٹ جائے گی"۔

اس دوران میں قوم کو معلوم ہو گیا کہ حضرت لوط علیہ السلام کے ہاں کچھ مہمان آئے ہیں۔ انہوں نے ان مہمانوں سے بھی اپنے برے ارادے کی تکمیل میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہ کی کیونکہ یہ ان کا پہلے سے معمول تھا۔ وہ لوگ آپ کے گھر کے اردگرد اکٹھے ہو گئے۔ اپنے مہمانوں کی عفت و عزت بارے تشویش کے پیشِ نظر حضرت لوط علیہ السلام نے اپنی قوم سے اس طرح خطاب کیا:

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَاۤءِ ضَيۡفِىۡ فَلَا تَفۡضَحُوۡنِ ۝ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخۡزُوۡنِ ۝
(الحجر۔۶۸-۶۹)

"(لوط علیہ السلام نے) کہا یہ لوگ میرے مہمان ہیں پس ان کے سامنے اور اس طرح کی باتیں کر کے مجھ کو رسوا نہ کرو اور خوف خدا کرو اور میری بے آبروئی نہ کرو"۔

مگر قوم نے اس پر کہا:

قَالُوۡۤا اَوَلَمۡ نَنۡهَكَ عَنِ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝ (الحجر۔۷۰)

"وہ بولے کیا ہم نے تم کو دنیا بھر کے لوگوں کی حمایت سے منع نہیں کیا؟"

یہ سوچتے ہوئے کہ وہ اور ان کے مہمان بے آبروئی کا شکار ہو جائیں گے حضرت لوط علیہ السلام نے فرمایا:



Marfat.com

قَالَ لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْٓ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍo (ہود۔۸۰)

''(حضرت لوط علیہ السلام نے) فرمایا: اے کاش میں تمہارے مقابلے میں زور آور ہوتا یا کسی مستحکم پناہ میں جا بیٹھتا''۔

فرشتوں نے آپ کو یاد دلایا کہ آپ پریشان نہ ہوں کیونکہ وہ اللہ کے فرستادہ ہیں:

قَالُوْا یٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّکَ لَنْ یَّصِلُوْٓا اِلَیْکَ فَاَسْرِ بِاَھْلِکَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّیْلِ وَلَا یَلْتَفِتْ مِنْکُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَکَ ط اِنَّہٗ مُصِیْبُھَا مَآ اَصَابَھُمْ ط اِنَّ مَوْعِدَھُمُ الصُّبْحُ ط اَلَیْسَ الصُّبْحُ بِقَرِیْبٍo (ہود۔۸۱)

''وہ بولے اے لوط! ہم تمہارے پروردگار کے بھیجے ہوئے ہیں۔ یہ تم تک بھی نہ پہنچ سکیں گے۔ لہٰذا کچھ رات رہے اپنے گھر والوں کو لے کر چلے جاؤ۔ اور تم میں کوئی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ ہاں تمہاری عورت۔ تو جو آفت ان پر پڑنے والی ہے اس پر (بھی) پڑے گی۔ ان پر عذاب کا وقت صبح کا ہے اور صبح میں اب دیر (ہی) کیا ہے؟''۔

جب آپ کی قوم کی بداعمالیاں اپنی انتہا کو پہنچ گئیں اللہ نے حضرت لوط علیہ السلام کو اپنے فرشتوں کے ذریعے بچا لیا۔ صبح ہوتے ہی وہ لوگ اس تباہی سے دوچار ہوئے جس سے حضرت لوط علیہ السلام انہیں خبردار کرتے رہے تھے:

وَلَقَدْ رَاوَدُوْہُ عَنْ ضَیْفِہٖ فَطَمَسْنَآ اَعْیُنَھُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِیْ وَنُذُرِo وَلَقَدْ صَبَّحَھُمْ بُکْرَۃً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّo (القمر۔۳۷-۳۸)

''اور ان سے ان کے مہمانوں کو برے ارادوں کے تحت لے لینا چاہا تو ہم نے ان کی آنکھیں مٹا دیں (ان کی روشنی سلب کر لی) اب میرے عذاب اور میرے ڈرانے کا مزہ چکھو۔ اور صبح سویرے ہی ان پر دائمی عذاب آ پہنچا''۔

قومِ لوط علیہ السلام کی تباہی کی تفصیل کو قرآن حکیم نے یوں بیان کیا:

فَاَخَذَتْھُمُ الصَّیْحَۃُ مُشْرِقِیْنَo فَجَعَلْنَا عَالِیَھَا سَافِلَھَا وَاَمْطَرْنَا عَلَیْھِمْ حِجَارَۃً مِّنْ سِجِّیْلٍo اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِیْنَo وَاِنَّھَا لَبِسَبِیْلٍ مُّقِیْمٍo (الحجر۔۷۳-۷۶)

''پس طلوعِ آفتاب کے ساتھ ہی ان کو ایک چنگھاڑ نے آ پکڑا۔



Marfat.com

پھر ہم نے اس بستی کو تہ و بالا کر ڈالا اور آسمان سے ان پر کنکر کے پتھر برسائے۔
اور بے شک اس میں اہلِ فراست کے لیے بڑی نشانیاں ہیں۔
اور (آج بھی مکہ سے شام کی) سیدھی راہ پر وہ بستی واقع ہے"۔

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ لا مَّنْضُوْدٍ o مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ط وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ o

(ہود۔۸۲-۸۳)

"پھر جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے اس (بستی کا) اوپر کا حصہ نیچے کر ڈالا۔ اور اس پر مسلسل پتھر کے کنکر برسائے تہ بہ تہ۔ آپ کے پروردگار کے ہاں سے نشان کیے ہوئے۔ اور ظالموں سے وہ اب بھی دور نہیں"۔

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ o وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ج فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ o اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ط وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ o وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ o (الشعراء۔۱۷۲-۱۷۵)

"پھر ہم نے اوروں کو ہلاک کر دیا۔
اور ان پر ایک مینہ برسایا۔ سو وہ کتنا برا مینہ تھا اس ڈرائے ہوئے لوگوں پر۔
بے شک اس واقعہ میں نشانی ہے اور ان میں اکثر لوگ ایمان لانے والے ہی نہ تھے۔
اور بے شک آپ کا رب ہی بڑی قوت والا اور رحم والا ہے"۔

جب قومِ لوط علیہ السلام پر عذاب نازل ہوا صرف حضرت لوط علیہ السلام اور آپ کے ساتھ چند اہلِ ایمان، جو آپ کے اہلِ بیت ہی تھے کو نجات ملی۔ حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی جو آپ پر ایمان نہ رکھتی تھی، بھی تباہی سے دوچار ہوئی:

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ o اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ط بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ o وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ج اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ o فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ز كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ o وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ط فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ o (الاعراف۔۸۰-۸۴)



Marfat.com

''اور اس طرح ہم نے لوط کو بھیجا۔ جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ کیا تم ایسا بے حیائی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے دنیا بھر میں کسی نے نہیں کیا!

بے شک تم تو عورتوں کو چھوڑ کر مردوں پر خواہش نفسانی کو پورا کرنے کے لیے دوڑتے ہو بلکہ تم حد سے تجاوز کرنے والے ہو۔

اور ان کی قوم کے پاس اس کا کچھ جواب نہ تھا سوائے اس کے کہ آپس میں کہنے لگے کہ ان کو اپنے شہر سے نکال دو یہ لوگ بہت ہی پاکباز بنتے ہیں۔

پھر ہم نے لوط کو اور ان کے گھر والوں کو بچا لیا سوائے ان کی بیوی کے کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں رہ گئی۔

اور ان پر ہم نے پتھروں کا مینہ برسایا۔ پس دیکھو کہ بدکاروں کا کیا انجام ہوا''۔

اس طرح حضرت لوط علیہ السلام اور ان کے اہل خانہ سوائے ایک عورت کے بچا لیے گئے۔ عہد نامۂ قدیم کے مطابق آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ہجرت کی۔ اور نافرمان لوگ تباہ کر دیے گئے اور ان کی آبادیاں زمین بوس ہوگئیں۔


## قومِ لوط علیہ السلام کی جھیل کی نشانیاں:

قومِ لوط علیہ السلام تباہی سے کس طرح دوچار ہوئی، سورۂ ہود میں اسے بڑے واضح طور پر بیان کیا گیا ہے:-

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ۝ (ہود۔۸۲)

''پھر جب ہمارا حکم (عذاب) پہنچا، تو ہم نے اس (بستی) کا اوپر کا حصہ نیچے کر ڈالا اور اس پر مسلسل پتھر کے کنکر برسائے تہ بہ تہ۔''

قرآن حکیم کا یہ بیان کہ ''اس بستی کو تہ و بالا کر دیا گیا'' بتاتا ہے کہ وہ علاقہ ایک خوفناک زلزلے سے کلیتاً تباہ کر دیا گیا۔ لوط علیہ السلام کی جھیل جہاں تباہی کا یہ واقعہ پیش آیا اس کے واضح نشانات کی حامل ہے۔




## قومِ لوط علیہ السلام کے علاقے کی فضائی تصویر


معروف جرمن ماہر آثارِ قدیمہ ورنر کیلر (Werner Keller) کے مطابق:

''وادئ سدیم بشمول سدوم و گموراہ، اس علاقے میں میں پھیلی ہوئی گہری کھائی کے ساتھ پاتال میں دھنسادی گئی تھی۔ ان کی تباہی ایک بڑے زلزلے کے نتیجے میں واقع ہوئی۔ اس زلزلے کے ساتھ دھماکہ، بجلی، قدرتی گیس اور آتش زدگی بھی اس تباہی میں شامل تھے (13)۔

حقیقت یہ ہے کہ لوط علیہ السلام کی جھیل جسے بحیرۂ مردار بھی کہا جاتا ہے زلزلوں کے اس علاقے کے انتہائی حساس حصے پر واقع ہے:

''بحیرہ مردار کی تہہ قشرِ ارض کی گہرائیوں میں واقع ہے۔ یہ وادی شمال میں واقع طبریہ جھیل (Taberiye Lake) سے جنوب میں واقع وادئ عرابہ (Arabah Valley) کے درمیان تک پھیلی ہوئی ہے (14)۔

متذکرہ بالا آیت کے آخری حصے میں بیان کیا گیا ہے کہ ''ہم نے ان پر پختہ مٹی کے تہہ در تہہ کنکر برسائے''۔ اس سے شاید یہ مراد ہوسکتی ہے کہ اس موقع پر آتش فشانی دھماکا ہوا اور اس سے جو




پتھر اور کنکر نکلے وہ گویا پختہ حالت میں تھے۔ سورۃ شعراء میں اسے یوں بیان کیا گیا:

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ (الشعراء۔۱۷۳)

''اور ہم نے ان پر ایک مینہ برسایا، سو وہ کتنا برا مینہ تھا، ان ڈرائے ہوئے لوگوں پر''۔

اس بارے میں ورنر کیلر (Werner Keller) لکھتا ہے:

''(اس دوران) اس ساری کھائی کی تہہ میں خوابیدہ آتش فشاں سے (بے شمار) مواد نکلا۔ بشان کے قریب اردن کی بالائی وادی میں اب بھی ختم شدہ آتش فشاں کے بلند و بالا دھانے موجود ہیں اور چونے کے پتھر کی سطح والی زمین پر لاوا اور دوسرے مواد کی تہیں جمی ہوئی ہیں'' (15)۔

لاوے اور پتھریلے مواد کی یہ تہیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ اس جگہ کبھی آتش فشانی دھماکے اور زلزلے آئے تھے۔ قوم لوط علیہ السلام کی تباہی کو بیان کرنے والا قرآنی بیان ''کہ ہم نے ان پر پختہ مٹی کے کنکر تہ بہ تہ برسائے'' شاید اس آتش فشانی تباہی کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ اور حقیقتِ حال کا اللہ ہی کو علم ہے۔ اور قرآن حکیم کا یہ بیان کہ ''جب ہمارا حکم آیا ہم نے شہر کو تہ و بالا کر دیا'' بھی شاید ان



Marfat.com





لوط علیہ السلام کی جھیل
کی فضائی تصویر



Marfat.com



حضرت لوط علیہ السلام کی جھیل یا بحیرۂ مردار کی تصویر


زلزلوں اور آتش فشانوں کی طرف اشارہ ہے جن کے اثر سے تباہ کن اثرات پیدا ہوئے اور زمین کی سطح تہ و بالا ہو کر رہ گئی۔ تاہم حقیقتِ حال اللہ ہی جانتا ہے۔

بلاشبہ لوط علیہ السلام کی جھیل کی یہ واضح نشانیاں بہت ہی دلچسپ ہیں۔ وہ تمام واقعات جن کا تذکرہ قرآن حکیم میں کیا گیا عموماً شرق الاوسط، جزیرہ نما عرب اور مصر میں وقوع پذیر ہوئے ہیں۔ ان ممالک کے عین وسط میں لوط علیہ السلام کی جھیل واقع ہے۔ لوط علیہ السلام کی جھیل اور وہ تمام واقعات جو اس کے گرد پیش آئے ارضیاتی طور پر بھی خصوصی توجہ کے مستحق ہیں۔ یہ جھیل بحیرۂ روم سے ۴۰۰ میٹر نیچے ہے۔ چونکہ جھیل کی گہرائی ۴۰۰ میٹر ہے، سو اس کی تہہ بحیرۂ روم کی سطح سے ۸۰۰ میٹر نیچے ہے۔ یہ زمین میں سب سے نچلا مقام ہے۔ دوسرے علاقے جو سطح سمندر سے نیچے ہیں زیادہ سے زیادہ ۱۰۰ میٹر گہرے ہیں۔ لوط علیہ السلام کی جھیل کی دوسری نمایاں خصوصیت اس کے پانی میں نمک کی زیادہ مقدار کا پایا جانا ہے جس سے اس کی کثافت ۳۰% کے قریب ہے۔ اس وجہ سے کوئی بھی زندہ جاندار مثلاً مچھلی یا کائی وغیرہ اس جھیل میں زندہ نہیں رہ سکتے۔ یہی وجہ ہے کہ مغربی ادب میں اسے بحیرۂ مردار (Dead Sea) کہا جاتا ہے۔

قومِ لوط علیہ السلام کا واقعہ، جو قرآن حکیم میں بیان کیا گیا ہے، کم و بیش ۱۸۰۰ قبل مسیح کو پیش آیا۔



Marfat.com



آتش فشاں کے پھٹنے
اوراس سے ہونے والی
تباہی کی تصویر جس سے
سب لوگ تباہ ہوگئے

حضرت لوط ﷷ کی جھیل
کی فاصلاتی تصویر

جرمن محقق ورنر کیلر (Werner Keller) نے اپنی آثارِ قدیمہ اور ارضیاتی تحقیق کی روشنی میں بیان کیا ہے کہ سدوم اور گموراہ کے شہر سدیم وادی میں واقع تھے جو لوط کی جھیل کے آخری اور زیریں ترین کنارے پر واقع تھے اور یہ علاقے کبھی بہت زیادہ آبادی والے شہروں پر مشتمل تھے۔

لوط ﷷ کی جھیل کی نمایاں ساختیاتی خصوصیات قرآن حکیم میں بیان کردہ واقعاتی تفصیل کی مزید توضیح کرتی ہیں:


''بحیرۂ مردار کے مشرقی ساحل پر ''اللّسان'' کا جزیرہ نما ایک زبان کی طرح پانی میں دور آگے چلا جاتا ہے۔ عربی میں ''اللّسان'' کا معنی زبان ہی ہے۔ خشکی سے نظر نہ آنے والی یہ زمین ایک بڑے زاویے کے ساتھ پانی میں گرتی ہے جس سے سمندر دو حصوں میں تقسیم ہو جاتا ہے۔ اس جزیرہ نما کے دائیں طرف سے زمین نیچے گہرائی کی طرف ۱۲۰۰ فٹ تک گہری تیز ڈھلوان بناتی ہے اور جزیرہ نما کے بائیں طرف پانی نمایاں حد تک کم گہرا ہے۔ پچھلے چند سالوں کے مشاہدے کے مطابق یہ گہرائی ۵۰ سے ۶۰ فٹ تک ہے۔ بحیرۂ مردار کا یہ غیر معمولی کم گہرا حصہ جو جزیرہ نما



Marfat.com



Marfat.com



Marfat.com




لوط علیہ السلام کی جھیل کے گرد موجود
پہاڑوں کی فضائی تصویر

اللّسان سے دو جنوبی کنارے تک پھیلا ہوا ہے وادی سدیم پر مشتمل تھا''(16)۔

ورنر کیلر (Werner Keller) کے مطابق یہ کم گہرا ہے، جو بعد میں دریافت ہوا، کسی زبردست زلزلے کی وجہ سے وجود میں آیا تھا۔ اور یہی وہ جگہ تھی جہاں قومِ لوط علیہ السلام کے شہر سدوم اور گموراہ آباد تھے۔

کبھی اس علاقے سے پیدل سفر بھی ممکن تھا۔ مگر اب یہ وادیٔ سدیم بحیرۂ مردار کے نچلے حصے کے پانی کی ایک ہموار سطح سے ڈھکا ہوا ہے۔ اس علاقے میں دو ہزار قبل مسیح کو آنے والے زلزلے اور تباہی سے شمال سے نمکین پانی اس طرف آیا اور اس طرح اس جگہ نمک والا پانی جمع ہو گیا۔

لوط علیہ السلام کی جھیل میں ماضی کے آثار بھی بڑے واضح ہیں۔ اگر آدمی کشتی پر جھیل کے آخر جنوبی کنارے کی طرف سفر کرے اور سورج دائیں طرف چمک رہا ہو تو بہت ہی حیرت انگیز منظر نظر آتا ہے۔ ساحل سے کچھ فاصلے پر پانی کے اندر وہ جنگل بڑے واضح طور پر نظر آتے ہیں جنہیں غیر معمولی حد تک نمکین پانی نے محفوظ کر دیا ہے۔ چمکتے ہوئے سبز پانی میں درختوں کے تنے اور جڑیں بہت ہی واضح طور پر نظر آتے ہیں۔ یہ چمکتے دمکتے درخت کبھی وادیٔ سدیم میں بہت ہی دلکش اور حسین نظارہ پیش کرتے تھے۔





جھیل کے کنارے موجود شہر کے آثار جو جھیل میں ڈوب گئے۔ ان آثار سے قومِ لوط علیہ السلام کے اعلیٰ معیارِ زندگی کا اندازہ ہوتا ہے۔



Marfat.com



قومِ لوط علیہ السلام کی تباہی کو کئی مصوّروں نے اپنا موضوع بنایا

قومِ لوط علیہ السلام پر آنے والی تباہی کا میکانکی پہلو بھی ماہرینِ ارضیات کی تحقیقات سے سامنے آیا ہے۔ یہ تحقیقات بتاتی ہیں کہ قومِ لوط علیہ السلام کو تباہ کرنے والا یہ عظیم زلزلہ زمین کے ۱۹۰ کلو میٹر کے فاصلے تک پھٹنے سے پیش آیا جس سے دریائے ''شیریں'' کی تہہ وجود میں آئی۔ دریائے شیریں کی گہرائی ۱۸۰ میٹر تک ہے۔ یہ دونوں حقائق اور یہ کہ لوط علیہ السلام کی جھیل سطح سمندر سے ۴۰۰ میٹر نیچے ہے اس امر کا ثبوت ہے کہ اس علاقے میں کوئی غیر معمولی ارضیاتی واقعہ پیش آچکا ہے۔

دریائے شیریں اور لوط علیہ السلام کی جھیل کی دلچسپ ساخت زمین کے اس حصے سے گزرنے والے شگاف کا ایک تھوڑا حصہ ہی بناتی ہیں۔ اس شگاف کی لمبائی اور ساخت حال میں ہی دریافت ہوئی ہے۔

یہ شگاف کوہِ ثور کے قریب سے شروع ہو کر لوط علیہ السلام کی جھیل کے ساحلوں تک پھیلتا ہوا صحرائے عرب اور خلیجِ عقبہ تک جا پہنچتا ہے اور بحیرۂ احمر سے گزرتا ہوا افریقہ میں جا کر ختم ہوتا ہے۔ اس سارے فاصلے کے ساتھ ساتھ آتش فشانی کے واقعات عام ہیں۔ سیاہ پتھر اور لاوا اسرائیل میں گلیلی کی پہاڑیوں، اردن کے بالائی میدانی علاقوں، خلیجِ عقبہ اور دوسرے قریبی علاقوں میں عام ہیں۔

یہ تمام آثار اور جغرافیائی شواہد اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ لوط علیہ السلام کی جھیل میں بڑا تباہی کا

واقعہ پیش آچکا ہے۔ ورنر کیلر (Werner Keller) لکھتا ہے:

''وادیٔ سدیم بشمول سدوم وگموراہ، اس علاقے میں پھیلی ہوئی گہری کھائی کے ساتھ پانی میں دھنسا دی گئی تھی۔ ان کی تباہی ایک بڑے زلزلے کے نتیجے میں واقع ہوئی۔ اس زلزلے کے ساتھ دھماکے، بجلی، قدرتی گیس اور آتش زدگی بھی اس تباہی میں شامل تھے۔ اس ساری تباہی کے عمل کے دوران اس گہری کھائی کی تہہ میں خوابیدہ آتش فشاں سے مواد نکلا۔ بشان کے قریب اردن کی بالائی وادی میں اب بھی ختم شدہ آتش فشاں کے بلند و بالا دھانے موجود ہیں۔ اور چونے کے پتھروں کی سطح والی زمین پر لاوا اور دوسرے مواد کی تہیں جمی ہوئی ہیں'' (17)۔

دسمبر ۱۹۵۷ء کو نیشنل جیوگرافکس نے اس پر یہ تبصرہ کیا:

''سدوم کی بے آب و گیاہ اور ویران چوٹی بحیرۂ مردار سے اوپر بلند ہوتی ہے۔ سدوم اور گموراہ تباہ شدہ شہروں کو کسی نے بھی نہیں دیکھا مگر محققین کا خیال ہے کہ وہ ان چٹانوں کے پار سدیم کی وادی میں واقع تھے شاید کسی بڑے زلزلے کے نتیجے میں وہ شہر بحیرۂ مردار کے سیلاب کی نذر ہوگئے'' (18)۔

## پومپی آئی (Pompeii) کا انجام:

قرآن حکیم کی یہ آیات ہمیں اس حقیقت سے آگاہ کرتی ہیں کہ الُوہی قانون میں کبھی کوئی تبدیلی نہیں آتی:

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ج فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرَا o ن اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ط وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ط فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ج وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا o (فاطر۔۴۲-۴۳)

''اور (یہ منکرِ حق) اللہ کی سخت قسمیں کھاتے تھے کہ اگر ان کے پاس کوئی ڈرانے والا آیا تو وہ ہر امت سے زیادہ ہدایت قبول کرنے والے ہوں گے۔ پھر جب ان کے پاس (واقعی) اللہ سے ڈرانے والا آیا تو اس سے ان کی نفرت ہی میں اضافہ ہوا۔

یہ سب کچھ دنیا میں غرور کرنے اور بری چالوں کے چلنے کی بنا پر ہوا، اور بری چالوں کا وبال خود مکر کرنے والوں پر ہی پڑتا ہے۔ پس کیا یہ لوگ اس دستور کے منتظر ہیں جو اگلی امتوں



Marfat.com



تباہی سے قبل پومپی آئی شہر کی عیاشی اور خوشحالی کا ایک نظارہ

Marfat.com

کے ساتھ ہوتا رہا۔ تو آپ اللہ کے دستور کو بدلتا نہ پائیں گے۔ اور اللہ کے دستور میں آپ کوئی تغیر نہ پائیں گے''۔

یقیناً اللہ کے قانون میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ ہر وہ شخص جو اللہ کے قوانین کی مخالفت کرتا ہے اور اس سے بغاوت کرتا ہے وہ اس اُلوہی قانون کے تحت انجام سے دوچار ہوتا ہے۔ سلطنتِ روم کا شہر پومپی آئی (Pompeii) بھی اسی طرح جنسی بدفعلیوں کا شکار تھا، اس کا انجام بھی قومِ لوط علیہ السلام جیسا ہی ہوا اور اس شہر کی تباہی بھی ایک آتش فشاں وسوویس (Vesuvius) کے پھٹنے سے واقع ہوئی۔

وسوویس (Vesuvius) آتش فشاں کو اطالیہ (Italy) خصوصاً نیپلز (Naples) کی علامت قرار دیا جاتا ہے۔ گزشتہ دو ہزار سال سے خاموش ہونے کے باوجود اسے ''ڈراوے کی پہاڑی'' کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ اس آتش فشاں کو یہ نام بلاوجہ نہیں دیا گیا۔ وہ تباہی جو سدوم اور گموراہ میں آئی اسی طرح کی ہے جو پومپی آئی (Pompeii) پر آئی۔


وسوویس (Vesuvius) کے دائیں طرف نیپلز اور بائیں طرف پومپی شہر واقع ہے۔ اس بڑے آتش فشاں سے دو ہزار سال قبل نکلنے والے لاوے اور آگ نے اس شہر کے مکینوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ یہ تباہی اتنی اچانک تھی کہ عین دن کے وقت رواں دواں زندگی اس کی لپیٹ میں آ گئی اور آج بھی اس کے آثار اسی طرح موجود ہیں جیسا کہ دو ہزار سال قبل تھے۔ ایسے لگتا ہے کہ وقت کے دھارے کو منجمد کر دیا گیا ہو۔

پومپی آئی کو دنیا کے نقشے سے اس طرح مٹا دینا ہرگز بے مقصد نہ تھا۔ تاریخی شواہد گواہ ہیں کہ یہ شہر گناہ اور بدکاریوں کا مرکز تھا۔ اس شہر میں بدکاری اور زنا اتنا عام تھا کہ بدکاری کے اڈوں کی تعداد تک کا شمار نہ تھا۔ رنڈیوں کے گھروں پر اصل سائز کے مردانہ عضوِ تناسل لٹکائے جاتے تھے۔ گویا ان لوگوں کی روایات کے مطابق اعضاءِ مخصوصہ اور





پومپی آئی میں ہونے والی کھدائیوں سے سامنے آنے والی دہشت زدہ لاشیں



Marfat.com



جنسی اختلاط کو پوشیدہ نہیں رکھا جاتا تھا بلکہ ان کی نمائش کی جاتی تھی۔

مگر وسوویس (Vesuvius) کے آتش فشاں نے سارا شہر آناً فاناً صفحۂ ہستی سے مٹا دیا۔ اس المیے کا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ آتش فشاں کا شور سن کر بھی کوئی شخص فرار نہ ہوا۔ گویا وہ اپنی مستی میں اتنے مگن تھے کہ انہیں اس کا خیال تک نہ آیا۔ ایک خاندان جو کھانا کھا رہا تھا اس حالت میں پتھر بن گیا۔ لاوے سے متحجّر ہونے والے اکثر جوڑے جنسی فعل میں مشغول تھے۔ سب سے دلچسپ بات یہ کہ اکثر جوڑے ہم جنس تھے اور نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں پر مشتمل تھے۔ کھدائیوں سے نکلنے والے اکثر متحجر انسانی چہرے بالکل صحیح اور سالم ہیں اور ان کے چہروں سے بوکھلاہٹ اور پریشانی نمایاں ہے۔

اس تباہی کے منظر کا ناقابل فہم پہلو یہ ہے کہ یہ ہزاروں لوگ کس طرح کوئی چیز دیکھے اور سنے بغیر موت کے انتظار میں پڑے رہے؟ اس پہلو کا جواب یوں ملتا ہے کہ پومپی آئی کی تباہی بھی ماضی کی قوموں کی اس تباہی سے مشابہ ہے جسے قرآن نے ''اچانک تباہی'' سے موسوم کیا ہے۔ سورۂ یٰسین میں ساکنانِ شہر کی تباہی کو اس طرح ایک لمحے میں یک لخت تباہی کہا گیا۔ ارشاد ہوتا ہے:

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ٥ (یٰسین۔۲۹)


''بس یہی ایک چنگھاڑ تھی۔ بس وہ سب اسی دم بجھ کر رہ گئے!''



پومپی آئی میں ہونے والی کھدائیوں سے سامنے آنے والی دہشت زدہ لاشوں کی ایک اور مثال



Marfat.com



Marfat.com



پومپی آئی میں ہونے والی کھدائیوں سے سامنے آنے والی دہشت زدہ لاشیں
• یک لخت اور اچانک تباہی کی ایک مثال

سورۂ قمر میں گموراہ کی تباہی کو ایسی ہی یک لخت تباہی سے موسوم کیا گیا:

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ٥

(القمر۔۳۱)

''ہم نے ان پر ایک سخت چیخ بھیجی۔ پھر وہ اس طرح ہلاک ہو کر رہ گئے جیسے کانٹوں کی روندی ہوئی باڑھ''۔

پومپی آئی کے مکینوں کی تباہی بھی اسی طرح اچانک ہوئی جو متذکرہ بالا آیات میں بیان کی گئی ہے۔اس سب کے باوجود آج بھی حالات وہی ہیں جو پومپی آئی شہر کے مکینوں کے تھے۔ کیپری کا جزیرہ وہ جگہ ہے جہاں ہم جنس پرست اور برہنہ پرست لوگ رہتے ہیں۔ ٹورسٹ کمرشل میں کیپری کے جزیرے کو''ہم جنسوں کی جنت'' کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ نہ صرف کیپری یا اٹلی میں بلکہ پوری دنیا میں اسی طرح کا اخلاقی زوال طاری ہے اور لوگوں کی روش یہ ہے کہ وہ ماضی کے ان خوفناک تجربات سے کچھ بھی سیکھنے کے لیے تیار نہیں۔



Marfat.com

# قومِ عاد کا تذکرہ

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝ (الحاقہ۔۶-۸)

''اور عاد تو ایک تند و تیز اور سخت ہوا سے تباہ کر دیے گئے۔

جس کو اللہ نے ان پر سات رات اور آٹھ دن تک متواتر مسلط رکھا۔ پھر تو ان لوگوں کو اس (آندھی) میں دیکھتا تو ان کو ایسا گرا ہوا پاتا جیسے کھجور کے کھوکھلے تنے۔

پھر کیا تو ان میں سے کسی کو آج بچا ہوا دیکھتا ہے؟''

قرآن حکیم میں مذکورہ تباہی سے دوچار ہونے والی ایک قوم عاد ہے جن کا تذکرہ قومِ نوح کے بعد کیا گیا ہے۔ ان کی طرف حضرت ہود علیہ السلام کو بھیجا گیا۔ آپ نے دوسرے انبیاء کی طرح ان لوگوں کو شرک ترک کرنے اور ایک اللہ پر ایمان لانے اور اس کی اطاعت کرنے کا درس دیا۔ مگر اس کے جواب میں آپ کی قوم آپ کی دشمن بن گئی۔ انہوں نے آپ پر کم عقلی، کذب اور آباء و اجداد کے بتائے ہوئے نظامِ زندگی کو تہ و بالا کرنے کا الزام لگایا۔ قرآن حکیم نے حضرت ہود علیہ السلام کی دعوتِ حق اور آپ کی قوم کے ردِ عمل کو یوں بیان کیا ہے:

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝ يٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْۤ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ

لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ
اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا
تُنْظِرُوْنِ ۝ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ
بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ
اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ؕ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْئًا ؕ
اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝ وَتِلْكَ عَادٌ جَحَدُوْا
بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ
الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ
هُوْدٍ ۝ (ہود۔۵۰-۶۰)

''اور قوم عاد کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہود کو بھیجا۔انہوں نے کہا اے میری قوم تم صرف اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ یہ تمہارا محض اللہ پر بہتان باندھنا ہے۔

اے میری قوم! میں اس پر تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا، میرا اجر تو اس کے ذمے ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے تو کیا تم نہیں سمجھتے۔

اور اے میری قوم! اپنے رب سے بخشش مانگو پھر اس کی طرف رجوع کرو۔اللہ تم پر آسمان سے موسلا دھار مینہ برسائے گا اور تم کو قوی سے قوی تر کردے گا۔اور گنہگار بن کر روگردانی نہ کرو۔

وہ بولے اے ہود! تم ہمارے پاس کوئی سند لے کر نہیں آئے۔اور محض تمہارے کہنے سے نہ ہم اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے ہیں اور نہ ہم تم پر ایمان لانے والے ہیں۔

ہم تو یہی کہتے ہیں کہ ہمارے کسی معبود نے تم کو بری طرح آسیب زدہ کیا ہے۔

ہود نے کہا! میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ میں ان سے بیزار ہوں جن کو تم شریک بناتے ہو۔

اس اللہ کے سوا۔تم سب مل کر میرے بارے میں جو برائی کرنی چاہو کرلو پھر مجھ کو مہلت نہ دو۔

اور میں نے اللہ پر بھروسہ کیا جو میرا اور تمہارا رب ہے۔ ہر چلنے پھرنے والے کی چوٹی اس



Marfat.com

کے ہاتھ میں ہے۔ بے شک میرا رب سیدھے راستہ پر ہے۔
اب اگر تم اور روگردانی کرتے رہے تو جو مجھے دے کر بھیجا گیا ہے میں نے وہ تم تک پہنچا دیا ہے اور میرا پروردگار تمہاری جگہ کسی اور قوم کو قائم مقام بنائے گا اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے۔ بے شک میرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے۔
اور جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے ہود کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے تھے ان کو اپنی رحمت سے بچا لیا اور ایک سخت عذاب سے ہم نے ان کو نجات دی۔
اور یہ تھی قوم عاد جس نے اپنے رب کی نشانیوں سے انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی۔ اور ہر سرکش و متکبر کی فرمانبرداری کی۔
اور اس دنیا میں بھی لعنت کے پیچھے لگی رہی اور قیامت کے دن بھی۔ دیکھو عاد نے اپنے پروردگار سے کفر کیا۔ خوب سن لو ہود کی قوم عاد پر پھٹکار ہے!"
قومِ عاد کا تذکرہ دوسرے مقام پر سورۂ شوریٰ میں کیا گیا۔ اس سورۃ میں قوم عاد کی کچھ خصوصیات بیان کی گئیں۔ اس تفصیل کے مطابق عاد اونچے مقامات پر اپنے نشانات تعمیر کرتے تھے اور وہ اپنے لیے رہائش کی اعلیٰ وعمدہ عمارات تعمیر کرتے تھے۔ ان کا عمومی سماجی رویہ بغاوت، گمراہی اور ظلم پر مبنی تھا۔ جب حضرت ہود علیہ السلام نے انہیں اس سے باز رہنے کی تلقین کی اور اللہ کے عذاب سے ڈرایا تو انہوں نے اسے پرانا معمول قرار دیا۔ انہیں اس بات کا یقین تھا کہ حضرت ہود علیہ السلام کی دعوت اور انذار ان کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا:

كَذَّبَتْ عَادُ نِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ج اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ۝ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ۝ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَاتَّقُوا الَّذِىْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ۝ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ۝ وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ۝ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ط اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ط


Marfat.com

وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَO وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُO

(الشعراء۔۱۲۳-۱۴۰)

''قومِ عاد نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا۔

جب ان کے بھائی ہود نے ان سے کہا کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے

بے شک میں تمہارے لیے امانت دار رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

پس اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔

اور میں تم سے اس کا صلہ نہیں چاہتا میرا اجر تو سب جہانوں کے پروردگار کے ذمہ ہے۔

کیا تم ہر اونچی زمین پر ایک فضول نشان بناتے ہو۔

اور تم پرتکلّف محل بناتے ہو کہ شاید تم ہمیشہ رہو گے۔

اور جب تم کسی کی گرفت کرتے ہو تو بڑی بے دردی سے گرفت کرتے ہو۔

پھر اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

اور اس سے ڈرو جس نے تم کو وہ بے شمار چیزیں عطا فرمائیں جو تم جانتے ہو۔

تم کو چوپائے اور بیٹے عطا کیے۔

اور باغات اور چشمے عطا کیے۔

مجھے تمہارے بارے میں ایک بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے۔

بولے تم ہم کو نصیحت کرو یا نہ کرو ہمارے لیے یکساں ہے۔

یہ تو اگلے لوگوں کی عادت ہے۔

اور بہر حال ہم کو کوئی عذاب نہ ہو گا۔

غرض انہوں نے ہود کو جھٹلایا سو ہم نے ان کو ہلاک کر دیا۔ بے شک اس میں نشانی ہے اور ان میں اکثر لوگ ایمان لانے والے ہی نہ تھے۔

اور بلاشبہ آپ کا رب بڑا غلبے والا اور مہربان ہے''۔

جن لوگوں نے ہود علیہ السلام کی مخالفت اور اللہ کے احکامات سے بغاوت کی ہلاک کر دیے گئے۔ ایک خوفناک طوفان نے عاد کو اس طرح تباہ و برباد کر دیا گویا کہ وہ کبھی تھے ہی نہیں۔



Marfat.com

## ارم شہر کے قدیم آثار:

۱۹۹۰ء کے اوائل میں دنیا بھر کے معروف اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی ''عرب کا فراموش شدہ شہر دریافت''، ''عرب کا داستانی شہر دریافت''، ''ریت کا سمندر عبار دریافت ہوگیا''۔ ماہرینِ آثارِ قدیمہ کی اس دریافت کی اہمیت اس امر سے بھی دوچند ہوگئی کہ اس شہر کا تذکرہ قرآن حکیم نے بھی کیا ہے۔ بہت سے ایسے لوگ جن کا خیال تھا قرآن میں مذکور قومِ عاد یا تو کسی داستان سے تعلق رکھتی ہے یا ان کی جگہ کا تعین ناممکن ہے، اس دریافت سے ورطۂ حیرت میں ڈوب گئے۔ وہ شہر جو بدوؤں کی زبانی داستانوں میں موجود تھا، اس کی دریافت سے بہت ہی دلچسپی اور تجسّس پیدا ہوگیا۔


قرآن حکیم میں مذکور اس شہر کو ایک شوقیہ ماہرِ آثارِ قدیمہ نکولس کلیپ (Nicholas Clapp) نے دریافت کیا (19)۔ عربی تاریخ اور دستاویزی فلموں کا ماہر ہونے کے ناطے اسے اپنی تحقیق کے دوران عرب کی تاریخ سے متعلق ایک نادر کتاب دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ یہ کتاب ایک انگریز محقق برٹرم تھامس (Bertram Thomas) کی کتاب عربیا فلیکس (Arabia Felix) تھی جو اس نے ۱۹۳۲ء میں لکھی تھی۔ اس کتاب میں جزیرہ نما عرب کے جنوبی حصوں کی تفصیلات بیان کی گئی تھی جس میں آج کے یمن اور عمان کا اکثر حصہ شامل ہے۔ اس علاقے کو یونانی یوڈیم عربیا (Eudaimon Arabia) اور قرونِ وسطیٰ کے عرب سکالر ''الیمن السعیدہ'' کہتے تھے (20)۔

ان تمام ناموں کا مفہوم ''خوش نصیب عرب'' ہے۔ کیونکہ اس دور میں ان علاقوں میں رہنے والے لوگ دنیا کے سب سے زیادہ خوش نصیب لوگ تصور ہوتے تھے۔ اور اس خوش نصیبی کی کچھ وجوہات بھی تھیں۔ اس علاقے کے لوگ ایک اہم خطے کے باسی تھے جہاں وہ ہند اور شمالی علاقوں کے مابین مسالوں کی تجارت میں مرکزی کردار ادا کرتے تھے۔ اس علاقے میں لوبان اور پایاب درختوں سے خوشبودار مادہ بھی پیدا ہوتا تھا جس کی اس دور میں مذہبی تہواروں میں استعمال کی وجہ سے سونے سے بھی زیادہ قدر و قیمت تھی۔ اس کے مالک اس خطے کے رہنے والے ہی تھے۔

انگریز محقّق تھامس نے ان خوش نصیب قبیلوں کے حالات کو تفصیل سے بیان کیا اور دعویٰ کیا کہ اس نے ان میں ایک قبیلے کے آباد کردہ شہر کو دریافت کرلیا ہے (21)۔ بدوؤں کے مطابق یہ شہر عبار تھا۔ اس علاقے کے ایک دورے کے دوران صحرا میں رہنے والے خانہ بدوشوں نے اسے پرانے



Marfat.com




عاد کے شہر عبار کے آثار جو عمّان کے ساحل پر پائے گئے

Marfat.com

راستے بھی دکھائے اور بتایا کہ یہ راستے اس قدیم گھر عبار کی طرف جاتے ہیں تاہم تھامس اپنی اس انتہائی دلچسپی کی حامل تحقیق کی تکمیل سے قبل ہی انتقال کر گیا۔


کلیپ (Clapp) کو انگریز محقق تھامس کی کتاب کے مطالعے کے بعد اس امر کا یقین ہو گیا کہ اس کتاب میں مذکور گمنام شہر کا وجود ہے۔ اب اس نے اس شہر کی تلاش شروع کر دی۔ اس شہر کی دریافت کے لیے اس نے دو طریقے اختیار کیے۔ پہلے اس نے خانہ بدوشوں کے بتائے ہوئے راستوں کا کھوج لگایا۔ پھر ناسا (NASA) سے درخواست کی کہ اسے اس علاقے کی فضائی تصویر مہیا کی جائے۔ کافی جدوجہد کے بعد اس نے ناسا (NASA) کے ذمہ داران کو علاقے کی تصویریں فراہم کرنے پر راضی کر لیا (22)۔

کلیپ (Clapp) نے کیلیفورنیا کی ہنٹنگٹن (Huntington) لائبریری کے پرانے مسودات اور نقشوں کا مطالعہ جاری رکھا۔ اس کا مقصد اس علاقے کے کسی نقشے کی دریافت تھا۔ تھوڑے ہی عرصے میں اس نے ایک نقشہ دریافت کر لیا۔ یہ نقشہ ۲۰۰ء میں یونانی مصری ماہر



قرآن حکیم کے بیان کے مطابق عبار میں فن اور اعلیٰ تہذیب کا نمونہ کئی عمارتیں تعمیر کی گئیں ان
میں سے آج صرف یہ آثار باقی ہیں۔

Marfat.com



عبار میں کی جانے والی کھدائیاں

جغرافیہ بطلیموس نے بنایا تھا۔ اس نقشے میں علاقے میں موجود پرانے شہر کا محلِ وقوع اور اس کی طرف جانے والے تمام راستے دکھائے گئے تھے۔

اس دوران اسے اطلاع ملی کہ ناسا (NASA) نے تصاویر بنالی ہیں۔ ان تصاویر میں کچھ قافلوں کے کچھ راستے بھی نظر آ رہے تھے جنہیں شاید عام آنکھ سے نہ دیکھا جاسکتا اور صرف آسمانی منظر سے ہی دیکھے جاسکتے تھے۔ ان تصاویر کا تقابل پرانے نقشے سے کرنے سے کلیپ (Clapp) اس نتیجے پر پہنچا کہ پرانے نقشے میں جو راستے دکھائے گئے تھے وہ وہی راستے تھے جو سیٹلائٹ سے لی گئی تصاویر میں نظر آ رہے تھے۔ ان راستوں کے آخر میں ایک وسیع جگہ واقع تھی جو لازماً کبھی کوئی شہر تھا۔

آخر کار خانہ بدوشوں کی زبانی کہانیوں میں بیان کیے جانے والے قدیم اور افسانوی شہر کا محلِّ وقوع دریافت کرلیا گیا تھا۔ کچھ وقت کے بعد کھدائیاں شروع کردی گئیں اور ریت کے نیچے سے پرانے شہر کے آثار سامنے آنے لگے۔ اس طرح اس پرانے شہر کو ریت کا شہر (اطلانیطہ) عبار قرار دیا گیا۔

وہ کون سے شواہد تھے جن سے یہ ثابت ہوتا کہ یہ شہر اسی قومِ عاد کی بستی ہے جن کا تذکرہ قرآن حکیم میں کیا گیا ہے؟



Marfat.com



سپیس شٹل کے ذریعے لی جانے والی تصاویر کے ذریعے سامنے آنے والے شہر عاد کے آثار، تصویر میں قافلوں کے راستے کے ملنے کی جگہ کونشان زدہ کیا گیا ہے جو عبار کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔




(۱) کھدائیوں سے قبل عبار کا فضائی منظر (۲) کھدائیوں سے ۱۲ میٹر گہرا شہر دریافت کیا گیا

Marfat.com

کھدائیوں کے آغاز میں ہی جب آثار سامنے آنے لگے یہ حقیقت واضح ہو چکی تھی کہ یہ تباہ شدہ شہر قرآن حکیم میں مذکور عاد اور اِرم کے ستونوں کا شہر ہے کیونکہ سامنے آنے والی تعمیرات میں وہ مینار بھی شامل تھے جن کا ذکر قرآن حکیم میں کیا گیا ہے۔ کھدائیاں کرنے والی ٹیم کے نگران ایک محقق ڈاکٹر زرینز (Dr. Zarins) نے بتایا کہ چونکہ میناروں کی تعمیر عبار کی اہم خصوصیت تھی اور ارم میں مینار یا ستون تعمیر کیے گئے تھے، سو یہ اس بات کا قوی ثبوت تھا کہ سامنے آنے والا شہر قرآن حکیم میں مذکور عاد کا شہر ارم ہی تھا۔ قرآن حکیم نے ارم کا تذکرہ یوں کیا ہے:

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ٥ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ٥ الَّتِىْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِى الْبِلَادِ٥ (الفجر۔٦-٨)

''کیا آپ نے ملاحظہ نہ کیا کہ آپ کے پروردگار نے قوم عاد کے ساتھ کیا کیا؟
بڑے بڑے ستون والے جو ارم کہلاتے تھے۔
جن کا مثل دنیا بھر میں کوئی پیدا نہیں کیا گیا''۔

## قومِ عاد:

ان شواہد سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ عبار لازماً وہی شہر ارم ہے جس کا تذکرہ قرآن حکیم میں کیا گیا۔ قرآن حکیم کے مطابق اس شہر کے مکینوں نے حضرت ہود علیہ السلام کی دعوت پر لبیک نہ کہا جو ان کے پاس اللہ کا پیغام لے کر آئے تھے اور اس طرح وہ تباہی سے دوچار ہو گئے۔

شہرِ ارم کی بنیاد رکھنے والے عاد کی شناخت بھی موضوعِ بحث رہی ہے۔ کیونکہ تاریخی ریکارڈ میں کسی ایسی قوم کا ذکر نہیں ملتا جس نے ایسا کلچر یا تہذیب قائم کیا ہو۔ اس سے گمان ہو سکتا ہے کہ اس طرح کی کسی قوم کا وجود تاریخ میں کبھی موجود ہی نہیں رہا۔ مگر دوسری طرف یہ امر بھی باعثِ حیرت نہیں ہونا چاہئے کہ ان لوگوں کا تذکرہ قدیم تہذیبوں کی تاریخ یا ریکارڈ میں موجود نہیں۔ کیونکہ یہ لوگ جنوبی عرب میں رہتے تھے اور یہ علاقہ وادئ نیل یا مشرقِ وسطیٰ سے بہت زیادہ فاصلے پر اور الگ تھلگ واقع تھا۔ اور ان لوگوں کا ان سے بڑا ہی محدود تعلق تھا۔ یہ ایک عام سی بات ہے کہ وہ ریاست یا ملک جس کے بارے میں ہمعصر کم جانتے ہوں اس کا تذکرہ تاریخ میں نہ آئے۔ مگر اس کے باوجود مشرق وسطیٰ کے لوگ عاد کے بارے میں کہانیاں بیان کرتے رہے ہیں۔



Marfat.com

عاد کے سابق تاریخی تحریری ریکارڈ میں مذکور نہ ہونے کی ایک وجہ اس دور میں تحریری ابلاغ کا نہ ہونا بھی ہے۔ اس لیے یہ عین ممکن ہے کہ وہ تہذیب جس کی بنیاد عاد نے رکھی اس دور کی ان تہذیبوں کے ساتھ تاریخ مذکور نہ ہو سکی جو اپنا تحریری ریکارڈ رکھتی تھیں۔ اگر یہ تہذیب کچھ عرصہ مزید قیام پذیر رہتی تو ممکن تھا کہ آج ہمیں ان لوگوں کے بارے میں زیادہ معلومات ہوتیں۔

اگرچہ عاد کے بارے میں کوئی تحریری ثبوت موجود نہیں مگر ان کی بعد کی نسل کے بارے میں اہم معلومات کا میسر ہونا اور ان معلومات کی روشنی میں عاد کے بارے میں قرآنی اندازہ قائم کرنا ممکن ہے۔

## عاد کی اولاد، اہلِ حضرموت کے حالات:

عاد اور ان کے بعد میں آنے والے اخلاف کی قائم کردہ تہذیب میں سب سے پہلے دیکھنے کی جگہ جنوبی یمن ہے۔ یہ وہی جگہ ہے جہاں یہ ریت کا سمندر پایا گیا ہے اور جسے ''خوش نصیب عرب'' قرار دیا گیا تھا۔ موجودہ تاریخ سے پہلے جنوبی یمن میں چار طرح کی اقوام رہیں جنہیں یونانیوں نے ''خوش نصیب'' عرب کہا تھا۔ یہ اہل حضرموت، اہل سبا، اہل مینا اور قطبی ہیں۔ ان لوگوں کی حکمرانی کچھ عرصے کے لیے ایک ہی دور میں قریبی علاقوں میں قائم تھی۔

بہت سے موجودہ سائنسدانوں کا خیال ہے کہ عاد ایک تغیر و تبدل کے دور سے گزرے اور پھر تاریخ کے ایک مرحلے پر ظاہر ہوئے۔ اوہیو (Ohio) یونیورسٹی کے ایک محقق ڈاکٹر میکائیل ایچ رحمٰن (Dr. Mikail H. Rahman) کے خیال میں عاد جنوبی یمن کے چار قبائل میں سے ایک اہل حضرموت کے آبا و اجداد ہیں۔ ۵۰۰ ق م میں اس علاقے میں رہنے والے اہل حضرموت واحد معلوم قوم ہے جسے لوگ خوش نصیب عرب کہتے تھے۔ یہ قوم جنوبی یمن کے علاقے پر طویل عرصے تک حکمران رہی اور زوال کی طویل موت کے بعد ۲۴۰ء کو کلیتاً نابود ہو گئی۔

حضرمی کا نام بھی ظاہر کرتا ہے کہ وہ عاد کی اولاد سے ہیں۔ یونانی مصنف پلائنی (Pliny) جس کا تعلق تیسری صدی ق م سے ہے بھی اس قبیلہ کو ''ادرمی'' کے نام سے موسوم کرتا ہے جس سے مراد حضرمی ہی ہے (23)۔

یونانیوں کی اصطلاحات میں اسم کو بطور لاحقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ سو ان کا تراشا ہوا لفظ



Marfat.com

''ادرم'' صاف طور پر قرآن حکیم میں مذکور ''عادِارم'' کی بگڑی ہوئی شکل معلوم ہوتا ہے۔

یونانی ماہر جغرافیہ بطلیموس (۱۰۰-۱۵۰ء) بتاتا ہے کہ جزیرہ نما عرب کے جنوب میں ''ادرمی'' قوم رہتی تھی۔ اس علاقے کو تاحال ''حضرموت'' کہا جاتا تھا۔ حضرمی ریاست کا دارالحکومت ''شیبواہ'' حضرموت وادی کے مغرب میں واقع تھا۔ کئی پرانی روایات کے مطابق عاد کی طرف مبعوث ہونے والے پیغمبر حضرت ہود علیہ السلام کا مزار بھی حضرموت میں ہی ہے۔

ایک اور عنصر جو حضرمیوں کے عاد کی نسل اور تسلسل ہونے کو تقویت دیتا ہے ان کی دولت ہے۔ یونانیوں نے حضرمیوں کو دنیا کی امیر ترین قوم قرار دیا۔ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرمی لوبان کی کاشت و پیداوار میں بہت ہی ترقی یافتہ تھے جو اپنے دور کا ایک بہت ہی قیمتی پودا تھا۔ انہوں نے اس پودے کے استعمال کو بہت ہی وسیع کر دیا تھا۔ اس پودے کی آج کی کاشت کی نسبت حضرموت میں کاشت کہیں زیادہ تھی۔

حضرموت کے دارالحکومت ''شیبواہ'' کی کھدائیوں سے بھی کئی دلچسپ معلومات سامنے آئی ہیں۔ ۱۹۷۵ء میں ہونے والی ان کھدائیوں سے شہر کے آثار تک ریت کی گہری تہوں کی وجہ سے رسائی حاصل کرنا بہت مشکل تھا تاہم کھدائی کے اختتام پر سامنے آنے والے آثار حیران کن تھے۔ سامنے آنے والا شہر اب تک دریافت ہونے والے شہروں سے زیادہ دلچسپی کا حامل تھا۔ دیواروں میں گھرا ہوا یہ شہر قدیم یمن کی اب تک سامنے آنے والی تمام جگہوں سے زیادہ بڑا تھا اور اس کا محل حقیقی معنوں میں ایک پرشکوہ اور عظیم عمارت تھا۔

بلاشبہ یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ حضرمیوں نے فنِ تعمیر کی یہ مہارت اپنے آباء واجداد عاد سے حاصل کی تھی۔ حضرت ہود علیہ السلام نے عاد کو عذابِ الٰہی سے خبردار کرتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا:

اَتَبۡنُوۡنَ بِکُلِّ رِیۡعٍ اٰیَةً تَعۡبَثُوۡنَ ۝ وَتَتَّخِذُوۡنَ مَصَانِعَ لَعَلَّکُمۡ تَخۡلُدُوۡنَ ۝

(الشعراء۔ ۱۲۸-۱۲۹)

''کیا تم ہر اونچی زمین پر ایک نشان فضول بنایا کرتے ہو۔ اور تم محل بناتے ہو شاید تم ہمیشہ رہو گے''۔

شیبواہ میں موجود عمارات کی ایک اہم خصوصیت ان کے بڑے بڑے ستون ہیں۔ یہ ستون گول اور منفرد ساخت کے ہیں اور گول پیش گاہ کے طور پر نصب کیے گئے ہیں جبکہ یمن کے

دوسرے علاقوں میں پائے جانے والے ستون مربّع ساخت کے ہیں۔ شبواہ کے لوگوں نے فن تعمیر کی یہ انفرادیت اپنے آباء واجداد سے ورثے میں پائی ہوگی۔ نویں صدی عیسوی کا قسطنطنیہ کا بزنطینی بشپ ایڈفوٹیئس (Ad. Photius) قدیم یونانی مسودات تک رسائی رکھتا تھا جو آج موجود بھی نہیں ہیں۔ وہ اگاتھرشیڈس (Agatharachides) (۱۳۲ق م) کی بحیرۂ احمر سے متعلق تصانیف سے بھی آگاہ تھا۔ اس نے جنوبی عرب کے بارے میں بہت تحقیق کی۔ وہ اپنے ایک مضمون میں لکھتا ہے:

''یہ کہا جاتا ہے کہ جنوبی عرب کے لوگوں نے ایسے بہت سے ستون بنائے تھے جن پر سونا چڑھا ہوا تھا یا وہ چاندی کے بنے ہوئے تھے۔ ان ستونوں کے درمیان وقفہ قابل دید ہے''(24)۔

اگرچہ فوٹیئس کا یہ بیان حضرمیوں سے براہ راست متعلق نہیں ہے مگر یہ اس علاقے کے لوگوں کے عمارتی ذوق اور فنِ تعمیر کی طرف ضرور رہنمائی کرتا ہے۔ کلاسیکل یونانی مصنّفین پلائنی (Pliny) اور سٹرابو (Strabo) نے ان شہروں کو ''خوبصورت عبادت گاہوں اور محلات سے سجے ہوئے'' شہر لکھا ہے۔

جب ہم یہ تصور کرتے ہیں کہ ان شہروں کے رہنے والے عاد کی اولاد تھے تو قرآن حکیم کا قومِ عاد کے بارے میں یہ فرمانا سمجھ میں آجاتا ہے کہ ''شہرِ ارم بلند ستونوں والا'' (الفجر۔۷)

## عاد کے چشمے اور باغات:

آج اگر کوئی جنوبی عرب میں سفر کرے تو اسے وسیع لق ودق صحرا کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس علاقے کی اکثر جگہیں سوائے چند کے، ریت سے ڈھکی ہوئی ہیں۔ یہ صحرا سینکڑوں بلکہ ہزاروں سال سے یہاں موجود ہیں۔

مگر قرآن حکیم ہمیں قومِ عاد کے بارے میں حیران کن معلومات دیتا ہے۔ حضرت ہود علیہ السلام نے انہیں عذابِ الٰہی سے خبردار کرتے ہوئے ان کی توجہ ان باغات اور چشموں کی طرف مبذول کروائی جن سے اللہ تعالیٰ نے انہیں نوازا تھا:

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ o وَاتَّقُوا الَّذِیْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ o اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِیْنَ o وَجَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ o اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ o
(الشعراء۔۱۳۱-۱۳۵)



Marfat.com

''پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

اور اس سے ڈرو جس نے تمہیں وہ چیزیں عطا کیں جو تم جانتے ہو۔

تم کو چوپائے اور بیٹے عطا کیے

اور باغات اور چشمے

مجھے تمہارے بارے میں ایک بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے''۔

مگر جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے عبار جسے شہر ارم قرار دیا گیا ہے اور جو عاد کا شہر تھا اب مکمل طور پر صحرا میں بدل چکا ہے۔ تو پھر ہود علیہ السلام نے کیوں اس طرح خطاب کیا؟

اس سوال کا جواب تاریخ کے ماحولیاتی انقلاب سے ہے۔ تاریخی ریکارڈ بتاتا ہے کہ یہ علاقے جو اب مکمل صحرا میں بدل چکے ہیں کبھی بہت ہی زرخیز میدان تھے۔ اس کا بڑا حصہ سرسبز باغات سے ڈھکا ہوا تھا جیسا کہ قرآن حکیم نے بیان کیا ہے۔ اور چند ہزار سال قبل تک یہاں کے لوگ بہت ہی خوشحال تھے۔ جنگلات نے علاقے کے سخت موسم کو خوشگوار کر دیا تھا۔ اگرچہ صحرا موجود تھے مگر اتنے زیادہ رقبے پر نہ تھے۔

جنوبی عرب میں عاد کے رہنے کے حوالے سے بھی کئی اشارات ملے ہیں جو اس سوال کی وضاحت کرتے ہیں۔ ان آثار کے مطابق اس علاقے کے لوگ اعلیٰ معیار کے نظامِ آبپاشی کے مالک تھے اور اس نظامِ آبپاشی کا واحد مقصد زراعت تھا۔ یہی علاقے جہاں آج زندگی محال ہے کبھی کاشتکاری اور کھیتی باڑی ہوتی تھی۔

اس علاقے کی فضائی تصاویر سے بھی اس علاقے میں نہروں اور ڈیموں پر مشتمل ایسے نظامِ آبپاشی کا سراغ ملا ہے جس میں ان شہروں کے ۲۰۰,۰۰۰ سے زائد افراد کی ضروریات پوری کی جاتی تھیں (25)۔ جیسا کہ اس سے متعلق ایک محقق ڈوئے (Doe) نے لکھا:

''مآرب کا علاقہ اتنا زرخیز تھا کہ یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ مآرب اور حضر موت کا تمام درمیانہ علاقہ کبھی زیر کاشت رہا ہے'' (26)۔

معروف یونانی مصنّف پلائنی (Pliny) نے اس علاقے کو بہت ہی زرخیز علاقہ قرار دیا تھا جہاں دھند چھائی رہتی تھی، درختوں والی پہاڑیاں، دریا اور وسیع جنگلات تھے۔ حضر موت کے دارالحکومت شیبواہ سے ملنے والے کئی کتبوں میں ایسی تحریریں ملی ہیں کہ یہاں کثیر تعداد میں مویشی

پائے جاتے تھے جن سے کئی کی قربانی بھی کی جاتی تھی۔ان سب حقائق سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ علاقہ کبھی بہت ہی زرخیز علاقہ تھا۔[3]

صحراؤں کے پھیلنے اور زرخیز زمینوں کو ہڑپ کرنے کی رفتار کا اندازہ پاکستان کے سمتھ سونین انسٹی ٹیوٹ (Smithsonian Institute) کی رپورٹ سے کیا جا سکتا ہے۔اس کے مطابق وہ علاقے جو قرون وسطیٰ میں زرخیز تھے آج صحرا ہیں جہاں ۶ میٹر بلند ریت کے ٹیلے ہیں۔ اس طرح صحرا اوسطاً ۶ انچ یومیہ کی رفتار سے آگے بڑھتے ہیں۔اس رفتار سے بہت بلند عمارتوں کو بھی دفن کر سکتی ہے گویا کہ وہ کبھی تھیں ہی نہیں۔اس لیے یمن میں تھمنہ (Timma) کی ۱۹۵۰ء میں کی گئی کھدائیاں اب دوبارہ ریت کے نیچے آ چکی ہیں۔اہرامِ مصر بھی کبھی ریت میں دفن تھے اور بہت ہی طویل عرصے تک کھدائیوں کے بعد وہ منظرِ عام پر آ سکے۔یعنی وہ علاقے جو آج صحرا ہیں عین ممکن ہے کہ ماضی میں بالکل مختلف منظر پیش کر رہے ہوں۔

## عاد کس طرح تباہ کیے گئے؟

قرآن حکیم میں عاد کی تباہی کا سبب ''خوفناک ہوا'' کو قرار دیا گیا ہے۔ان آیات میں بتایا گیا ہے کہ یہ ہلاکت آفریں ہوائیں سات راتیں اور آٹھ دن چلتی رہیں حتیٰ کہ عاد مکمل طور پر تباہ و برباد ہو گئے:


كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ٥ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ٥ تَنْزِعُ النَّاسَ لا كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ٥ (القمر۔۱۸-۲۰)

''عاد نے تکذیب کی تھی۔پھر میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا تھا۔
ہم نے ان پر تند ہوائیں بھیجیں۔ایک دائمی نحوست کے دن میں
(یہ) لوگوں کو اکھاڑ پھینکتیں گویا وہ اکھڑی ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں''۔

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ٥ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ لا حُسُوْمًا لا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى لا كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ٥ (الحاقہ۔۶-۷)



Marfat.com



عاد کا شہر آج ریت کے ٹیلوں سے اٹا ہوا ہے۔

''اور رہی قوم عاد تو وہ ایک نہایت تند و تیز اور سخت ہوا سے تباہ کر دیے گئے۔
جس کو اللہ نے ان پر سات رات اور آٹھ دن تک متواتر مسلط رکھا۔ پھر تو ان لوگوں کو اس آندھی میں دیکھتا تو انہیں ایسا گرا ہوا پاتا جیسے کھجور کے کھوکھلے تنے''۔

اگرچہ لوگوں کو بار بار متنبہ کیا گیا تھا مگر انہوں نے انبیاء علیہم السلام کی دعوت پر کوئی توجہ نہ دی۔ وہ اتنے بڑے مغالطے میں گرفتار تھے کہ جب تباہی عین ان کے سر پر آ پہنچی تب بھی انہیں اصلاح احوال کا کوئی خیال نہ آیا اور وہ اپنے انکار پر جمے رہے:

فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ لا قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ط بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ط رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ اَلِيْمٌO (الاحقاف۔۲۴)

''پھر جب انہوں نے دیکھا کہ ایک بادل سامنے سے ان کی وادیوں کی طرف چلا آ رہا ہے بولے کہ یہ گھٹا ہے جو ہم پر خوب برسے گی۔ بلکہ وہ عذاب ہے جس کی تم جلدی کر رہے تھے۔ آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے''۔


اس آیت میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ لوگوں نے بادل دیکھا جس میں عذاب تھا مگر وہ سمجھ نہ

سکے اور اسے بارش کا بادل تصور کرتے رہے۔ یہ آیت اس منظر کو بیان کرتی ہے کہ ان پر کس طرح عذاب آیا۔ ریت کے بڑے بڑے بگولے بھی دور سے بارش والے بادلوں ہی کی طرح لگتے ہیں یہ عین ممکن ہے کہ عاد نے اسی مماثلت سے دھوکا کھایا ہو اور عذاب کو سمجھ نہ سکے ہوں۔ ڈوئے (Doe) اپنے ذاتی تجربات کی روشنی میں اس طرح کے ریت کے طوفان کے بارے میں لکھتا ہے:

''اس طرح کے طوفان کی پہلی علامت گرد و غبار کی ایک دیوار ہے جو کئی فٹ تک بلند ہو سکتی ہے اور اس میں تند و تیز ہوائیں ہوتی ہیں'' (27)۔

اب عاد کے آثار ''عبار'' کو کئی میٹر گہری ریت کی تہہ کو کھود کر دریافت کیا گیا ہے۔ ایسے لگتا ہے کہ قرآن حکیم کے بیان کے مطابق آٹھ دن اور سات رات تک چلنے والی ریتلی ہواؤں نے اس شہر کو کئی ٹن ریت میں دبا دیا اور لوگ زندہ درگور ہو گئے۔

عبار میں ہونے والی کھدائیاں بھی اس امر کی تصدیق کرتی ہیں۔ فرانسیسی رسالہ (Ca M'Interesse) لکھتا ہے کہ عبار کا شہر طوفان کے نتیجے میں ۱۲ میٹر موٹی ریت کی تہہ کے نیچے دب گیا (28)۔



کئی میٹر گہری ریت کی تہوں سے کھدائیوں کے بعد عبار کے آثار سامنے آئے اس علاقے کا منظر واضح کرتا ہے کہ ریتلا طوفان کتنی جلد ریت اکٹھا کر دیتا ہے۔ یہ اچانک اور غیر متوقع طور پر ہو سکتا ہے۔



Marfat.com

عاد کے ریت میں دفن ہو جانے کا ایک اہم ثبوت عاد کے شہر کا تذکرہ کرتے ہوئے قرآن مجید میں استعمال ہونے والا لفظ "احقاف" ہے:

وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ط اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ط اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍO (الاحقاف۔۲۱)

''اور ان سے قوم عاد کے بھائی کا ذکر کیجئے۔ جب انہوں نے اپنی قوم کو احقاف میں ڈرایا۔ اور ان سے پہلے اور ان کے بعد بھی ڈرانے والے گزر چکے تھے کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو۔ مجھے ڈر ہے کہیں تم پر بڑے دن کا عذاب نہ آ جائے''۔

احقاف، حقف کی جمع ہے۔ اور عربی زبان میں اس سے مراد ریت کے ٹیلے ہیں۔ گویا عاد ریت کے ٹیلوں والے علاقے میں رہتے تھے۔ اور اس طرح بڑا واضح ثبوت سامنے آتا ہے کہ ان کی ہلاکت ریت میں دفن ہونے سے ہوئی ہو گی۔ ایک توضیح کے مطابق کثرتِ استعمال سے احقاف اپنے اصل معنی کے بجائے اس شہر اور علاقے کا نام پڑ گیا جہاں عاد رہتے تھے۔ مگر اس سے اس بنیادی حقیقت کی نفی نہیں ہوتی کہ وہ ریت کا علاقہ نہ تھا بلکہ اس تصور کو زیادہ تقویت ملتی ہے کہ یہ علاقہ ریت کے ٹیلوں کے لیے مشہور تھا۔

طوفان سے عاد پر اس طرح تباہی آئی کہ وہ کھجور کے کھوکھلے تنوں کی طرح اکھڑ کر رہ گئے۔ اس طرح وہ لوگ جو زمینوں کی کاشت، ڈیموں کی تعمیر، آبپاشی اور دوسری سرگرمیوں میں مصروف تھے یک لخت تباہ کر دیے گئے۔ تمام قابلِ کاشت علاقے، آبپاشی کی نہریں اور ڈیم وغیرہ ریت میں دفن ہو گئے اور پورا شہر مع اپنے باسیوں کے ریت میں گم ہو گیا۔ شہر کی تباہی کے بعد وہاں صحرا پھیل گیا اور ان کا کوئی نشان باقی نہ رہا۔

گویا یہ کہا جا سکتا ہے کہ تاریخی اور آثارِ قدیمہ کے شواہد بتاتے ہیں کہ عاد اور شہرِ ارم جن کی تباہی کا ذکر قرآن حکیم میں آیا، وجود رکھتے تھے۔ بعد کی تحقیقات سے ان لوگوں کے آثار ریت سے دریافت کیے گئے۔

ریت میں دفن ان آثار سے وہ عبرت اخذ کرنے کی ضرورت ہے جس کی طرف قرآن حکیم بار بار متوجہ کرتا ہے۔ عاد سرکشی اور گمراہی کے سبب سے راہِ حق سے منحرف ہو گئے تھے۔ سو ان پر



Marfat.com

عذاب آیا۔ ارشادِ ربّانی ہے: "(اب) کون ہے جو قوت واقتدار میں برتر ہے؟"۔ اس آیت میں آگے فرمایا گیا: "کیا انہوں نے اس پر غور نہ کیا کہ اللہ جس نے انہیں پیدا کیا ہے ان سے طاقت و اقتدار میں برتر واعلیٰ ہے؟" (فصلت۔۱۵)

ان تمام تاریخی حقائق کا حاصل یہ ہے کہ انسان اس نا قابل تر دید اور ابدی حقیقت کو ہمیشہ کے لیے اپنی لوحِ دل پر نقش کر لے کہ صرف اللہ تعالیٰ کی عظیم، برتر اور غالب ہستی ہے اور انسان کی فلاح اسی میں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اپنے تعلقِ بندگی کو مستحکم کرے۔



Marfat.com

باب پنجم

# قومِ ثمود کے حالات

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِالنُّذُرِ ٥ فَقَالُوٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ لا اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ٥ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْ ۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ٥ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ٥ (القمر۔۲۳-۲۶)

''ثمود نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا۔ پھر (صالح سے متعلق) کہنے لگے کہ کیا ہم اپنے ہی جیسے ایک انسان کی پیروی کریں جو تنہا ہے۔ بے شک ہم بڑی حماقت اور پاگل پن میں پڑ جائیں۔

کیا ہم سب میں سے اس پر وحی نازل ہوتی ہے؟

بلکہ وہ جھوٹا ہے اور اپنی بڑائی آپ کرتا ہے۔

ان کو کل ہی معلوم ہو جائے گا کہ کون جھوٹا شیخی مارنے والا ہے''۔

جیسا کہ مندرجہ بالا آیات میں بیان ہوا، قومِ ثمود نے بھی اللہ کی تنبیہ پر غور نہ کیا اور پیغمبرانہ دعوت کو جھٹلایا۔ نتیجتاً وہ بھی قومِ عاد کی طرح تباہی سے دوچار ہوئے۔ دورِ جدید کی تاریخ اور آثارِ قدیمہ سے متعلق تحقیقات نے قومِ ثمود کے رہن سہن، علاقے اور ان کی دیگر تفصیلات کو، جو اس سے پہلے معلوم نہ تھیں، روشن کر دیا ہے۔ آج کی ماہرینِ آثارِ قدیمہ کی تحقیقات کے مطابق قومِ ثمود تاریخی وجود رکھنے والی قوم ثابت ہو چکی ہے۔

قبل اس کے کہ قومِ ثمود سے متعلق آثارِ قدیمہ کی تحقیقات کی تفصیل بیان کی جائے، ان کی اپنے انبیاء سے آویزش کی داستان جو قرآن حکیم نے بیان کی، بیان کی جاتی ہے۔ چونکہ قرآن حکیم کا خطاب ہر دور اور ہر قوم کے لیے ہے، سو قرآن حکیم قومِ ثمود کے انکار اور انجام کو ہر زمانے کے لوگوں کے لیے ایک درسِ عبرت کے طور پر پیش کرتا ہے۔



Marfat.com

## حضرت صالح علیہ السلام کی تبلیغی کاوشیں:

قرآن حکیم کے مطابق حضرت صالح علیہ السلام کو قومِ ثمود کی طرف مبعوث کیا گیا تھا۔ آپ قوم ثمود کے ایک جانے پہچانے اور نامور فرد تھے۔ آپ کی قوم جو آپ سے دینِ حق کی دعوت کی توقع نہ رکھتی تھی، آپ سے کفر و شرک ترک کرنے کا اعلان سن کر حیرت میں پڑ گئی۔ ابتداءً آپ کی قوم نے آپ پر بہتان طرازی اور الزام تراشی شروع کی:

وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاھُمْ صٰلِحًا م قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَالَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ط هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِیْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْهِ ط اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ o قَالُوْا یٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِیْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا یَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِیْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَیْهِ مُرِیْبٍ o

(ہود۔۶۱-۶۲)

''اور (ہم نے) قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا۔ انہوں نے کہا: اے میری قوم اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ اس نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور اس میں تم کو بسایا۔ پس اس سے گناہ بخشواؤ پھر اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔ بے شک میرا رب قریب ہے، قبول کرنے والا ہے۔

انہوں نے کہا ہے اے صالح! اس سے قبل ہم کو تم سے بڑی امیدیں تھیں۔ کیا تم ہمیں ان چیزوں کی پرستش سے منع کرتے ہو جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں اور جس بات کی طرف تم بلا رہے ہو اس کے بارے میں بڑے شبہ میں پڑے ہیں''۔

اس معاشرے کے ایک مختصر سے حصے نے حضرت صالح علیہ السلام کی دعوت قبول کی جبکہ اکثریت نے انکار کر دیا۔ اس قوم کے بڑے سرداروں نے خصوصاً حضرت صالح علیہ السلام کی دعوت کو رد کیا اور آپ سے دشمنی پر مبنی رویہ اختیار کر لیا۔ انہوں نے حضرت صالح علیہ السلام پر ایمان لانے والوں کو تنگ کرنا اور ظلم و ستم کا نشانہ بنانا شروع کر دیا۔ وہ حضرت صالح علیہ السلام کی جان کے دشمن بن گئے کیونکہ آپ نے انہیں گمراہی ترک کر کے ایک اللہ کی عبادت کی دعوت دی تھی۔ اللہ کے نبی پر غیظ و غضب کرنا صرف قومِ ثمود کا ہی عمل نہ تھا بلکہ قومِ ثمود وہی غلطی دہرا رہی تھی جو اس سے قبل قومِ



Marfat.com

نوح اور قوم عاد کر چکی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم ان تینوں قوموں کا تذکرہ یوں کرتا ہے:

اَلَمْ یَاْتِکُمْ نَبَؤُا الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ط وَالَّذِیْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ط لَا یَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ط جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَیْدِیَهُمْ فِیْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا کَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِیْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَیْهِ مُرِیْبٍ o (ابراہیم۔۹)

"کیا تم کو ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں۔ یعنی قومِ نوح اور قومِ عاد اور قومِ ثمود۔ اور جو ان کے بعد ہوئی ہیں۔ ان کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ ان کے پاس ان کے پیغمبر نشانیاں لے کر آئے تو انہوں نے اپنے ہاتھ اپنے منہ میں لوٹا لیے (یعنی بیزاری کا اظہار کیا) اور کہا جو تم (اللہ کی طرف سے) دے کر بھیجے گئے ہم نے اس کا انکار کیا۔ اور ہم کو تو اس میں بڑا شبہ ہے جس کی طرف تم ہمیں بلا رہے ہو جو ہم کو تردّد میں ڈالے ہوئے ہے"۔

حضرت صالح علیہ السلام کی پے در پے نصیحتوں کے باوجود وہ قوم شک وشبہ میں ہی پڑی رہی۔ تاہم اس گمراہ قوم میں ایک مختصر گروہ ایسا بھی تھا جو حضرت صالح علیہ السلام کی نبوت پر ایمان رکھتا تھا۔ جب اس قوم پر عظیم عذاب آیا تو اہلِ ایمان اس عذاب سے محفوظ رہے۔ قومِ ثمود کے سرداروں نے حضرت صالح علیہ السلام پر ایمان لانے والوں کو ظلم وستم سے دبانے کی کوشش کی:

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ط قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ o قَالَ الَّذِیْنَ اسْتَکْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِیْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ کٰفِرُوْنَ o

(الاعراف۔۷۵-۷۶)

"ان کی قوم میں جو متکبّر سردار تھے وہ ان غریب لوگوں سے جو ایمان لا چکے تھے کہنے لگے کیا تم کو یقین ہے کہ صالح اپنے رب کے بھیجے ہوئے رسول ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ہم تو اس پر جو وہ لائے ایمان رکھتے ہیں۔

وہ متکبر لوگ کہنے لگے بے شک ہم تو اس (دین) کو نہیں مانتے جس پر تم ایمان لائے ہو"۔

اہلِ ایمان کی استقامت کے باوجود قومِ ثمود اللہ اور حضرت صالح علیہ السلام کی رسالت کے بارے میں شک وشبہ میں مبتلا رہے۔ حتیٰ کہ ایک گروہ نے ببانگِ دہل حضرت صالح علیہ السلام کی



Marfat.com

تکذیب شروع کر دی۔ آپ کی اور اللہ کی توحید کی تکذیب کرنے والے اس گروہ نے آپ کو قتل کرنے کی سازش شروع کر دی:

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ط قَالَ طَٰئِرُكُمْ عِندَ اللَّهِ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُونَ o وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ o قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللَّهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ أَهْلِهِ وَإِنَّا لَصَٰدِقُونَ o وَمَكَرُوا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُونَ o (النمل۔۴۷-۵۰)

''انہوں نے جواب دیا صالح! ہم تمہیں اور تمہارے ساتھیوں کو منحوس سمجھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: تمہاری ہر نحوست (کا سبب) اللہ کے علم میں ہے۔ بلکہ تم وہ لوگ ہو جن کی آزمائش ہو رہی ہے۔

اور شہر میں نو شخص (ایسے) تھے جو ملک میں فساد پھیلاتے رہتے اور اصلاح نہ کرتے تھے۔

(انہوں نے) کہا کہ آپس میں قسم کھاؤ کہ ہم رات کو اس پر اور اس کے گھر والوں پر شب خون ماریں گے اور پھر ان کے وارثوں سے کہہ دیں گے کہ ہم تو ان کے گھر والوں کی ہلاکت کے وقت موجود نہ تھے اور بے شک ہم سچ کہتے ہیں۔

اور انہوں نے ایک خفیہ سازش کی۔ اور ہم نے بھی ایک خفیہ تدبیر کی اور ان کو خبر بھی نہ ہوئی''۔

لوگوں کو اپنی دعوت پر یقین اور اللہ کی اطاعت کی رغبت دلانے کے لیے حضرت صالح علیہ السلام نے انہیں اونٹنی کا معجزہ دکھایا۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ کیا لوگ آپ کی اطاعت کرتے ہیں یا نہیں، آپ نے انہیں کہا کہ وہ اونٹنی کو پانی میں شریک کریں اور اسے تکلیف نہ دیں۔ گمراہ لوگوں نے اطاعت کی بجائے اونٹنی کو قتل کر دیا۔ سورۃ الشعراء میں یہ واقعہ یوں بیان کیا گیا:

كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ o إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَٰلِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ o إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ o فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ o وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَٰلَمِينَ o أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَٰهُنَا آمِنِينَ o فِي جَنَّٰتٍ وَّعُيُونٍ o وَزُرُوعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ o وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَٰرِهِينَ o فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ o وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ o الَّذِينَ



Marfat.com

يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ o قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ o
مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ o قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ
لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ o وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ
عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ o فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ o (الشعراء۔۱۴۱-۱۵۷)

''قوم ثمود نے پیغمبروں کی تکذیب کی۔

جب ان کے بھائی صالح نے ان سے کہا کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟

میں تمہارے لیے ایک امانت دار پیغمبر ہوں۔

پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

اور میں تم سے اس کا کوئی صلہ نہیں چاہتا۔ میرا اجر تو میرے رب کے ذمہ ہے جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے۔

کیا جو چیزیں تم کو یہاں میسر ہیں تم ان میں بے فکر رہے چھوڑ دیے جاؤ گے؟

باغوں اور چشموں میں۔

اور کھیتوں اور کھجوروں میں جن میں نرم نرم کونپلیں پھوٹ رہی ہیں۔

اور تم پہاڑوں میں پر تکلف گھر تراشتے ہو۔

پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

اور بے باک حد سے تجاوز کرنے والے لوگوں کا کہنا نہ مانو۔

جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے۔

لوگوں نے کہا: ضرور تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔

تم بھی ہم جیسے ایک آدمی ہو۔ پس اگر تم سچے ہو تو کوئی نشانی پیش کرو۔

صالح نے فرمایا: یہ اونٹنی ہے۔ اس کے پانی پینے کی باری اور تمہارے پانی پینے کی باری مقرر ہے۔

اور اس کو کوئی تکلیف نہ دینا ورنہ تم کو ایک بڑے دن کا عذاب آ پکڑے گا۔

(لیکن وہ نہ مانے) پھر انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر انہیں صبح کو پچھتانا پڑا''۔

حضرت صالح علیہ السلام نے اپنی قوم کو راہ ہدایت کی طرف راغب کرنے کے لیے کتنی جدوجہد

فرمائی، قرآن حکیم اسے یوں بیان کرتا ہے:

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ٥ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ٥ ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ٥ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ٥ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ٥ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ٥ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى فَعَقَرَ ٥ (القمر۔۲۳-۲۹)

''ثمود نے پیغمبروں کو جھٹلایا۔

پھر کہنے لگے کہ کیا ہم اپنے ہی جیسے ایک انسان کی پیروی کریں جو تنہا ہے۔ بے شک ہم بڑی حماقت اور پاگل پن میں پڑ جائیں۔

کیا ہم سب میں سے اس پر وحیٰ نازل ہوئی ہے؟ بلکہ وہ جھوٹا ہے اور اپنی بڑائی آپ کرتا ہے۔

ان کو کل ہی معلوم ہو جائے گا کہ کون جھوٹا شیخی مارنے والا ہے۔

ہم ان کو آزمائش کے لیے ایک اونٹنی بھیجتے ہیں۔ پھر تم انہیں دیکھتے رہنا اور صبر سے کام لینا۔


اور ان کو آگاہ کر دینا کہ ان کے درمیان پانی کی تقسیم کر دی گئی ہے۔ سب اپنی اپنی باری پر حاضر ہوا کریں گے۔

پھر انہوں نے اپنے رفیق کو بلایا تو اس نے اس اونٹنی پر وار کیا اور اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں (اور وہ ہلاک ہو گئی)''۔

جب مسلسل گمراہی اور خودسری کے باوجود قومِ ثمود پر گرفت نہ ہوئی تو وہ مزید گستاخ ہو گئے۔ انہوں نے حضرت صالح علیہ السلام پر حملہ کر دیا اور انہیں جھوٹ اور کذب و افتراء کا مرتکب قرار دے دیا:

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ٥ (الاعراف۔۷۷)

''آخر انہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ اور اپنے پروردگار کے حکم سے سرتابی کی۔ اور کہنے لگے اے صالح! جس (عذاب) سے تم ہمیں ڈراتے تھے اگر تم اللہ کے رسول ہو تو وہ لے آؤ''۔




قرآن حکیم نے ثمود کو عاد کے اخلاف قرار دیا ہے۔اس کے مطابق ہی آثارِ قدیمہ کی دریافتوں سے جزیرہ نما عرب کے شمال میں رہنے والے ثمود کے اصل کا تعلق جنوبی عرب سے ہے جہاں کبھی عاد رہا کرتے تھے۔

مگر اللہ کی تائید و نصرت حضرت صالح علیہ السلام کے ہمراہ تھی۔کفار و مشرکین کے ناپاک منصوبے ناکام ہو گئے اور اللہ تعالیٰ نے حضرت صالح علیہ السلام کو ان کی سازشوں سے محفوظ رکھا۔ مختلف طریقوں سے دعوتِ حق اپنی قوم کے سامنے رکھنے کے بعد جب حضرت صالح نے دیکھا کہ ان میں سے کوئی بھی رجوع الی الحق پر تیار نہیں تو آپ نے انہیں خبردار کیا کہ وہ تین دنوں کے اندر اندر ہلاک کر دیے جائیں گے۔

فَعَقَرُوهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوا فِي دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ط ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ ○ (ہود۔۶۵)

''پھر (قوم نے) اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں تب (صالح علیہ السلام نے) کہا کہ تم تین دن تک اپنے



Marfat.com

گھروں میں زندگی سے فائدہ حاصل کرلو (پھر عذاب میں گرفتار ہو گے) یہ (اللہ کا) وعدہ ہے جو کبھی جھوٹا نہیں ہوتا''۔

تین دن کے بعد حضرت صالح علیہ السلام کا فرمان سچ ثابت ہوا اور قوم ثمود تباہ و برباد کر دی گئی:

وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ o كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ط اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَاْ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ط اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ o

(ہود۔٦٧-٦٨)

''اور جو لوگ ظلم کرتے تھے ان کو ایک ہولناک آواز نے آ پکڑا پس وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ گویا وہ کبھی وہاں بسے ہی نہ تھے۔ سن لو کہ ثمود نے اپنے پروردگار سے کفر کیا۔ سن لو کہ ثمود پر پھٹکار ہے''۔

## آثارِ قدیمہ اور قوم ثمود:

قرآن حکیم میں مذکور سابقہ اقوام سے ثمود وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں آج ہمیں کافی معلومات میسر ہیں۔ تاریخی شواہد ماضی میں ثمود کی موجودگی کی تصدیق کرتے ہیں۔

قرآن حکیم میں مذکورہ ''اصحاب الحجر'' اور ثمود کو ایک ہی قوم سمجھا جاتا ہے۔ یعنی ثمود کا دوسرا نام ''اصحاب الحجر'' ہے۔ یعنی ثمود تو قوم کا نام ہے اور ''الحجر'' اس شہر کا نام جو ان لوگوں نے بنایا۔ یونانی جغرافیہ دان پلائنی (Pliny) کی تفصیلات اس کی تائید کرتی ہیں۔ پلائنی (Pliny) کی تحریروں کے مطابق ڈوماتھا (Domatha) اور حجرا (Hegra) وہ جگہیں تھیں جہاں قوم ثمود رہتی تھی۔ حجرا (Hegra) ہی بعد میں ''شہر حجر'' بن گیا (29)۔

ثمود سے متعلق قدیم ترین تاریخی حوالہ، بابل کے بادشاہ، سرگون دوم (٨٠٠ ق م) کی شمالی عرب میں مہمات کے دوران ان سے لڑائی میں انہیں شکست دینے کی تفصیلات ہیں۔ یونانیوں کے ہاں ارسطو، بطلیموس اور پلائنی کی تحریروں میں انہیں تیمودائی (Tamudaei) یعنی ثمود کہا گیا ہے (30)۔ حضور اکرم ﷺ کی بعثتِ مبارکہ سے پہلے تقریباً ٤٠٠-٦٠٠ عیسوی میں یہ لوگ کلیتاً ختم ہو گئے۔

قرآن حکیم میں عاد اور ثمود کا اکٹھا ذکر کیا گیا ہے۔ اکثر مقامات پر ثمود کو عاد کے انجام سے عبرت حاصل کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ گویا ثمود کو عاد کے بارے میں کافی معلومات حاصل تھیں۔



Marfat.com

وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا م قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَالَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ط قَدْ جَآءَتْكُمْ بَیِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ط هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰیَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِیْۤ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَیَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ o وَاذْكُرُوْۤا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِی الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُیُوْتًا فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ o (الاعراف۔ ۷۳-۷۴)

''اور ثمود کی طرف ہم نے ان کے بھائی صالح کو بھیجا۔ صالح نے کہا اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ بے شک تمہارے رب کی طرف سے دلیل آ چکی۔ یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے نشانی ہے پس اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھائے اور تم اس کو بری نیت سے ہاتھ نہ لگانا ورنہ تمہیں دردناک عذاب آ پکڑے گا۔

اور یاد کرو جب اللہ نے عاد کے بعد تمہیں ان کا جانشین کیا اور تم کو زمین پر آباد کیا اور نرم زمین میں تم محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو پس تم اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں فساد مت مچاتے پھرو''۔

جیسا کہ ان آیات سے ظاہر ہے عاد اور ثمود میں تعلق موجود ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ عاد ثمود ہی کی تاریخ اور تہذیب کا حصہ ہوں۔ حضرت صالح علیہ السلام نے اپنی قوم کو یاد دلایا کہ وہ عاد کے حالات پر غور کریں اور ان سے سبق حاصل کریں۔


اس طرح عاد کو قومِ نوح کے انجام سے عبرت حاصل کرنے کی تلقین کی گئی تھی یعنی جس طرح عاد، قومِ ثمود کے لیے تاریخی حوالہ تھا اس طرح قومِ نوح، عاد کے لیے تھی۔ یہ لوگ ایک دوسرے سے آگاہ تھے اور شاید ایک ہی نسل کا تسلسل تھے۔

قرآن حکیم میں مذکورہ ان واقعات کی تاریخی ترتیب مرتب کی جا سکتی ہے۔ اگر ہم اس حقیقت کو قبول کر لیں کہ قومِ ثمود کا زمانہ آٹھویں صدی قبلِ مسیح ہے تو اس بنیاد پر بقیہ اقوام کا تاریخی تعین ممکن ہے۔ قومِ نوح کی تباہی کے بعد جو قوم سب سے پہلے عذاب میں گرفتار ہوئی، قومِ لوط تھی۔ پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں فرعون (جو غالب امکان ہے کہ رامیسس دوم تھا) اور اس کی فوج کے بحیرۂ احمر میں ڈوبنے کا واقعہ پیش آیا۔ اس کے بعد قومِ عاد پر تباہ کن طوفان آیا۔




Marfat.com

اور (ہمارے احسان) یاد کرو جب عاد کے بعد تم کو ان کا جانشین کیا۔ اور تمہیں زمین پر آباد کیا اور نرم زمین میں تم محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو۔ پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں فساد مت مچاتے پھرو۔ (الاعراف۔۷۴)



Marfat.com







دو ہزار سالہ ماضی پر فخر کرنے والے ثمود نے اہل عرب
کی ایک اور مملکت قائم کی آج اردن کی وادی رَم جسے
پیٹرا کی وادی بھی کہتے ہیں ان کے تراشے ہوئے
پتھروں کی تعمیرات دیکھی جا سکتی ہیں۔ ثمود کے فن تعمیر
میں مہارت کا ذکر قرآن حکیم میں بھی کیا گیا ہے۔

Marfat.com

اور پھر قومِ ثمود کی تباہی کا واقع پیش آیا۔ سب سے پہلے قومِ نوح کی تباہی عمل میں آئی۔ اگر اس ترتیب کو مدِّ نظر رکھا جائے تو ان اقوام کی تاریخی ترتیب اس طرح بنتی ہے:

| | |
|---|---|
| حضرت نوح علیہ السلام | ۲۵۰۰÷۳۰۰۰ ق م |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام ولوط علیہ السلام | ۲۰۰۰ ق م کا آغاز کا زمانہ |
| حضرت موسیٰ علیہ السلام | ۱۳۰۰ ق م |
| حضرت ہود علیہ السلام اور قومِ عاد | ۱۳۰۰-؟ ق م |
| حضرت صالح علیہ السلام اور قومِ ثمود | ۸۰۰-؟ ق م |

اگرچہ اس تاریخی ترتیب کو بالکل درست قرار نہیں دیا جا سکتا مگر قرآن حکیم اور دوسرے موجود تاریخی مواد کی روشنی میں کم از کم واقعات کی ترتیب یہی ہے۔

ہم پہلے بھی یہ بیان کر چکے ہیں کہ قرآن حکیم عاد اور ثمود میں تعلق کو بیان کرتا ہے۔ ثمود کو عاد کے انجام سے سبق حاصل کرنے کی تلقین کی گئی۔ تاہم عاد اور ثمود کے شہر اور جائے رہائش ایک دوسرے سے بالکل الگ اور دور تھے۔ ظاہراً تو ان میں کوئی رابطہ نظر نہیں آتا تو پھر قرآن حکیم میں ثمود کا تذکرہ کرتے ہوئے انہیں قومِ عاد کیوں یاد دلائی گئی؟

اگر تھوڑی تحقیق کی جائے تو حقیقت الم نشرح ہو جاتی ہے۔ عاد اور ثمود میں جغرافیائی فاصلہ مبہم ہے۔ تاریخی شواہد بتاتے ہیں کہ ثمود اور عاد میں بڑے قوی روابط تھے۔ ثمود عاد کو اچھی طرح جانتے تھے کیونکہ یہ دونوں اقوام ایک ہی اصل سے تعلق رکھتی تھیں۔ ثمود کے حقوق کے تحت ان اقوام ئ تفصیل بریٹانیکا مائیکروپیڈیا (Britannica Micropaedia) اس طرح بیان کرتا ہے:

''ثمود قدیم عرب میں چوتھی صدی ق م سے ساتویں صدی عیسوی کے پہلے نصف تک کا ایک معروف قبیلہ یا گروہ تھا۔ اگرچہ ثمود کا آغاز جنوبی عرب سے ہوا مگر ابتدائی زمانے ہی میں ان کا ایک بڑا حصہ شمال کی طرف سفر کر گیا اور جبلِ اثلب (Athlab) کے دامن میں قیام پذیر ہوا۔ حالیہ تحقیقات اور آثارِ قدیمہ کی دریافتوں سے ثمودی دور کی پتھروں پر تحریریں اور تصاویر جبلِ اثلب اور وسطِ عرب کے اکثر علاقوں میں سامنے آتی ہیں'' (31)۔

سامی حروف میں ثمودی طرزِ تحریر پر مشتمل مختلف تحریریں شمالی اور پورے حجاز میں نظر آتی ہیں (32)۔ یہ رسم الخط سب سے پہلے وسطی یمن کے شمال میں دریافت کیا گیا اور اسے ثمودی رسم الخط قرار دیا گیا



Marfat.com

ہے۔ یہ علاقہ ربع الخالی کے شمال سے حضرموت کے جنوب اور شیبواہ کے مغرب تک پھیلا ہوا ہے۔

اس سے قبل ہم دیکھ چکے ہیں کہ عاد جنوبی عرب میں رہتے تھے۔ یہ بہت اہم بات ہے کہ ثمود کے کچھ آثار عاد کے علاقے خصوصاً حضرموت کے اردگرد کے علاقوں میں بھی موجود ہیں۔ یہی وہی جگہ ہے جہاں عاد کے اخلاف قیام پذیر تھے اور اس کا دارالحکومت بھی یہیں واقع تھا۔ یہ صورتِ حال قرآن حکیم میں بیان کردہ عاد ثمود تعلقات و روابط کی وضاحت کرتی ہے۔ اسی تعلق کو حضرت صالح علیہ السلام نے ثمود کو عاد کے اخلاف قرار دیتے ہوئے یوں بیان کیا:

وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا م قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ط قَدْ جَآءَتْكُمْ بَیِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ط هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰیَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِیْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَیَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ o وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِی الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُیُوْتًا ج فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ o (الاعراف۔۷۳-۷۴)

''اور ثمود کی طرف ہم نے ان کے بھائی صالح علیہ السلام کو بھیجا۔ (صالح علیہ السلام نے) کہا اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ بے شک تمہارے رب کی طرف سے دلیل آ چکی۔ یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے نشانی ہے پس اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھائے اور تم اس کو بری نیت سے ہاتھ نہ لگانا ورنہ تمہیں دردناک عذاب آ پکڑے گا۔

اور یاد کرو جب اللہ نے عاد کے بعد تمہیں ان کا جانشین کیا اور تم کو زمین پر آباد کیا اور نرم زمین میں تم محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو پس تم اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں فساد مت مچاتے پھرو''۔

المختصر، ثمود کو اپنے پیغمبر کی دعوت مسترد کرنے اور گمراہی و سرکشی کی قیمت ادا کرنا پڑی اور انجام کار وہ تباہی سے دوچار ہوئے۔ وہ عظیم گھر اور عمارتیں جو انہوں نے تعمیر کی تھیں اور ملک میں جو فن کے نمونے انہوں نے تخلیق کیے تھے، انہیں اس عذاب سے نہ بچا سکے۔ ثمود بھی اسی طرح سخت ترین عذاب سے دوچار کیے گئے جس طرح ان سے پہلی اور بعد میں آنے والی باغی اور سرکش اقوام عذاب میں گرفتار ہوئیں۔



Marfat.com

باب ششم

# غرقاب ہونیوالے فرعون کا تذکرہ

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ۝

(الانفال۔۵۴)

''(جھٹلانے والوں کا حال ایسا ہی ہوا) جیسا حال فرعون کے لوگوں اور ان سے قبل کے لوگوں کا ہوا۔انہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کو جھٹلایا۔پس ہم نے ان کے گناہوں کی وجہ سے ان کو ہلاک کر دیا اور فرعون کے لوگوں کو غرق کر دیا اور وہ سب ظالم تھے۔''

قدیم مصری تہذیب، اور اس کے دور میں قائم ہونے والی وادئ دجلہ وفرات کی شہری ریاستیں دنیا کی قدیم ترین تہذیبیں اور منظّم ریاستیں تصور کی جاتی ہیں جن کا سماجی نظام بہت ہی ترقی یافتہ تھا۔ان لوگوں نے تین ہزار سال قبل مسیح میں لکھنا سیکھ لیا تھا اور وہ دریائے نیل کا اپنی قومی معاشی سرگرمیوں کے لیے استعمال اور بیرونی خطرات سے اپنے ممالک کے بچاؤ کی تدابیر سے بھی آگاہ تھے۔اس طرح مصریوں کی تہذیب بہت ہی ترقی یافتہ تہذیب بن گئی تھی۔

مگر یہی وہ ''مہذب'' سماج تھا جہاں عرصۂ دراز تک فراعین کا دورِ اقتدار رہا جسے قرآن حکیم نے بڑے ہی واضح اور مبرّہن انداز سے کفر اور ظلم کا نظام قرار دیا ہے۔وہ دعوتِ حق کے مقابل غرور، تکبر، سرکشی اور گستاخی کے رویّے کے مرتکب ہوئے۔جس کے نتیجے میں نہ ہی ان کی اعلیٰ ترقی یافتہ تہذیبیں، سماجی وسیاسی نظام اور نہ ہی ان کی عسکری طاقت انہیں تباہی سے بچا سکی۔

## فراعین کا اقتدار

مصری تہذیب کا دارومدار دریائے نیل کی زرخیزی پر تھا۔آبپاشی کی سہولیات کے سبب



Marfat.com

مصریوں کی اکثریت وادئ نیل میں آباد تھی اس طرح وہ بارش پر انحصار کیے بغیر اپنی زمین کو دریائے نیل کے پانی سے کاشت کر سکتے تھے۔ معروف مورخ ارنسٹ ایچ گومبرچ (Ernst H.Gombrich) کے مطابق افریقہ بہت ہی گرم علاقہ ہے اور بعض اوقات مہینوں تک یہاں بارش نہیں ہوتی۔ اس وجہ سے اس وسیع براعظم کے اکثر علاقے سخت خشک ہیں۔ یہ علاقے وسیع صحراؤں پر مشتمل ہیں۔ دریائے نیل کے دونوں اطراف بھی صحراؤں پر مشتمل ہیں اور مصر میں بارشیں کم وبیش ہی ہوتی ہیں۔ مگر اس ملک میں بارشوں کی اتنی ضرورت نہیں پڑتی کیونکہ پورے ملک کے درمیان سے دریائے نیل بہتا ہے (33)۔

دریائے نیل کی اس مرکزی حیثیت کی وجہ سے جو بھی اس کا کنٹرول حاصل کرے اسے مصر کی معیشت اور زراعت کے بڑے حصے کا کنٹرول میسر آ جاتا ہے۔ فراعینِ مصر نے ملک پر اسی طرح کنٹرول حاصل کیا تھا۔ وادئ نیل کی تنگ اور عمودی ساخت کی وجہ سے لوگ یہاں اپنے رہائشی گھر زیادہ پھیلا نہیں سکتے تھے۔ اس طرح مصریوں نے اپنے رہن سہن کے لیے بڑے گھروں کے بجائے چھوٹے چھوٹے قصبات اور گاؤں بنا رکھے تھے۔ اس عنصر کی وجہ سے بھی فراعین کا اپنے عوام پر اقتدار اور کنٹرول مزید مستحکم ہو گیا تھا۔

شاہ مینیس (King Menes) کو قدیم مصر کا پہلا فرعون تصور کیا جاتا ہے۔ اس نے تاریخ میں پہلی بار ۳۰۰۰ ق م میں پورے مصر کو متحد کیا تھا۔ فرعون کی اصطلاح کا اطلاق فی الاصل اس محل پر ہوتا تھا جس میں مصری بادشاہ رہتا تھا مگر مرورِ ایام کے ساتھ یہ خود بادشاہ کا لقب بن گیا۔ اس طرح عظیم مصری حکمرانوں نے خود کو فرعون کہلانا شروع کر دیا۔

ملک کے مالک، منتظم اور حکمران ہونے کی وجہ سے فراعین کو قدیم مصر کے مسخ شدہ مشرکانہ مذہب میں سب سے بڑے دیوتا کا مظہر سمجھا جاتا تھا۔ قدیم مصری زمینوں کا انتظام، ان کی آمدن کا نظم ونسق، ریاستی معاملات اور دیگر امورِ مملکت فرعون کے زیرِ اقتدار ہی چلائے جاتے تھے۔

فراعین کو حاصل مطلق اقتدار کی وجہ سے وہ ملک میں مختارِ کل تھے اور جو چاہتے کر سکتے تھے۔ فراعین کے اقتدار کے آغاز یعنی شاہ مینیس کے زمانے سے ہی جس نے بالائی اور زیریں مصر کو متحد کر کے عظیم مصری سلطنت قائم کی تھی، دریائے نیل کے پانی کی عوام تک شہروں کے ذریعے رسائی کا انتظام کر دیا گیا تھا۔ اس کے ساتھ ہی تمام ریاستی پیداوار کو حکومتی کنٹرول میں لے لیا گیا تھا۔ تمام اجناس کی پیداوار بادشاہ کے تصرف میں تھی۔ وہی رعایا میں حسبِ تناسب تقسیم کرتا تھا۔ ملک



Marfat.com

میں اتنے بااختیار بادشاہ کے لیے یہ امر محال نہ تھا کہ وہ عوام کو ہر لحاظ سے اپنا مطیع بنالیتا۔ مصری بادشاہ، فرعون ایک مقدس ہستی تصور کیا جاتا تھا جو لوگوں کی ہر طرح ضروریات کا کفیل تھا۔ اس طرح اسے دیوتا کا درجہ حاصل ہو چکا تھا۔ اس طرح بتدریج فراعین اپنے آپ کو دیوتا سمجھنے لگے تھے۔

قرآن حکیم میں مذکورہ فرعون کے کچھ مکالمات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ فراعین اسی طرح کا عقیدہ رکھتے تھے۔ فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر تم میرے علاوہ کسی اور خدا کا ذکر کرو گے تو میں تمہیں قید کر دوں گا (الشعراء:۲۹) اس کے ساتھ ہی اس نے اپنے مصاحبوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں اپنے سوا تمہارا کوئی خدا نہیں دیکھتا (القصص: ۳۸)۔ فرعون کی اس گفتگو سے صاف ظاہر ہے کہ وہ خود کو اہلِ مصر کا خدا تصور کرتا تھا۔

## مذہبی عقائد

مورخ ہیروڈوٹس (Herodotus) کے مطابق قدیم مصری بہت ہی ''پارسا'' لوگ تھے مگر ان کا مذہب دینِ حق نہ تھا بلکہ گمراہ کن مشرکانہ مذہب تھا۔ مگر وہ اپنی انتہائی رجعت پسندی کی وجہ سے اسے ترک نہ کر سکے تھے۔

قدیم مصری اس قدرتی ماحول سے، جس میں وہ رہ رہے تھے بہت ہی متاثر تھے۔ مصر کا قدرتی جغرافیہ بیرونی حملہ آوروں سے تحفظ کا موزوں ذریعہ تھا۔ مصر سب طرف سے صحراؤں، پہاڑوں اور سمندروں سے گھرا ہوا تھا۔ مصر پر کسی بھی حملے کے دو ہی ممکن راستے تھے جہاں سے مصری بڑی آسانی سے اپنا دفاع کر سکتے تھے۔ انہیں قدرتی عوامل کی وجہ سے مصری بیرونی دنیا سے الگ تھلگ تھے۔ مگر صدیوں پر محیط اس علیحدگی اور تنہائی نے انہیں متعصب قوم بنا دیا تھا۔ اس طرح مصریوں کے زاویۂ نگاہ میں کسی بھی نئی ترقی یا دریافت کے جگہ پانے کا کوئی امکان نہ تھا۔ مزید یہ کہ وہ اپنے مذہب سے وابستگی کے حوالے سے بہت ہی متشدد تھے۔ قرآن حکیم کے الفاظ میں ''آباء و اجداد کا مذہب'' ان کی سب سے اہم حیاتی قدر بن چکا تھا۔

یہی وجہ تھی کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس دعوتِ حق لے کر آئے تو فرعون اور اس کے درباریوں نے اسے یہ کہتے ہوئے مسترد کر دیا:

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَیْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِیَآءُ



Marfat.com



مصریوں کے مذہبی عقائد ان کے معبود دیوتاؤں کے گرد گھومتے تھے۔ ان دیوتاؤں اور لوگوں میں رابطہ مذہبی پیشوا تھے جو معاشرے کے رہنما بھی تھے۔ جادو اور سفلی علوم کے ماہر یہ پیشوا ایسے طبقے میں بدل گئے تھے جن کی اطاعت بھی لوگوں کے لیے فرعون کے حکم کے مطابق ضروری تھی۔

فِی الْاَرْضِ ط وَمَا نَحْنُ لَکُمَا بِمُؤْمِنِیْنَ o (یونس۔۷۸)

''وہ بولے کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ ہمیں اس راہ سے پھیر دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ اور ملک میں تم دونوں کی سرداری ہو جائے۔ اور ہم تم دونوں پر ایمان لانے والے نہیں''۔

قدیم مصر کا مذہب کئی شاخوں میں منقسم تھا۔ ان میں سب سے اہم ریاستی مذہب، لوگوں کے عقائد اور ان کا عقیدۂ حیات بعد الموت تھا۔ ریاستی وحکومتی مذہب کے مطابق فرعون ایک مقدس ہستی تھا۔ وہ زمین پر لوگوں کے لیے خدا کا مظہر تھا، اور اس کا منصب لوگوں کو انصاف کی فراہمی اور انہیں ظلم سے محفوظ رکھنا تھا۔

لوگوں کے عمومی عقائد بہت ہی پیچیدہ تھے۔ ان کے عقائد کے دو پہلو جو ریاستی مذہب سے متصادم ہوتے، فرعونِ وقت کی اقتدار کی طاقت سے دبا دیے جاتے تھے۔ بنیادی طور پر لوگ کئی



Marfat.com

خداؤں پر یقین رکھتے تھے اوران خداؤں کا مظاہرہ انسانی دھڑ پر جانوروں کے سروں سے کیا جاتا تھا۔ ان عقائد کے ساتھ ساتھ کئی مقامی روایات بھی مذہب کا حصہ تھیں جو ایک علاقے سے دوسرے تک بدلتی چلی جاتی تھیں۔

حیات بعدالموت مصری عقائد کا ایک لازمی عنصر تھا۔ ان کا عقیدہ تھا کہ جسم کے مرنے کے بعد روح زندہ رہتی ہے۔ ان کے مطابق مرنے کے بعد روح کو خدا جو ایک جج تھا اور اس کے ساتھ موجود دوسرے ۴۲ ججوں کے سامنے پیش کی جاتی تھی اور ان کے سامنے ایک ترازو پر اس کا وزن کیا جاتا تھا۔ وہ لوگ جن کے اعمال اچھے ہوتے تھے انہیں مرنے کے بعد اعلیٰ وخوبصورت مقامات پر بھیجا جاتا ہے جہاں وہ خوش وخرم رہتے ہیں اور جو برے اعمال کا ارتکاب کرتے رہے تھے انہیں عذاب وتکلیف کی جگہ بھیجا جاتا ہے۔ یہاں بدکردار روحوں کو ہمیشہ کے لیے ایک عجیب وغریب مخلوق ''مردارخور'' عذاب دیتی رہتی ہے۔

مصریوں کا حیات بعدالموت کا عقیدہ توحید وحق پرستانہ مذہب کے عقائد سے گہری مماثلت رکھتا ہے۔ یہی عقیدہ اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ قدیم مصری تہذیب تک پیغامِ حق ضرور پہنچا تھا مگر بعد میں ہونے والی تحریفات کے نتیجے میں توحید پر مبنی مذہب شرک وبت پرستی میں بدل گیا۔ یعنی مصر کے لوگوں میں بھی وقتاً فوقتاً انبیاء کرام علیہم السلام مبعوث ہوتے رہے تھے جو انہیں ایک اللہ کی عبادت کی دعوت دیتے رہے۔ انہی انبیاء میں سے ایک حضرت یوسف علیہ السلام تھے جن کا مفصل تذکرہ قرآن میں موجود ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی تاریخ بھی بہت ہی اہم ہے کیونکہ اس کے دوران ہی اسرائیل کے بیٹے مصر آئے اور وہاں آباد ہوئے۔

تاریخ میں ایسے شواہد بھی موجود ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی آمد سے قبل بھی اہلِ مصر میں توحید کی دعوت دینے والے لوگ موجود تھے۔ ان میں سے بہت ہی دلچسپ شخصیت ایک فرعون کی ہے جسے تاریخ میں آمن حوتپ چہارم (Amenhotep-IV) کے نام سے جانا جاتا ہے۔

## آمن حوتپ چہارم: مؤحّد فرعون

اکثر فراعینِ مصر ظالم، متشدّد، جنگجو اور بے رحم لوگ تھے۔ انہوں نے مصر کا مشرکانہ مذہب اختیار کر رکھا تھا اور اسی مذہب کے ذریعے وہ رعایا سے اپنی عبادت کرواتے تھے۔ مگر مصری تاریخ



Marfat.com


آمن حوتپ چہارم

میں ایک فرعون بالکل مختلف کردار کا حامل بھی ہے۔ وہ خدائے واحد کی عبادت کا اقرار کرتا تھا۔ اس وجہ سے اسے اپنے دور کے مذہبی اجارہ داروں کی سخت مخالفت کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ مشرکانہ مذہب ہی ان کی کمائی کا بڑا ذریعہ تھا۔ ان مذہبی رہنماؤں کو فوج کی حمایت بھی حاصل تھے۔ اس طرح انجام کار اس فرعون کو قتل کر دیا گیا۔ چودھویں صدی ق م میں عروج پانے والا یہ فرعون آمن حوتپ چہارم تھا۔

جب وہ ۱۳۷۵ ق م میں تخت نشین ہوا تو اسے صدیوں سے جاری رجعت پرستی اور مشرکانہ روایت کا سامنا کرنا پڑا۔

اس کے دور تک معاشرتی نظام اور لوگوں کے شاہی خاندان سے تعلقات بلاتغیّر قائم چلے آ رہے تھے۔ معاشرے نے بیرونی ارتقاء اور مذہبی روشن خیالی پر اپنا ہر دروازہ بند کر رکھا تھا۔ یہ انتہا پسندانہ مذہبی رویہ، جس کا تذکرہ قدیم یونانی سیاحوں نے بھی کیا مصری معاشرے کی اس جغرافیائی ساخت کی وجہ سے تھا جس کا ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں۔

فراعینِ مصر کی طرف سے نافذ کردہ سرکاری مذہب کی رو سے عوام پر ہر قدیم اور روایتی عقیدے پر غیر مشروط ایمان ضروری تھا۔ مگر آمن حوتپ چہارم نے اس سرکاری مذہب کو اختیار نہ کیا۔ مورخ ارنسٹ گومبرچ (Ernst Gombrich) کے مطابق:

''صدیوں پرانی روایات میں سے اکثر کو اس نے توڑ دیا۔ وہ لوگوں کے تراشے ہوئے بے شمار بتوں کا احترام نہیں کرتا تھا۔ اس کے نزدیک ایک خدا (Aton) ہی واحد معبود تھا جسے وہ سورج کی صورت میں بیان کرتا تھا اور اپنے اس معبود کے نام پر اس نے اپنا نام ''اخن ایتون'' رکھا ہوا تھا۔ اس نے اپنا دربار بتوں کی پرستش کرنے والے مذہبی پروہتوں سے دور قائم کر لیا تھا اس جگہ کو اب الامارنہ (El-Amarna) کہتے ہیں'' (34)۔

باپ کے انتقال کے بعد نوجوان آمن حوتپ چہارم پر بہت دباؤ ڈالا گیا۔ اس دباؤ کا سبب



Marfat.com

مصر کے روایتی مشرکانہ اور کثیر معبودی مذہب کے مقابلے میں ایک نئے توحیدی مذہب کا پرچار تھا اور یہ کہ وہ زندگی کے ہر مسئلے میں واضح تبدیلی لانا چاہتا تھا۔ مگر مذہبی رہنما اسے اس مذہب کے پیغام کی تبلیغ کی اجازت دینے پر تیار نہ تھے۔ اس پر وہ اپنے تمام ساتھیوں سمیت تھیبس (Thebes) کے شہر سے نکل کر تل الامارنہ کے مقام پر آ کر قیام پذیر ہو گیا۔ یہاں اس نے اخن ایتون کے نام سے ایک نیا اور جدید شہر آباد کیا۔ آمن حوتپ چہارم نے اپنا نام جس کا مفہوم ''آمن کی رحمت'' تھا بدل کر ''اخن ایتون'' یعنی ''ایتون کا مطیع'' رکھ لیا۔ مصری کثیر المعبودی عقائد کے مطابق ایمن سب سے بڑے معبود کا نام تھا جبکہ آمن حوتپ کے مطابق ایتون آسمانوں اور زمینوں کے خالق کا نام ہے یعنی صفات کے لحاظ سے اسے ''اللہ'' سے مماثلت تھی۔

آمن حوتپ کی سرگرمیوں سے مصر کے مذہبی پیشوا ناراض تو تھے ہی، اس دوران پیدا ہونے والے ایک معاشی بحران سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انہوں نے آمن حوتپ سے اقتدار چھیننے کا منصوبہ بنایا۔ حتیٰ کہ ایک سازش کے ذریعے اسے زہر دے کر ہلاک کر دیا گیا۔ اس طرح بعد میں آنے والے فراعین مذہبی پیشواؤں کے اثر ورسوخ کے سامنے بڑے محتاط تھے۔

''اخن ایتون'' کے بعد عسکری پسِ منظر رکھنے والے فرعون اقتدار میں آتے رہے۔ انہوں نے پرانے مشرکانہ مذہب کے فروغ میں بھرپور کردار ادا کیا۔ کم وبیش ایک سو سال بعد رامیسس دوم تخت نشین ہوا جو مصری تاریخ کا طویل ترین دور رکھنے والا حکمران تھا۔ اکثر مورخین کے نزدیک رامیسس دوم ہی بنی اسرائیل کے بچوں کو قتل کرنے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خلاف جنگ کرنے والا حکمران تھا (35)۔

## حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بعثت

اپنی شدید سرکشی کے باعث قدیم مصری اپنے بت پرستانہ عقائد چھوڑنے پر تیار نہ تھے۔ اگرچہ وقتاً فوقتاً کئی اہلِ حق انہیں خدائے واحد کی عبادت کی طرف بلاتے رہے مگر آلِ فرعون اپنی گمراہی سے ہی چمٹے رہے۔ آخر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ کے رسول بن کر آئے۔ کیونکہ اب مصری قوم ایک طرف تو اپنے مشرکانہ مذہب اور بت پرستی میں حد سے بڑھ گئی تھی تو دوسری طرف انہوں نے بنی اسرائیل کو بھی غلام بنا لیا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اہلِ مصر کے سامنے دعوتِ حق



Marfat.com

رکھنے اور آلِ بنی اسرائیل کو غلامی سے نجات دلانے وراہِ حق دکھانے کا عظیم مشن سونپا گیا۔قرآن حکیم کے مطابق:

نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَجَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ○ وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ○ (القصص۔۳-۶)

''ہم آپ کو موسیٰ وفرعون کا کچھ واقعہ ان لوگوں کے لیے صحیح صحیح سناتے ہیں جو ایمان رکھتے ہیں۔فرعون زمین میں بہت بڑھ گیا تھا اور اس نے وہاں کے لوگوں کو مختلف گروہوں میں تقسیم کر رکھا تھا۔ان میں سے ایک گروہ کو کمزور کر رکھا تھا جس کے بیٹوں کو وہ ذبح کر دیتا تھا اور ان کی عورتوں کو زندہ رکھتا تھا۔بے شک وہ زمین میں بڑی خرابی پیدا کرنے والوں میں سے تھا۔

اور ہم چاہتے تھے کہ ان لوگوں پر احسان کریں جن کو ملک میں بالکل کمزور کر دیا گیا تھا اور یہ کہ ان کو سردار بنادیں اور ان کو وارث بنادیں۔

اور ان کو قوت بخشیں اور فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکروں کو ان کے ہاتھوں وہ دکھا دیں جس کا ان کو ڈر تھا''۔

فرعون بنی اسرائیل کے بچوں کو بڑھنے سے روک رہا تھا۔اور ہر نئے پیدا ہونے والے بچے کو قتل کر دیتا تھا۔اس لیے اُلوہی رہنمائی کے تحت حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ماں نے آپ کو پیدا ہوتے ہی ایک صندوق میں ڈالا اور پانی میں ڈال دیا۔اس طرح آپ فرعون کے محل تک پہنچ گئے۔قرآن حکیم نے اس مضمون کو اس طرح بیان کیا ہے:

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِيْ وَلَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ؕ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِئِيْنَ ○ وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَلَكَ ؕ



Marfat.com

لَا تَقۡتُلُوۡهُ ۖ عَسٰۤى اَنۡ يَّنۡفَعَنَاۤ اَوۡ نَـتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ○

(القصص۔۷-۹)

''چنانچہ ہم نے موسیٰ کی ماں کو حکم بھیجا کہ اس کو دودھ پلاتی رہ پھر جب تمہیں اس کے متعلق اندیشہ پیدا ہو تو اسے دریا میں ڈال دینا اور نہ تو خوف کرنا اور نہ ہی غمگین ہونا۔ ہم اسے تمہارے پاس زندہ و سلامت پہنچا دیں گے۔ اور اس کو پیغمبروں میں سے بنا دیں گے۔

پھر فرعون کے لوگوں نے اس بچے کو اٹھا لیا تا کہ وہ ان کے لیے ان کا دشمن اور باعث غم ہے۔ بے شک فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر سے بڑی چوک ہوئی۔

اور فرعون کی بیوی نے کہا کہ یہ بچہ تو میرے اور تمہارے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اس کو قتل نہ کرنا۔ ہوسکتا کہ یہ ہمارے کام آئے یا ہم اسے اپنا بیٹا ہی بنا لیں اور ان کو انجام کی خبر نہ تھی''۔

فرعون کی بیوی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قتل ہونے سے بچایا اور اپنا بیٹا بنا لیا۔ اس طرح آپ نے اپنا بچپن فرعون کے محل میں گزارا۔ یہ اللہ کی تائید تھی کہ آپ کی والدہ دایہ بن کر محل میں پہنچ گئیں۔


نوجوان ہونے کے بعد ایک دن موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ ایک مصری بنی اسرائیل کے ایک فرد کو اذیت دے رہا ہے۔ آپ نے بیچ بچاؤ کراتے ہوئے جب مصری کو ایک مکہ مارا تو وہ وہیں مر گیا۔ اس کے باوجود کہ آپ فرعون کے محل میں رہ رہے تھے اور ملکہ نے آپ کو اپنا بیٹا بنایا ہوا تھا شہر کے سرداروں نے فیصلہ کیا کہ آپ کی سزا موت ہونی چاہیئے۔ یہ سنتے ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے مدین چلے گئے۔ مدین میں قیام کے آخری ایام میں اللہ تعالیٰ نے آپ سے براہِ راست کلام کیا اور آپ کو منصبِ نبوت عطا فرمایا۔ آپ کو حکم ہوا کہ واپس فرعون کے پاس آئیں اور اسے دین الٰہی کا پیغام پہنچائیں۔

## فرعون کا دربار

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام حکمِ الٰہی کی تعمیل میں فرعون کے پاس گئے اور اس تک دینِ حق کا پیغام پہنچایا۔ انہوں نے فرعون کو بنی اسرائیل کے بچوں پر ظلم کرنے سے منع کیا اور انہیں اپنے ساتھ جانے دینے کا کہا۔ یہ امر فرعون کے لیے ناقابل برداشت تھا کہ وہ موسیٰ جو فرعون کے




Marfat.com





غلامی کا شکار وہ لوگ جن پر فرعون ظلم کرتا تھا۔ ان سے بڑے بڑے تعمیراتی کام لئے جاتے تھے۔ بنی اسرائیل بھی ان اقلیتوں میں شامل تھے۔ اوپر والی تصویر میں بنی اسرائیل ایک معبد کی تعمیر میں مصروف ہیں جبکہ نیچے والی تصویر میں بنی اسرائیل ایک تعمیراتی منصوبہ شروع کرنے سے قبل تیاری کر رہے ہیں۔ یہاں غلام آگ پر اینٹیں اور دوسرا تعمیراتی سامان تیار کر رہے ہیں۔





بعض مؤرخین کے مطابق یہ قرآن حکیم میں مذکور رامیسس دوم کی تصویر
ہے جو گرفتار شدہ غلاموں کو قتل کر رہا ہے۔ جیسا کہ ان تصاویر سے ظاہر
ہے فراعینِ مصر اپنے آپ کو طاقتور جنگجوؤں کے طور پر پیش کرتے تھے جو
اتنے جسم کے مالک ہوتے کہ بیک وقت کئی افراد پر حاوی ہو سکتے تھے۔

Marfat.com





اوپر: چونکہ فراعین اپنے آپ کو الوہی تقدس کا حامل سمجھتے تھے اس لیے وہ عام لوگوں سے ممتاز رہتے تھے۔

نیچے: مصریوں کے گرفتار کردہ جنگی قیدی موت کی سزا ملنے کا انتظار کر رہے ہیں۔

Marfat.com

محل میں پرورش پاتا رہا اور فرعون کا ممکنہ جانشین بھی تھا اس سے اس طرح مخاطب ہو۔فرعون نے آپ پر ناشکرے پن کا الزام لگایا:

قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ٥ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ٥ (الشعراء۔۱۸-۱۹)

''فرعون بولا: اے موسیٰ! کیا ہم نے تمہیں پالا نہیں؟ اور تم اپنی عمر کے کئی برس ہمارے ساتھ رہے اور تم نے اپنا وہ کام کیا جو کیا تھا اور بے شک تم بڑے ناشکر گزار ہو''۔

فرعون جذباتی ہتھکنڈے استعمال کر کے آپ پر قابو پانا چاہتا تھا۔ وہ اس بات پر کہ اس نے اور اس کی بیوی نے موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کی تھی، آپ سے اطاعت و فرمانبرداری کا تقاضا کر رہا تھا۔ چونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک مصری کو بھی قتل کیا تھا اس لیے یہ سب کچھ مصری قانون کے مطابق سخت سزا کا موجب بن سکتا تھا۔ اس طرح جذباتی فضا پیدا کر کے فرعون حضرت موسیٰ علیہ السلام کو متاثر کرنے کے ساتھ اپنے درباریوں کی حمایت بھی حاصل کرنا چاہتا تھا۔


مگر وہ دعوتِ حق جسے حضرت موسیٰ علیہ السلام لے کر آئے تھے اتنی پر اثر تھی کہ فرعون کی حیثیت ایک عام آدمی کی سی ہو گئی۔ کیونکہ اس دعوتِ حق سے یہ امر واضح ہو چکا تھا کہ فرعون خدا نہیں اور اسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اطاعت کرنا تھی۔ علاوہ ازیں آلِ اسرائیل کو رہا کرنے اور موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ جانے کی اجازت دینے پر بھی اس کی افرادی قوت میں نمایاں کمی ہو رہی تھی جو اس کے لیے سنگین معاشی بحران کا باعث بن سکتی تھی۔ ان اسباب کی وجہ سے فرعون نے دعوتِ موسوی پر کوئی توجہ نہ دی۔ اس نے آپ کا مذاق اڑانا شروع کر دیا اور لایعنی سوالات پوچھ کر موضوع بدلنے کی کوشش کی۔ اس نے موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام پر باغی ہونے اور سیاسی مقاصد کے لیے کام کرنے کا الزام بھی لگایا۔ انہوں نے دینِ حق کی پیروی سے انکار کر دیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے ان پر کچھ تکلیف اور مشکلات بھی مسلط کیں۔

## فرعون اور اس کے پیروکاروں پر آنے والے عذاب


فرعون اور اس کا قریبی حلقہ بت پرستی اور آباء و اجداد کے گمراہ کن مذہب پر اس حد تک ہٹ دھرمی سے کاربند تھا کہ اسے ترک کرنے کا تصور بھی ان کے لیے محال تھا۔ موسیٰ علیہ السلام کے دو واضح



Marfat.com



رامیس دوم اپنی جنگی گاڑی میں سوار دشمنوں کا تعاقب کر رہا ہے۔ دیگر کئی تصاویر کی
طرح فرعون کی بہادری کے اظہار کے لیے یہ خیالی تصویر بنائی گئی۔



جنگِ کاوش کا منظر۔ یہ جنگ رامیس اور حطیطس کے درمیان ہوئی۔ مصری تاریخ میں غلط طور پر فرعون کو اس جنگ کا فاتح قرار دیا گیا حالانکہ وہ بمشکل اپنی جان بچا سکا اور آخر میں اسے صلح کرنا پڑی۔



Marfat.com

معجزے، آپ کا چمکتا ہوا ہاتھ اور اژدھا بن جانے والا عصا بھی انہیں اپنے توہماتی دین سے نہ ہٹا سکے۔ بلکہ وہ اپنے کفر پر مزید جم گئے اور کہنے لگے:

وَقَالُوا مَهْمَا تَأْتِنَا بِهِ مِنْ آيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا لا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ٥

(الاعراف۔۱۳۲)

''اور وہ کہنے لگے کہ تم کیسے بھی نشان لے آؤ جس سے ہم پر جادو کر دو لیکن ہم تو تم پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے''۔

مصریوں کے اس رویّے کے باعث اللہ تعالیٰ نے ان پر مسلسل عذاب بھیجے جن میں سے ہر ایک علیحدہ معجزے کی حیثیت رکھتا تھا اور اس طرح آخرت کے دائمی عذاب سے پیشتر دنیا میں بھی ان کو عذاب کا مزہ چکھایا۔ ان عذابوں میں سے پہلا خشک سالی اور فصلوں کی تباہی کا عذاب تھا۔ اس بارے میں قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے ''ہم نے فرعون کے لوگوں پر قحط (کے کئی سال) اور فصلوں کی بربادی مسلط کر دی کہ شاید وہ اس طرح نصیحت پا جائیں۔ (سورۃ الاعراف: ۱۳۰)

چونکہ مصریوں کے زرعی نظام کی بنیاد دریائے نیل پر تھی اس لیے وہ قدرتی حالات کی تبدیلیوں سے زیادہ متاثر نہیں ہوتے تھے۔ مگر دعوت حق سے انکار کے سبب ان پر ایک غیر متوقع تباہی آئی۔ دریائے نیل کا پانی اچانک بہت ہی کم ہو گیا اور ان کے زرعی علاقوں میں آبپاشی کرنے والی نہریں خشک ہو گئیں۔ سخت اور شدید گرمی سے فصلیں خشک ہو گئیں۔ اس طرح فرعون اور اس کے حواریوں پر غیر متوقع بدحالی طاری ہو گئی۔ ان غیر متوقع برے حالات نے فرعون کا طنطنہ کم کر دیا۔ حالانکہ اس سے پہلے اس کا یہ حال تھا کہ:

وَنَادَىٰ فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَٰقَوْمِ أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ وَهَٰذِهِ الْأَنْهَٰرُ تَجْرِي مِن تَحْتِي ج أَفَلَا تُبْصِرُونَ٥ (الزخرف۔۵۱)

''اور فرعون نے اپنی قوم میں پکار کر کہا اے میری قوم کیا میرے ہاتھ میں مصر کی حکومت نہیں اور یہ نہریں جو میرے محل کے نیچے بہہ رہی ہیں کیا تم دیکھتے نہیں؟''

بجائے اس کے وہ ان حالات سے کچھ سبق حاصل کرتے انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو نحوست قرار دے دیا۔ کیونکہ ان پر ان کے آبائی مذہب کی توہمات کی حکمرانی تھی اس طرح انہوں نے اپنے لیے ایک بہت ہی بڑے عذاب کا انتخاب کر لیا۔ یہ تکلیف تو ایک معمولی



Marfat.com

آغاز تھی مگر اس کے بعد تو عذاب کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا۔ قرآن حکیم ان پر آنے والے مختلف عذابوں کو اس طرح بیان کرتا ہے:

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ قف فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ○ (اعراف۔۱۳۳)

''پس ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈی اور جوئیں اور مینڈک اور خون واضح نشانیاں بھیجیں، پھر بھی وہ تکبر ہی کرتے رہے اور وہ بڑے نافرمان لوگ تھے''۔

فرعون اور اس کے حلقے پر آنے والے ان عذابوں کا تذکرہ قرآن حکیم کے علاوہ عہد نامۂ قدیم میں بھی موجود ہے:

''اور تمام ملک مصر میں خون ہی خون ہو گیا''۔ (اخراج۔۷:۲۱)

اور اگر تو ان کو جانے نہ دے گا تو دیکھ میں تیرے ملک کو مینڈکوں سے بھر دوں گا۔ اور دریا بے شمار مینڈکوں سے بھر جائے گا اور وہ آ کر تیرے گھر میں، تیری آرام گاہ میں، تیرے پلنگ اور تیرے ملازموں کے گھروں، تیری رعیت، تندوروں اور آٹا گوندھنے کے لگنوں میں گھستے پھریں گے۔ (اخراج۔۸:۲-۳)

تب خداوند نے موسیٰ سے کہا ہارون سے کہہ کہ لاٹھی بڑھا کر زمین کی گرد کو مارتا کہ وہ تمام ملک مصر میں جوئیں بن جائے۔ (اخراج۔۸:۱۶)

اور ٹڈیاں سارے ملکِ مصر پر چھا گئیں۔ اور وہیں مصر کی حدود میں بسیرا کیا۔ اور ان کا دل ایسا بھاری تھا کہ نہ تو ان سے پہلے کبھی ایسی ٹڈیاں آئیں نہ ان کے بعد پھر کبھی آئیں گی۔ (اخراج۔۱۰:۱۴)

تب جادوگروں نے فرعون سے کہا کہ یہ خدا کا کام ہے، پر فرعون کا دل سخت ہو گیا اور جیسا خداوند نے کہہ دیا تھا اس نے ان کی نہ سنی۔ (اخراج۔۸:۱۹)

آلِ فرعون پر ان تکالیف کا نزول جاری رہا حتیٰ کہ ان پر کچھ عذاب ان کے معبودوں کی صورت میں آئے۔ مثلاً انہوں نے دریائے نیل اور مینڈکوں کو تقدس میں خدائی درجہ دے رکھا تھا۔ وہ ان سے مدد طلب کیا کرتے تھے۔ مگر انہوں نے انہیں ان کے معبودوں کی شکل میں عذاب سے دوچار کیا تا کہ وہ اپنی غلطیوں کا احساس کر کے ان کا ازالہ کر سکیں۔



Marfat.com

عہد نامہ قدیم کے شارحین کے مطابق دریائے نیل کا پانی ان کے لیے خون میں بدل جاتا تھا۔اور جب وہ پانی لیتے تو وہ جمے ہوئے سرخ مواد میں بدلا ہوتا۔بعض توضیحات کے مطابق اس سرخ رنگ کی وجہ ایک مخصوص قسم کا بیکٹیریا تھا۔

مصریوں کے لیے دریائے نیل زندگی کا سرچشمہ تھا۔دریائے نیل میں کوئی بھی خرابی پورے مصر کی موت کے مترادف تھی۔اگر وہ بیکٹیریا سارے دریائے نیل کو سرخ کر دیتے تو اس پانی کو استعمال کرنے والا ہر شخص اس بیکٹیریا کے اثر سے بیمار پڑ جاتا۔

حالیہ تحقیقات کے مطابق سرخ رنگ کی وجہ پروٹوزوا (Protozoan)، زوپلانکٹان (Zooplankton)، تازے پانی کی ایلجی فائٹو پلانکٹان (phytoplankton) اور ڈائنو فلیجی لیٹس (Dinoflagellates) ہیں۔یہ تمام پروٹوزوا، فنگس اور پودے پانی کی آکسیجن کو ختم کر دیتے ہیں اور اس میں ضرر رساں زہریلے مادے پیدا کر دیتے ہیں جو مچھلیوں اور مینڈکوں کے لیے مہلک ہیں۔

انجیل میں ''اخراج'' کی تفصیلات کا حوالہ دیتے ہوئے نیشنل میرین فشریز سروس کے ماہر پیٹریشا اے ٹیسٹر (Patricia A.Tester) نیویارک اکیڈمی آف سائنس کی روداد میں لکھتے ہیں کہ فائٹو پلانکٹان کی ۵۰۰۰ اقسام میں سے ۵۰ اقسام زہریلی ہیں جو سمندری حیات کے لیے مہلک ہو سکتی ہیں۔کینیڈا کے محکمہ صحت کے ایون سی ڈی ٹاڈ (Ewen C.D.Todd) اسی اشاعت میں تاریخی حوالوں سے لکھتے ہیں کہ دنیا بھر میں مختلف وباؤں کا باعث بننے والے مخصوص فائٹو پلانکٹان تقریباً دو درجن کے قریب ہیں۔ڈبلیو ڈبلیو کارمائیکل (W.W. Carmichael) اور آئی آر فالکانر (I.R. Falconer) نے بلیو گرین ایلجی سے ہونے والی بیماریوں کا ذکر کیا ہے۔نارتھ کیرولینا سٹیٹ یونیورسٹی کے آبی ماحولیات کے ماہر جون ایم برخولڈر (Joann M. Burkholder) نے دریاؤں کے دھانے میں پائے جانے والے ڈائنو فلیجلیٹ (Dinoflagellate) کا تذکرہ کیا ہے جس سے مچھلیاں مرجاتی ہیں (36)۔

فرعون کے زمانے میں اس طرح کے واقعات مسلسل وقوع پذیر ہوئے۔اس طرح جب دریا کا پانی زہریلا ہوا تو مچھلیاں بھی مرگئیں۔اور مصریوں کی غذائیت کا ایک اہم ذریعہ ختم ہو گیا۔جب شکار خور مچھلیاں ختم ہوگئیں تو مینڈکوں کی نسل تیزی سے بڑھنے کے امکانات پیدا ہو گئے۔جب دریائے نیل میں مینڈک حد سے زیادہ بڑھ گئے تو دریا کے زہریلے ماحول سے نکلنے کے لیے



Marfat.com

وہ باہر کی وادی میں اٹد پڑے اور باہر مرنے اور گلنے سڑنے لگے۔ دریائے نیل اور اس کا اردگرد کا ماحول گندگی سے بھر گیا اور دریا کا پانی پینے یا نہانے دھونے کے قابل نہ رہا۔ مینڈکوں کے ختم ہو جانے سے مختلف قسم کے حشرات مثلاً ٹڈی اور جوئیں وغیرہ عام ہو گئے۔

مگر اس تمام تباہی اور عذاب کے حالات کے باوجود فرعون یا اس کی قوم نہ ہی اللہ کی طرف متوجہ ہوئی اور نہ ہی انہوں نے اپنی ضد، ہٹ دھرمی اور گمراہی و کفر کی روش کو ترک کیا۔ بلکہ اپنی منافقانہ ذہنیت کی وجہ سے انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام اور اللہ تعالیٰ کو دھوکا دینے کی کوشش کی۔ جب ان پر یہ خوفناک عذاب آیا وہ فوراً حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے کہا کہ وہ انہیں اس عذاب سے نجات دلائیں۔

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوا يٰمُوسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ج لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ اِسْرَآئِيلَ ٥ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ٥
(الاعراف۔۱۳۴-۱۳۵)

''اور جب ان پر کوئی عذاب نازل ہوتا تو کہتے: اے موسیٰ! اپنے رب سے ہمارے لیے دعا کرو اس عہد کے سبب جو اس نے تم سے کر رکھا ہے۔ اگر تم نے ہم سے عذاب دور کر دیا تو ہم ضرور تم پر ایمان لے آئیں گے اور تمہارے ساتھ بنی اسرائیل کو جانے دیں گے۔
پھر جب ہم ایک مدت کے لیے ان سے عذاب دور کر دیتے جس تک انہیں عذاب پہنچنا تھا تو اس وقت وہ عہد توڑنے لگتے''۔

## مصر سے اخراج

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون اور اس کی قوم کو اللہ کا پیغام پہنچایا اور سرتابی کی صورت میں سخت عذاب سے ڈرایا مگر جواباً انہوں نے بغاوت کی روش اختیار کرتے ہوئے آپ کو جھوٹا قرار دیا۔ اب اللہ کی طرف سے ان کے لیے ذلت آمیز انجام متعین کر دیا گیا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس طرح اطلاع دے دی گئی:

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ٥ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ



Marfat.com

فِی الْمَدَآئِنِ حٰشِرِیْنَ o اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِیْلُوْنَ o وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ o
وَاِنَّا لَجَمِیْعٌ حٰذِرُوْنَ o فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ o وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ
كَرِیْمٍ o كَذٰلِكَ ط وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ o فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِیْنَ o فَلَمَّا تَرَآءَ
الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓی اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ o (الشعراء-۵۲-۶۱)

''اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو لے کر رات کو نکل جائے بے شک تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔

الغرض فرعون نے شہروں میں نقیب بھیجے۔

بلاشبہ یہ لوگ ایک چھوٹی سی جماعت ہیں۔

اور انہوں نے ہمیں بہت غصہ دلایا ہے۔

لیکن بلاشبہ ہم سب ایک مضبوط جماعت ہیں۔

اس طرح ہم نے ان کو باغات اور چشموں سے نکال باہر کیا۔

اور ان کے خزانوں سے اور عمدہ مکانوں سے

اسی طرح۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو ان کا مالک بنا دیا۔

پس دن نکلتے ہی ان کا پیچھا کیا

پھر جب دونوں جماعتیں مقابل ہوئیں تو موسیٰ کے ساتھیوں نے کہا ہم تو پکڑے گئے''۔

ان حالات میں جب بنی اسرائیل نے سمجھا کہ وہ پکڑے گئے اور فرعونیوں نے سمجھا کہ وہ ابھی بنی اسرائیل پر گرفت کرلیں گے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ کی مدد و نصرت پر یقین کرتے ہوئے فرمایا:

قَالَ كَلَّا ط اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ o (الشعراء-۶۲)

''فرمایا: ہرگز نہیں۔ میرا پروردگار میرے ساتھ ہے وہ مجھے راہ نجات بتا دے گا''۔

اس وقت اللہ تعالیٰ نے دریا کو پھاڑتے ہوئے موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کو بچا لیا۔ جب بنی اسرائیل گزر گئے تو فرعون اور اس کی قوم پر دریا کا راستہ بند ہو گیا اور وہ غرقاب ہو گئے:

فَاَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰٓی اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ط فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ
فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ o وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِیْنَ o وَاَنْجَیْنَا مُوْسٰی وَمَنْ مَّعَهٗٓ



Marfat.com

اَجۡمَعِیۡنَ o ثُـمَّ اَغۡرَقۡنَا الۡاٰخَرِیۡنَ o اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَةً ط وَمَـا کَانَ اَکۡثَرُهُـمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَo وَاِنَّ رَبَّکَ لَهُوَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُo (الشعراء۔٦٣-٦٨)

''چنانچہ ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ اپنا عصا دریا پر مارو تو دریا پھٹ گیا اور ہر ٹکڑا پانی کے ایک بڑے پہاڑ کی طرح ہو گیا۔

اور ہم نے دوسروں کو بھی وہاں پہنچا دیا۔

اور ہم نے موسیٰ اور ان کے سب ساتھیوں کو بچا لیا۔

پھر دوسروں کو ڈبو دیا۔

بے شک اس میں (اللہ کی قدرت کی) بڑی نشانی ہے۔ اور ان میں اکثر ایمان لانے والے تھے ہی نہیں۔

اور بے شک آپ کا رب ہی بڑا غالب رحم والا ہے''۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا میں بھی بہت ہی معجزانہ خصوصیات تھیں۔ پہلی وحی کے دوران اللہ تعالیٰ نے اسے سانپ میں بدل دیا تھا۔ اور پھر اس سانپ نے فرعون کے جادوگروں کے تمام جادوائی مظاہر کو نگل لیا تھا۔ اب پھر اس عصا سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریائے نیل کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ عصا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عطا ہونے والا ایک عظیم ترین معجزہ تھا۔

## کیا یہ واقعہ بحیرۂ روم کے ساحل یا بحیرۂ احمر میں پیش آیا؟

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کس مقام پر دریا کو دو حصوں میں تقسیم کیا اس پر کوئی واضح نقطۂ نظر موجود نہیں۔ چونکہ قرآن حکیم میں اس کی کوئی تفاصیل مذکور نہیں ہیں اس لیے اس بارے میں صحیح رائے قائم نہیں کی جا سکتی۔ بعض شواہد کے مطابق یہ واقعہ مصر کے بحیرۂ روم (Mediterranean Sea) کے ساحل پر پیش آیا۔ انسائیکلوپیڈیا جوڈیٹا (Encyclopedia Judaica) کے مطابق:

''اکثر محققین کے نزدیک بنی اسرائیل کے اخراج کا واقعہ بحیرۂ روم کے ساحل پر واقع بحیرۂ احمر (Red Sea) کی ایک ساحلی جھیل پر پیش آیا'' (37)۔

ڈیوڈ بن گوریان (David Ben Gurion) کے مطابق یہ واقعہ رامیسس دوم کے دور حکمرانی میں قادیش (Kadesh) کی شکست کے بعد پیش آیا۔ عہد نامۂ قدیم کی کتاب اخراج کے



Marfat.com

مطابق یہ واقعہ وادی کے شمال میں میگڈول (Migdol)اور بال زیفون (Beal-Zephon) کے علاقے میں پیش آیا(38)۔

اس نقطۂ نظر کا انحصار عہد نامۂ قدیم پر ہے۔ عہد نامۂ قدیم کی کتاب اخراج کی تشریحات کے مطابق فرعون بحیرۂ احمر میں غرقاب ہوا تھا۔ اس نقطۂ نظر کے حامل لوگوں کے مطابق لفظ Red Sea اصل میں Sea of Reeds یعنی سرکنڈوں کا سمندر ہے۔ چونکہ اس کی Red Sea کے ساتھ مماثلت ہے سو اکثر مقامات پر اس سے بحیرۂ احمر مراد لیا گیا مگر Sea of Reeds سے مراد بحیرۂ روم کے مصری سواحل ہیں۔ عہد نامۂ قدیم میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دورانِ سفر اختیار کردہ راستوں کے ذکر میں میگڈول اور بال زیفون کے الفاظ بھی استعمال ہوئے ہیں اور یہ علاقے مصر کے سواحل میں وادیٔ نیل کے شمال میں واقع ہیں۔ Sea of Reeds کے تذکرے سے اس بات کو تقویت ملتی ہے کہ شاید یہ واقعہ سواحلِ مصر پر پیش آیا کیونکہ اس علاقے میں ساحل پر پانی کی موجودگی کے سبب کثرت سے سرکنڈے پیدا ہوتے ہیں۔

## فرعون اور اس کے لشکر کی غرقابی

قرآن حکیم ہمیں بحیرۂ احمر کے دو حصوں میں تقسیم ہو جانے کی خبر دیتا ہے۔ قرآن حکیم کی تفصیلات کے مطابق حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے بنی اسرائیل کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ فرعون کے لیے یہ امر ناگوار تھا کہ بنی اسرائیل اس کی اجازت کے بغیر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہمراہ روانہ ہو جائیں۔ وہ اپنے لشکر کے ہمراہ تعاقب کے لیے نکل پڑا:

پس آج ہم تیرا جسم بچائے دیتے ہیں تاکہ تو بعد میں آنے والی امتوں کے لیے ایک نشان بن جائے (یونس۔۹۲)



Marfat.com



Marfat.com

وَ جٰوَزْنَا بِبَنِیٓ اِسْرَآئِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَھُمْ فِرْعَوْنُ وَ جُنُوْدُهٗ بَغْیًا وَّعَدْوًاط
(یونس۔۹۰)

''اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار کر دیا، پھر فرعون اور اس کے لشکر نے سرکشی اور ظالمانہ انداز سے ان کا پیچھا کیا''۔

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل دریا کے ساحل پر پہنچے۔ قریب تھا کہ فرعون اور اس کا لشکر انہیں آ پکڑتا۔ اس منظر کو دیکھتے ہی بنی اسرائیل حضرت موسیٰ علیہ السلام سے شکایت کرنے لگے۔ عہد نامۂ قدیم کے مطابق وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہنے لگے کہ وہ انہیں اپنے گھروں سے نکال کر موت کی طرف کیوں لے آئے۔ اگرچہ وہ گھروں میں فرعون کے غلام تھے مگر زندہ تو تھے۔ اس منظر کو قرآن حکیم نے یوں بیان کیا:

فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓی اِنَّا لَمُدْرَکُوْنَo (الشعراء۔۶۱)

''پھر جب دونوں جماعتیں مقابل ہوئیں تو موسیٰ کے ساتھیوں نے کہا (لو) ہم تو پکڑے گئے''۔

حقیقت یہ ہے کہ بنی اسرائیل کی شکایت کا یہ کوئی پہلا واقعہ نہ تھا بلکہ اس سے قبل بھی وہ بارہا اس طرح کے گستاخانہ رویے کا اظہار کر چکے تھے:

قَالُوْٓا اُوْذِیْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِیَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَاط قَالَ عَسٰی رَبُّکُمْ اَنْ یُّھْلِکَ عَدُوَّکُمْ وَیَسْتَخْلِفَکُمْ فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرَ کَیْفَ تَعْمَلُوْنَo

(الاعراف۔۱۲۹)

''(بنی اسرائیل) کہنے لگے: اے موسیٰ! ہمیں تمہارے آنے سے پہلے بھی تکلیفیں پہنچتی رہی ہیں اور تمہارے آنے کے بعد بھی''۔

مگر بنی اسرائیل کے اس رویے کے باوجود حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی جدوجہد کے آغاز ہی سے اللہ کی مدد و نصرت پر پورا بھروسہ تھا۔ اللہ تعالیٰ کا حضرت موسیٰ علیہ السلام سے وعدہ تھا کہ ان کی ہر حال میں مدد کی جائے گی:

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِیْ مَعَکُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰیo (طٰہٰ۔۴۶)

''فرمایا تم مت ڈرو، میں تم دونوں کے ساتھ ہوں سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں''۔



Marfat.com

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کے جادوگروں سے پہلی مرتبہ سامنا ہوا تو انہیں کچھ خوف محسوس ہوا (طٰہٰ۔۶۷) اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ خوف مت کھاؤ کیونکہ انجامِ کار غلبہ تمہیں ہی ملے گا (طٰہٰ۔۶۸) گویا معرکۂ حق و باطل کے ان مراحل سے بخیر و خوبی گزرنے کے لیے موسیٰ علیہ السلام کی بارگاہِ خداوندی سے تربیت کی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپ کی قوم کے کچھ لوگوں نے خوف محسوس کیا تو آپ نے فرمایا:

قَالَ كَلَّا ۚ إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ ۝ (الشعراء۔۶۲)

''موسیٰ نے فرمایا: ہرگز نہیں، میرا پروردگار میرے ساتھ ہے وہ مجھے راہ (نجات) دے گا۔''

اس پر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی کی کہ اپنا عصا دریا کے پانی پر مارو۔ اس پر دریا دو حصوں میں تقسیم ہو گیا اور پانی کا ہر حصہ دو عظیم پہاڑوں میں بدل گیا (الشعراء۔۶۳) جس وقت یہ عظیم واقعہ پیش آیا اسے دیکھتے ہی فرعون کو سمجھ جانا چاہئے تھا کہ یہ معجزہ عام انسان کے بس کی بات نہیں اور اس میں اُلوہی قدرت کارفرما ہے۔ وہی لوگ جنہیں ہلاک کرنے کے لیے فرعون تعاقب میں تھا، انہیں دریا راستہ دے رہا تھا۔ گو کہ اس بات کی کوئی ضمانت نہ تھی کہ بنی اسرائیل کے گزر جانے کے بعد دریا کا پانی پھر رواں دواں ہو جائے گا فرعون اور اس کا لشکر بنی اسرائیل کے تعاقب میں دریا میں اتر گئے۔ شاید یہ اس غیر معمولی صورتحال کا اثر تھا کہ فرعون اور اس کے لشکر کی فہم و فراست تک معطّل ہو گئی اور وہ اپنی گمراہی میں اتنے پختہ تھے کہ اس سے کوئی سبق نہ لے سکے:

وَجٰوَزْنَا بِبَنِيٓ إِسْرَآئِيلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْيًا وَّعَدْوًا ۖ (یونس۔۹۰)

''اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار کر دیا۔ پھر فرعون اور اس کے لشکر نے بڑی سرکشی اور ظالمانہ انداز سے ان کا پیچھا کیا''۔

فرعون کے آخری لمحات کو قرآن حکیم اس طرح بیان کرتا ہے:

حَتّٰىٓ إِذَآ أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ أَنَّهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّا الَّذِيٓ اٰمَنَتْ بِهِ بَنُوٓا إِسْرَآئِيلَ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝ (یونس۔۹۰)

''جب فرعون (اپنی فوج سمیت) ڈوبنے لگا تو بولا کہ میں ایمان لایا کہ اس کے سوا جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے کوئی معبود نہیں اور میں فرمانبرداروں میں شامل ہوتا ہوں''۔



Marfat.com

یہاں موسیٰ علیہ السلام کا ایک دوسرا معجزہ بھی موجود ہے جس کی یاد قرآن حکیم کی درج ذیل آیت دلاتی ہے:

وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا لا رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ج رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ o قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ o (یونس-۸۸-۸۹)

''اور موسیٰ نے عرض کی: اے ہمارے پروردگار تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو سب عیش کی چیزیں اور دنیا کی زندگی میں مال دیا ہے۔ اے ہمارے پروردگار اس لیے کہ یہ تیری راہ سے لوگوں کو بہکا دیں۔ اے پروردگار ان کے مال و متاع کو برباد کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے کہ جب تک یہ دردناک عذاب نہ دیکھ لیں ایمان نہ لائیں۔

(اللہ نے) فرمایا: تم دونوں کی دعاؤں کو شرفِ قبولیت بخشا جا چکا، پس تم ثابت قدم رہنا اور نادانوں کی راہ پر نہ چلنا''۔

ان آیات سے بالکل واضح ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ان کی دعا کے جواب میں یہ بتا دیا گیا تھا کہ فرعون اس وقت ہی ایمان لائے گا جب وہ عذاب کو دیکھ لے گا جب فرعون پانی میں غرق ہونے لگا تو اس نے اللہ پر ایمان کا اقرار کیا۔ مگر اس کا یہ رویہ غیر مخلصانہ اور مبنی بر کذب تھا۔ عین ممکن ہے کہ وہ خود کو ڈوبنے سے بچانے کے لیے یہ اقرار کر رہا ہو۔

اسی لیے آخری لمحے پر ایمان کو اللہ نے قبول نہ کیا۔ اب فرعون اور اس کا لشکر عذاب سے نہ بچ سکتے تھے:

آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ o فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ط وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ o (یونس-۹۱-۹۲)

''اب (ایمان کا دعویٰ) اور اس سے قبل نافرمانی پر تلا رہا۔ اور تو (تو) ہمیشہ مفسدوں میں رہا۔ پس آج ہم تیرا جسم بچائے دیتے ہیں تاکہ تو بعد میں آنے والی امتوں کے لیے ایک نشان بن جائے۔ اور بے شک اکثر لوگ ہماری نشانیوں پر توجہ نہیں کرتے''۔



Marfat.com

قرآن حکیم ہمیں بتاتا ہے کہ فرعون اور اس کا لشکر اپنے انجام سے دوچار ہوئے چونکہ فرعون اور اس کا لشکر کفر و عناد (یونس۔۹۰)، گناہ (القصص:۸)، سرکشی (القصص:۴۰) کے مرتکب اور اللہ کے حضور حاضری سے انکار کرنے والے (القصص:۳۹) تھے، سو انہیں سخت عذاب سے دوچار کیا گیا۔ سو اللہ نے فرعون اور اس کے حامیوں کو گھروں سے نکالا اور دریا برد کر دیا (القصص:۴۰) ان کا یہ انجام دراصل اس امر کا نتیجہ تھا کہ انہوں نے اللہ کی نشانیوں کا انکار کیا اور انذار پر کوئی توجہ نہ دی (الاعراف۔۱۳۶)۔ قوم فرعون کی ہلاکت کے بعد کیا ہوا؟ قرآن حکیم اسے یوں بیان کرتا ہے:

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ط وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ لا بِمَا صَبَرُوْا ط وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ o

(الاعراف۔۱۳۷)

''اور ہم نے ان لوگوں کو جو کمزور سمجھے جاتے تھے اسی سرزمین کے مشرق و مغرب کا وارث بنا دیا جس میں ہم نے برکت رکھی ہے۔ اور بنی اسرائیل کے حق میں آپ کے رب کا نیک وعدہ ان کے صبر کی وجہ سے پورا ہو گیا۔ اور فرعون اور اس کی قوم نے جو محل بنائے تھے اور جو کچھ (باغ) چھتریوں پر چڑھائے تھے سب کو ہم نے تباہ و برباد کر دیا''۔



Marfat.com

# اہلِ سبا اور سیلابِ عرم

لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ ج جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّ شِمَالٍ ط كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ط بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّ رَبٌّ غَفُوْرٌ o فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ o (سبا۔۱۵-۱۶)

''اہل سبا کے لیے ان کی آبادی میں ایک نشانی تھی۔ دو باغ داہنے اور بائیں تھے۔ یہ نشانیاں گویا زبانِ حال سے کہہ رہی تھیں کہ اے سبا کے رہنے والو! اپنے پروردگار کا عطا کیا ہوا رزق کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو۔ پاکیزہ شہر، اور بخشنے والا پروردگار۔

لیکن انہوں نے روگردانی کی تو ہم نے ان پر ایک زوردار سیلاب چھوڑ دیا۔ اور ان کے دو باغوں کے بدلے ہم نے ان کو دو اور باغ دیے جس میں بدمزہ میوے، جھاؤ اور کچھ بیری کے درخت رہ گئے''۔

قومِ سبا کا شمار جنوبی عرب کی چار بڑی تہذیبوں میں ہوتا تھا۔ ان لوگوں کا دور ۷۵۰-۱۰۰۰ ق م سے ۵۵۰ عیسوی تک ہے۔ اس دوران تقریباً دو صدیوں تک ایران اور عرب ان پر حملے کرتے رہے۔ اہلِ سبا کی تہذیب کا تاریخی دورانیہ ایک متنازع امر ہے۔ انہوں نے اپنی حکومتی دستاویزات کا ریکارڈ رکھنا ۶۰۰ ق م سے شروع کیا۔ یہی وجہ ہے کہ اس سے قبل ان کے بارے میں کوئی معلومات نہیں ملتیں۔

قومِ سبا کے بارے میں قدیم ترین تاریخی حوالہ آشوری بادشاہ سارگن دوم (۷۰۵-۷۲۲ ق م) کے سالانہ جنگی حالات کی تاریخ ہے۔ سارگن ٹیکس دینے والے لوگوں کا ریکارڈ تیار کرواتا تھا۔ اس میں ملکِ سبا کے بادشاہ یتِ امارہ (Yith'i-amara) کا ذکر بھی ملتا ہے۔ سبائی تہذیب



قوم سبا کی زبان میں لکھے گئے کتبے

Marfat.com

کے بارے میں ہمارے پاس یہ قدیم ترین تاریخی حوالہ ہے تاہم اس ماخذ پر ہی انحصار کرتے ہوئے بھی یہ کہا جاسکتا ہے کہ تاریخی ریکارڈ کے آغاز سے بہت پہلے یعنی کم وبیش ۷۰۰ ق م کے دوران بھی اہل سبا موجود تھے۔ اس طرح سبا کی تاریخ مزید قدیم قرار پاتی ہے۔ ریاست اُر (Ur) کے آخری بادشاہوں میں سے اردننار (Arad-Nannar) کے کتبوں میں بھی "سمم" کا تذکرہ ملتا ہے جس سے ملک سبا ہی مراد لیا گیا ہے (39)۔ اگر حقیقتاً اس سے مراد ملک سبا ہی ہو تو اس کی تاریخ ۲۵۰۰ ق م کے قریب قرار پاتی ہے۔

سبا سے متعلق تاریخی حوالے بتاتے ہیں کہ یہ بھی فونیقی (Phoenician) قبائل ہی کی طرح کی تہذیب تھی خصوصاً تجارتی سرگرمیوں میں مماثل تھی اس لیے ان لوگوں نے شمالی عرب سے گزرنے والی اکثر شاہراہوں کی تعمیر کی تھی۔ چونکہ سبائیوں کو مال تجارت کی نقل وحمل کے لیے شمالی عرب، بحیرۂ روم اور غزہ وغیرہ سے گزرنا پڑتا تھا اس لیے وہ اس علاقے کے بادشاہ سارگن دوم سے اجازت لینے اور اسے کچھ ٹیکس ادا کرنے کے پابند تھے۔ جب سبائیوں نے آشوری حکومت کو ٹیکس ادا کرنا شروع کیا ان کا نام بھی سرکاری ریکارڈ میں شامل ہو گیا۔

تاریخ میں اہلِ سبا کو مہذّب قوم کے طور پر جانا جاتا ہے۔ سبا کے حکمرانوں کے کتبوں میں بحالی، وقف اور تعمیر کے الفاظ کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کے فنِ تعمیر کا ایک نمونہ مآرب ڈیم (Ma'rib Dam) ان کی فنی مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ان کی عسکری قوت بھی اتنی ہی زیادہ عمدہ تھی۔ ایک طویل عرصے تک ان کی تہذیب کی بقا کا ایک سبب ان کی مضبوط فوج تھی۔

اہلِ سبا کی فوج علاقے کی مضبوط ترین فوج تھی۔ اس فوج کی وجہ سے وہ ریاست اپنے توسیعی عزائم پورے کرتی تھی۔ حکومت سبا نے قدیم قطبائی ریاست (Qataban State) کے اکثر علاقے فتح کر لیے تھے۔ براعظم افریقہ کے کئی علاقے بھی اس کے زیر تسلط تھے۔ ۲۴ ق م میں اپنی مغربی مہمات کے دوران اس نے اپنے دور کی مضبوط ترین ریاست سلطنتِ روم کے مصری گورنر مرکس ایلیس گیلس (Marcus Aelius Gallus) کو شکست دی۔ ملکِ سبا جدید پالیسیوں کو رائج کرنے والی مملکت تھی اور جہاں ناگزیر ہوتا طاقت کا استعمال کرتی تھی۔ اپنی ترقی یافتہ تہذیب اور فوجی طاقت کے بل بوتے پر ملکِ سبا اپنے علاقے کی ایک سپر پاور تھا۔

ملکِ سبا کی غیر معمولی طاقتور فوج کا تذکرہ قرآن حکیم میں بھی کیا گیا۔ سبائی فوج کے کمانڈر



Marfat.com

کے الفاظ جو اس نے اپنی ملکہ سے گفتگو کے دوران استعمال کیے اس کے اعتماد اور فوجی طاقت کو ظاہر کرتے ہیں:

قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ٥ (النمل:۳۳)

''وہ بولے ہم بڑے زور آور اور جنگجو ہیں۔ آپ کو اختیار ہے پس آپ جو حکم دیں اس پر غور فرمالیں''۔



اہلِ سبا نے انتہائی ترقی یافتہ ٹیکنالوجی کے ذریعے مآرب ڈیم تعمیر کر کے آب پاشی کے میدان میں خود کفالت حاصل کر لی۔ زرخیز زمینوں اور کاروباری راستوں پر کنٹرول سے ان کا طرزِ زندگی بہت ہی آسودہ اور شاہانہ ہو گیا مگر اللہ کی ان نعمتوں پر شکر ادا کرنے کی بجائے وہ اللہ سے دور ہو گئے نتیجتاً ان کا ڈیم تباہ ہو گیا اور اس سے آنے والے سیلِ عرم نے ان کی تمام املاک کو تباہ و برباد کر دیا۔

مملکت سبا کا دارالحکومت مآرب، اپنی جغرافیائی اہمیت کے سبب بہت دولت مند علاقہ تھا۔ دارالحکومت ''دریائے اِجنانہ'' کے بہت قریب تھا۔ جبلِ برق جہاں سے دریا گزرتا تھا ڈیم کی تعمیر کے لیے بہت ہی موزوں مقام تھا، اپنی تہذیب کے قیام کے ابتدائی دور میں اہل سبا نے یہاں ایک اہم ڈیم تعمیر کیا اور اس سے آبپاشی کا کام لینا شروع کیا۔ اس طرح وہ بہت ہی خوشحال ہو گئے۔ مآرب اس دور کے بہت ہی ترقی یافتہ شہروں میں شمار ہوتا تھا۔ اس علاقے کا دورہ کرنے والا یونانی مورخ پلائنی (Pliny) اس شہر کی زرخیزی اور سبزے کی بہت تعریف کرتا ہے (40)۔

مآرب کے ڈیم کی بلندی ۱۶ میٹر، چوڑائی ۶۰ میٹر اور لمبائی ۶۲۰ میٹر تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق اس ڈیم سے سیراب ہونے والا کل رقبہ ۹۶۰۰ ہیکٹر تھا جس سے ۵۳۰۰ ہیکٹر رقبہ جنوبی میدانوں اور بقیہ شمالی میدانوں سے تھا۔ سبا کے اکثر کتبوں میں ان کا تذکرہ ''مآرب اور دو میدان'' کہہ کر کیا گیا ہے (41)۔ قرآن حکیم ''دائیں اور بائیں دو باغ'' کہہ کر انہی دو میدانوں اور ان میں موجود انگوروں کے باغوں کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اس ڈیم اور نظام آبپاشی کی وجہ سے یہ علاقہ اپنی زرخیزی اور ثمر آوری کی وجہ سے پورے یمن میں مشہور ہو گیا۔ فرانسیسی محقق جے ہالوے (J.Holevy) اور آسٹریا کے محقق گلازر (Glaser) نے تاریخی شواہد سے ثابت کیا ہے کہ مآرب کا ڈیم دور قدیم سے موجود تھا۔ حمیری زبان میں لکھی گئی اکثر دستاویزات میں اس امر کا تذکرہ موجود ہے اس ڈیم سے پورا علاقہ زرخیز ہو گیا تھا۔

پانچویں اور چھٹی صدی عیسوی میں اس ڈیم کی کئی بار مرمت کی گئی۔ مگر اس کے باوجود ۵۴۲ء میں یہ ڈیم تباہ ہو گیا۔ یہ تباہی عرم کے اس عظیم سیلاب کا نتیجہ تھی جس کا تذکرہ قرآن حکیم میں بھی کیا گیا۔ انگور کے باغ، زرخیز میدان جنہیں اہلِ سبا سینکڑوں سال سے کاشت کرتے آ رہے تھے کلیتاً تباہ ہو گئے۔ ڈیم کی تباہی کے بعد اہلِ سبا زوال کی اتھاہ گہرائیوں میں گر گئے۔ مملکت سبا کا انجام، ڈیم کی تباہی کے ساتھ ہی ہو گیا۔

## ملکِ سبا پر آنے والے عرِم کا سیلاب

اگر ہم متذکرہ بالا تاریخی مواد کی روشنی میں قرآن حکیم کا مطالعہ کریں تو ہمیں ان دونوں میں حیرت انگیز مماثلت ملتی ہے۔ آثارِ قدیمہ کی دریافتیں اور تاریخی مواد دونوں قرآنی بیان کی تصدیق



Marfat.com

کرتے ہیں۔اس آیت کے مطابق ملکِ سبا کے وہ لوگ جنہوں نے انبیاء علیہم السلام کی دعوت پر توجہ نہ دی اور اپنی سرکشی پر مصر رہے خوفناک سیلاب کی نذر ہو گئے۔اس سیلاب کا تذکرہ قرآن حکیم نے یوں کیا:

لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ ۖ جَنَّتَانِ عَنْ يَمِينٍ وَشِمَالٍ ۖ كُلُوا مِنْ رِزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ ۚ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُورٌ o فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنَاهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ وَشَيْءٍ مِنْ سِدْرٍ قَلِيلٍ o ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِمَا كَفَرُوا ۖ وَهَلْ نُجَازِي إِلَّا الْكَفُورَ o (سبا۔۱۵-۱۷)

''اہل سبا کے لیے ان کی آبادی میں ایک نشانی تھی دو باغ، داہنے اور بائیں تھے (یہ نشانیاں گویا زبان حال سے کہہ رہی تھی کہ اے اہل سبا!) اپنے پروردگار کا عطا کیا ہوا رزق کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو۔پاکیزہ شہر اور بخشنے والا پروردگار!


لیکن انہوں نے روگردانی کی تو ہم نے ان پر ایک زوردار سیلاب چھوڑ دیا اور ان کے دو باغوں کے بدلے ہم نے ان کو دو اور باغ دیے جس میں بدمزہ میوے، جھاؤ اور کچھ بیری (ہی رہ گئے)۔

یہ ہم نے ان کو ان کی ناشکری کا بدلہ دیا اور ہم ناشکر گزاروں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں''۔


جیسا کہ ان آیات سے ظاہر ہے ملکِ سبا اپنے غیر معمولی حسن، پھلوں سے لدے ہوئے باغات اور زرخیزی کے لیے پورے علاقے میں بے نظیر تھا۔تجارتی شاہراہ پر واقع ہونے کی وجہ سے اہلِ سبا کا معیارِ زندگی بہت بلند تھا اور یہ اپنے دور کا خوبصورت ترین شہر تھا۔

مملکتِ سبا جہاں کے حالات اتنے اچھے تھے، اس شہر کے باسیوں کو ''اللہ کا رزق کھانے اور اس کی اطاعت کرنے'' کا درس دیا گیا تھا۔مگر وہ ایسا نہ کر سکے۔انہوں نے وہ راستہ اختیار کیا جس سے ان کی خوشحالی محرومی میں بدل گئی۔انہوں نے یہ سمجھ لیا کہ یہ ساری زرخیزیاں اور خوشحالی ان کے اپنے فن اور ہنرمندی کا نتیجہ ہے۔وہ شکر گزاری کی بجائے سرکشی کے مرتکب ہونے لگے اور آیت کے الفاظ میں وہ اللہ سے دور ہو گئے۔چونکہ ساری خوشحالی کے وہ خود دعویدار بن گئے سو وہ سب کچھ ان سے چھن گیا اور سیلابِ عرم ان کی زندگی کی ہر آسائش کو بہا کر لے گیا۔

قرآن حکیم نے اہلِ سبا کو دی جانے والی سزا کو سیلِ العرِم قرار دیا جس کا معنی ہے عرم کا




سبائیوں کے مشہور ڈیم کا حالیہ منظر جسے دوبارہ آبپاشی کے لیے تیار کر دیا گیا ہے۔





مآرب ڈیم کا منظر جو اہلِ سبا کا ایک اہم تعمیری کارنامہ تھا۔ قرآن میں مذکور سیلِ عرم کے نتیجے میں یہ ڈیم تباہ ہو گیا اور تمام قابلِ کاشت زمین زیرِ آب آ گئی نتیجتاً اہلِ سبا کی اقتصادی طاقت ختم ہو گئی اور جلد ہی سبائی سلطنت صفحۂ ہستی سے مٹ گئی۔

سیلاب۔ قرآن حکیم کے یہ الفاظ قوم سبا کی تباہی کے انداز کو بیان کرتے ہیں۔ عرم ڈیم یا بند کو کہتے ہیں۔ گویا سیل العرِم سے مراد وہ سیلاب ہوا جو ڈیم یا بند کے ٹوٹنے سے آیا ہو۔ مسلم مفسرین نے سیل عرم کی اس قرآنی اصطلاح اور اس کے وقت و جگہ کی تشریح کی ہے۔ مولانا مودودیؒ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"سیل العرِم میں استعمال ہونے والا لفظ "عرِم" جنوبی عرب کی زبان کے لفظ "عارمین" سے نکلا ہے جس کا معنی ڈیم یا بند ہے۔ یمن میں ہونے والی کھدائیوں سے سامنے آنے والے آثار میں یہ لفظ







قرآن حکیم کے مطابق ملکۂ سبا اور اس کی قوم حضرت سلیمان علیہ السلام کی اطاعت سے پہلے سورج کی پرستش کرتے تھے۔ تصویر کی تحریر اس امر کی تصدیق کرتی ہے کہ وہ سورج اور چاند کو پوجتے تھے۔ قومِ سبا کے معبد کی اس تصویر میں سبائی طرز تحریر کندہ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

اس معنی میں کثرت سے استعمال ہوتا دیکھا گیا۔ مثلاً یمن کے حبشی بادشاہ ابرہہ کے احکامی کتبوں میں جو ۵۴۲-۵۴۳ء میں مآرب کی بڑی ڈیوار کی واگزاشت کے بعد لکھے گے، یہ لفظ ڈیم (بند) کے مضمون میں بار بار استعمال کیا گیا۔ سو، سیل العرم سے مراد وہ سیلاب ہے جو ڈیم کی تباہی پر آتا ہے"۔

قرآن حکیم کا ارشاد "اوران کے دو باغوں کے بدلے ہم نے ان کو دو اور باغ دیے جس میں بدمزہ میوے، جھاؤ اور کچھ بیری کے درخت تھے" (سبا۔۱۶) اس منظر کو عیاں کرتا ہے۔ یعنی سیلاب کے بعد تمام ملک غرقابی کے باعث ویران ہو گیا۔ وہ نہریں اور پہاڑوں کے درمیان آبپاشی کے نظام کی دیواریں جو اہلِ سبا نے تعمیر کر رکھی تھیں سب سیلاب کی وجہ سے تباہ ہو گئیں۔ نتیجتاً وہی علاقہ جو سیلاب سے پہلے خوبصورت باغات پر مشتمل تھا اب ایک جنگل میں بدل گیا۔ اب وہاں جھاڑیوں اور چند بیری کے درختوں کے علاوہ کچھ بھی باقی نہ بچا" (42)۔

عیسائی ماہرِ آثارِ قدیمہ ورنر کیلر (Werner Keller) نے اپنی کتاب "کتاب مقدس حق ہے" میں اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ سیلِ عرم کا واقعہ اسی طرح پیش آیا جس طرح قرآن حکیم نے بیان کیا ہے اور یہ کہ آثارِ قدیمہ میں ڈیم اور اس کے ٹوٹنے کے آثار نے قرآن حکیم کے بیان کردہ واقعات کی تصدیق کی ہے (43)۔

سیلابِ عرم کی تباہی کے بعد وہ سارا علاقہ صحرا میں بدل گیا۔ زرعی زمینوں کے خاتمے سے اہلِ سبا اپنے ذرائع آمدنی سے محروم ہو گئے۔ وہ لوگ جنہوں نے اللہ کے دین کو قبول کرنے سے انکار کیا اور گمراہی پر ڈٹے رہے انجامِ کار عذاب سے دوچار ہوئے۔ اس تباہی کے بعد قومِ سبا بکھر گئی۔ ان کی شمالی عرب، مکہ اور شام کو ہجرت سے شہر کے سارے گھر ویران ہو گئے (44)۔

چونکہ یہ واقعہ عہد نامۂ قدیم و جدید کی ترتیب کے بعد پیش آیا اس لیے اس میں اس کا کوئی ذکر موجود نہیں۔ مآرب کا شہر جو کبھی ایک طاقتور مملکت کا دارالحکومت تھا اب صرف ایک ویران صحرا ہے۔ یہ شہر اُلوہی دعوت کو رد کرنے والوں کے لیے جائے عبرت ہے۔ سورۃ الکھف میں باغ کے دو مالکوں کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ ان میں سے ایک تو اہل سبا کی طرح بہت ہی زرخیز باغ کا مالک ہے مگر وہ بھی ان کی طرح اللہ سے دوری کی غلطی کا مرتکب ہوتا ہے۔ وہ یہ سمجھا ہے کہ حالات کی سازگاری اور خوشحالی اس کی اپنی فہم و فراست اور علم و ہنر کا ثمر ہے اور اس میں الوہی عطا کو کوئی دخل نہیں۔

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ



Marfat.com

وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا o كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْئًا لا وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا o وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ج فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّ اَعَزُّ نَفَرًا o وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ج قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا o وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً لا وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا o قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا o لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا o وَلَوْ لَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَاشَآءَ اللّٰهُ لا لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ج اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا o فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا o اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا o وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا o وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا o هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ط هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا o (الکہف۔۳۲-۴۴)

''اوران سے دو شخصوں کی مثال بیان کیجئے کہ ان میں سے ایک کو ہم نے انگور کے دو باغ دیئے۔اور جن کے چاروں طرف ہم نے کھجوروں کے درختوں کا احاطہ بنا رکھا تھا۔اور ان کے بیچ کھیتیاں تھیں۔

دونوں باغ خوب اپنے اپنے پھل لائے۔اس میں کچھ کمی نہ کی گئی اور ہم نے دونوں کے درمیان نہریں بھی جاری کر دیں۔

اوراس کے پاس پھل تھا تو اس نے اپنے ساتھی سے کہا اور وہ اس سے باتیں کرتے کرتے کہنے لگا کہ میں تجھ سے مال و دولت میں زیادہ ہوں اور جتھے کے لحاظ سے بھی زیادہ عزت والا ہوں۔

اور وہ اپنے باغ میں داخل ہوا حالانکہ وہ اپنے آپ پر ظلم کر رہا تھا۔ بولا میں نہیں سمجھتا کہ یہ باغ کبھی بھی برباد ہو۔

اور میرے خیال میں قیامت کبھی بھی نہ آئے گی اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف واپس



Marfat.com

بھی گیا تو وہاں پہنچ کر اس سے بہتر جگہ پاؤں گا۔

اس کے ساتھی نے اس سے جواب کے طور پر کہا: کیا تو اس (اللہ) سے منکر ہو گیا جس نے تجھ کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر تجھ کو آدمی بنایا۔

لیکن (میرا قول یہی ہے کہ) اللہ ہی میرا پروردگار ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔

اور ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تو اپنے باغ میں داخل ہوا تھا تو کہتا جو اللہ چاہتا ہے اور اللہ کے سوا کسی میں دینے کی طاقت نہیں، اگر تو مجھ کو مال اور اولاد میں کمتر دیکھتا ہے

تو کیا عجب ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر باغ عطا فرمائے وہ اس پر گرم لو کا ایک جھونکا آسمان سے بھیج دے پھر وہ صاف میدان ہو جائے۔

یا اس کا پانی گہرا ہو جائے پھر تو اسے ہرگز تلاش نہ کر سکے۔

اور اس کے پھلوں کو (آفت نے) آ گھیرا پھر صبح کو وہ ہاتھ ملتا رہ گیا، اس پونجی پر جو اس پر صرف کی تھی اور وہ اپنی چھتریوں پر گرا پڑا تھا اور وہ کہنے لگا کہ کاش میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا۔

اور اللہ کے سوا کوئی حمایت اس کی مددگار نہ ہو سکی اور نہ وہ بدلہ لے سکا۔

یہاں سب اختیار اللہ برحق ہی کو ہے۔ اسی کا انعام بہتر اور اسی کا بدلہ اچھا ہے"

جیسا کہ ان آیات سے ظاہر ہے باغ کے مالک کی غلطی اللہ کے وجود کا انکار کرنا نہ تھا۔ بلکہ وہ اس مغالطے کا شکار تھا کہ اگر بالفرض محال قیامت آئی اور اسے اللہ کے سامنے پیش ہونا پڑا تو اسے اس سے بہتر باغات سے نوازا جائے گا گویا دنیاوی راحت وخوشحالی محض اس کی ذاتی کاوشوں کا حاصل تھی۔

فی الحقیقت شرک فی التوحید یہی ہے کہ انسان ہر وہ چیز جو اللہ کو سزاوار ہے اسے غیر اللہ سے منسوب و متعلق کر دے۔ اور غضبِ الٰہی سے اتنا بے خطر ہو جائے کہ وہ یہ سمجھنے لگے کہ اسے وہ بلند اور ذاتی مقام حاصل ہے کہ ہر حال میں اسے الوہی حمایت حاصل رہے گی۔

اس مغالطے اور لغزش کا شکار اہلِ سبا ہوئے سو انہیں سزا بھی وہی ملی یعنی ان کی ساری املاک برباد ہو گئیں۔ تاکہ وہ اور اہل عالم یہ جان سکیں کہ وہ خود کسی بھی طاقت یا اختیار کے فی نفسہٖ مالک نہیں ہیں بلکہ یہ انہیں عطا کیا گیا ہے۔



Marfat.com

باب ہشتم

# حضرت سلیمان علیہ السلام اور ملکۂ سبا

قِیۡلَ لَهَا ادۡخُلِی الصَّرۡحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتۡهُ حَسِبَتۡهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتۡ عَنۡ سَاقَيۡهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرۡحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنۡ قَوَارِيۡرَ ؕ قَالَتۡ رَبِّ اِنِّىۡ ظَلَمۡتُ نَفۡسِىۡ وَ اَسۡلَمۡتُ مَعَ سُلَيۡمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝ (النمل۔۴۴)

''اس سے کہا گیا کہ دیوان خاص میں چلیے۔ پھر جب اس نے اس (فرش) کو دیکھا تو سمجھی کہ گہرا پانی ہے اور اپنی پنڈلیاں کھول دیں۔ (سلیمان علیہ السلام نے) کہا یہ تو ایک محل ہے جس میں شیشے جڑے ہوئے ہیں۔ بول اٹھی: اے میرے رب میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا۔ میں اللہ کے آگے جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے سلیمان کے ساتھ مسلمان ہوئی''۔

جنوبی یمن میں موجود ملکِ سبا کے تاریخی ریکارڈ کے مطالعے سے حضرت سلیمان علیہ السلام اور ملکۂ سبا کی ملاقات کی تفصیلات منظر عام پر آئی ہیں۔ کھنڈروں کے مطالعے سے ۱۰۰۰ سے ۹۵۰ ق م کے درمیان اس علاقے میں ایک ملکہ کے رہنے اور اس کے شمال کو یروشلم کی طرف سفر کرنے کے شواہد ملے ہیں۔ سورۂ نمل میں ان دونوں حکمرانوں کے درمیان رابطے، ان کی حکومت اور ممالک کے اقتصادی و سیاسی حالات بھی تفصیل سے بیان ہوئے ہیں۔ ملکۂ سبا سے متعلق یہ واقعہ جو سورۂ نمل میں بیان ہوا' ہدہد کی اس تفصیل سے شروع ہوتا ہے جو وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی فوج کے رکن کے طور پر ان کے سامنے بیان کرتا ہے:

فَمَكَثَ غَيۡرَ بَعِيۡدٍ فَقَالَ اَحَطتُّ بِمَا لَمۡ تُحِطۡ بِهٖ وَجِئۡتُكَ مِنۡ سَبَاٍۢ بِنَبَاٍ يَّقِيۡنٍ ۝ اِنِّىۡ وَجَدتُّ امۡرَاَةً تَمۡلِكُهُمۡ وَاُوۡتِيَتۡ مِنۡ كُلِّ شَىۡءٍ وَّلَهَا عَرۡشٌ عَظِيۡمٌ ۝ وَجَدتُّهَا وَقَوۡمَهَا يَسۡجُدُوۡنَ لِلشَّمۡسِ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيۡطٰنُ اَعۡمَالَهُمۡ فَصَدَّهُمۡ عَنِ السَّبِيۡلِ فَهُمۡ لَا يَهۡتَدُوۡنَ ۝ اَلَّا



Marfat.com

يَسْجُدُوا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ○ (النمل۔۲۲-۲۷)

''پھر تھوڑی ہی دیر میں وہ آ گیا اور کہنے لگا کہ مجھے وہ بات معلوم ہوئی ہے جس کو آپ نے نہ جانا اور میں آپ کے پاس ملکِ سبا کی ایک تحقیقی خبر لے کر حاضر ہوا ہوں۔

میں نے ایک عورت کو پایا جو اپنے لوگوں پر حکومت کرتی ہے اور اس کو ہر چیز میسّر ہے اور اس کا تخت عظیم الشان ہے۔

میں نے اس کو اور اس کی قوم کو اللہ کے سوا سورج کو سجدہ کرتے ہوئے پایا اور ان کو شیطان نے ان کے اعمال خوشنما کر دکھائے ہیں۔ پس انہیں راہ سے روک دیا ہے تو وہ ہدایت نہیں پاتے۔

(لوگ) اللہ ہی کو سجدہ کیوں نہیں کرتے جو آسمانوں اور زمینوں کی چھپی ہوئی چیزوں کو ظاہر کرتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو یا ظاہر کرتے ہو سب جانتا ہے۔

اللہ ہی معبودِ حقیقی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

(سلیمان علیہ السلام نے) کہا: اچھا ہم دیکھتے ہیں کہ تو نے سچ کہا یا جھوٹوں میں سے ہے''۔

ہدہد سے یہ خبر سننے کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے اسے یہ حکم دیا:

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ○ (النمل۔۲۸)

''یہ میرا خط لے جا اور اس کو ان کے پاس ڈال دے پھر ان کے پاس سے ہٹ جا اور دیکھ وہ کیا جواب دیتے ہیں''۔

ملکۂ سبا نے جب خط وصول کیا تو اس کے بعد کیا واقعات پیش آئے؟ قرآن حکیم انہیں یوں بیان کرتا ہے:

قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ○ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ○ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ○ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ○



Marfat.com

قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَ جَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ج
وَ كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ٥ وَاِنِّىْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ
الْمُرْسَلُوْنَ ٥ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ ز فَمَآ اٰتٰنِ ۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ
مِّمَّآ اٰتٰكُمْ ج بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ٥ اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ
لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ٥ قَالَ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا
اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِىْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِىْ مُسْلِمِيْنَ ٥ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا
اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ج وَاِنِّىْ عَلَيْهِ لَقَوِىٌّ اَمِيْنٌ ٥ قَالَ الَّذِىْ
عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ط فَلَمَّا رَاٰهُ
مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّىْ قف لِيَبْلُوَنِىْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ط وَمَنْ
شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ج وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّىْ غَنِىٌّ كَرِيْمٌ ٥ قَالَ نَكِّرُوْا
لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِىْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ٥ فَلَمَّا جَآءَتْ
قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ط قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا
مُسْلِمِيْنَ ٥ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ط اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ
كٰفِرِيْنَ ٥ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِى الصَّرْحَ ج فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ
سَاقَيْهَا ط قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ط قَالَتْ رَبِّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ
وَ اَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ٥ (النمل۔۲۹-۴۴)

"(ملکۂ سبا نے) کہا اے درباروالو! میرے پاس ایک بڑی بزرگی والا خط ڈالا گیا ہے۔

وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور اس میں یہ ہے کہ شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

کہ میرے مقابلہ میں سرکشی نہ کرو اور میرے پاس فرمانبردار ہو کر آ جاؤ۔

کہا: اے درباروالو میرے معاملے میں مجھے مشورہ دو۔ میں کوئی فیصلہ نہیں کرتی جب تک تم میرے پاس حاضر نہ ہو۔

وہ بولے ہم بڑے زور آور جنگجو ہیں آپ کو اختیار ہے پھر آپ جو حکم دیں اس پر غور فرمالیں۔




Marfat.com

اس نے کہا: جب بادشاہ کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو تباہ کر دیتے ہیں اور اس کے معزز لوگوں کو ذلیل کرتے ہیں اور یہ لوگ بھی ایسا ہی کریں گے۔

اور میں ان کے پاس ایک تحفہ بھیجتی ہوں پھر دیکھتی ہوں کہ قاصد کیا جواب لاتے ہیں۔

پھر جب (قاصد) سلیمان کے پاس پہنچا انہوں نے کہا کیا تم مال سے میری مدد کرنا چاہتے ہو۔ مجھے جو اللہ نے دیا ہے وہ اس سے کہیں بہتر ہے جو تم کو دیا ہے بلکہ اپنے تحفہ سے تم ہی خوش رہو۔

اور ان کے پاس واپس جاؤ ہم ان پر ایسے لشکروں کے ساتھ حملہ کریں گے جن کا مقابلہ ان سے نہ ہو سکے گا اور ہم ان کو وہاں سے ذلیل کر کے نکالیں گے اور وہ خوار ہوں گے۔




حضرت سلیمان علیہ السلام کا محل دیکھ کر ملکۂ سبا بہت ہی متاثر ہوئی اور اس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے ساتھ اسلام قبول کر لیا۔ ملکۂ سبا کے دورویہ راستہ کا ایک منظر

فرمایا: اے سردارو تم میں سے کون ہے کہ اس کا تخت میرے سامنے لے آئے قبل اس کے کہ وہ فرمانبردار ہو کر میرے سامنے حاضر ہوں۔

جنوں میں سے ایک طاقتور جن نے کہا میں اسے حاضر کیے دیتا ہوں قبل اس کے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں اور میں اس کے لیے طاقتور اور امانت دار ہوں۔

ایک شخص نے جس کے پاس علم کتاب تھا کہا میں آپ کی آنکھ جھپکنے سے قبل ہی اسے حاضر کر سکتا ہوں۔

پھر جب اس تخت کو اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا تو فرمایا یہ میرے رب کا فضل ہے تاکہ وہ مجھے آزمائے کہ میں اس کا شکرادا کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں اور جو شکرادا کرتا ہے تو وہ اپنے لیے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرتا ہے تو میرا پروردگار بے نیاز اور کرم فرمانے والا ہے۔

کہا: کہ اس کے تخت کی اس کے لیے صورت بدل دو، دیکھیں وہ پہچانتی ہے یا ان میں سے ہے جو راہ سے بھکے ہوئے ہیں۔

پھر جب وہ آ پہنچی تو پوچھا گیا کہ کیا آپ کا تخت ایسا ہی ہے۔ اس نے جواب دیا گویا یہ وہی ہے اور اس سے قبل ہی علم ہو چکا ہے اور ہم فرمانبردار ہو چکے ہیں۔

اور سلیمان نے اس کو ان چیزوں سے جن کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتی تھی روک دیا وہ کافروں میں سے تھی۔

اس سے کہا گیا کہ دیوان خاص میں چلیے۔ پھر جب اس نے فرش کو دیکھا تو سمجھی کہ گہرا پانی ہے اور اپنی پنڈلیاں کھول دیں۔ کہا: یہ تو ایک محل ہے جس میں شیشے جڑے ہوئے ہیں۔ بول اٹھی: اے میرے رب میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا، میں اللہ کے آگے جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے سلیمان کے ساتھ مسلمان ہوں"۔

## حضرت سلیمان علیہ السلام کا محل

وہ سورتیں اور آیات جن میں ملکۂ سبا کا ذکر ہے، حضرت سلیمان علیہ السلام کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ قرآن حکیم میں حضرت سلیمان علیہ السلام سے متعلق بہت سی دیگر تفصیلات مثلاً آپ کی عظیم مملکت اور محل کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ اس کے مطابق حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس اپنے دور کی سب سے



Marfat.com

زیادہ ترقی یافتہ ٹیکنالوجی تھی۔ آپ کے محل میں عجیب وغریب فن پارے، اور دیکھنے والوں کو متحیّر کر دینے والی قیمتی اشیاء بھی تھیں۔ محل میں داخلے کا راستہ شیشے کا بنا ہوا تھا۔ قرآن حکیم محل اور اس کی عظمت کا ملکۂ سبا پر اثر انداز ہونا یوں بیان کرتا ہے:

قِيۡلَ لَهَا ادۡخُلِى الصَّرۡحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتۡهُ حَسِبَتۡهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتۡ عَنۡ سَاقَيۡهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرۡحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنۡ قَوَارِيۡرَ ؕ قَالَتۡ رَبِّ اِنِّىۡ ظَلَمۡتُ نَفۡسِىۡ وَ اَسۡلَمۡتُ مَعَ سُلَيۡمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝ (النمل۔۴۴)

''اس سے کہا گیا کہ دیوان خاص میں چلیے۔ پھر جب اس نے فرش کو دیکھا تو سمجھی کہ گہرا پانی ہے اور اپنی پنڈلیاں کھول دیں۔ کہا: یہ تو ایک محل ہے جس میں شیشے جڑے ہوئے ہیں۔ بول اٹھی: اے میرے رب میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا، میں اللہ کے آگے جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے سلیمان کے ساتھ مسلمان ہوں''۔

یہودی تحریروں میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے محل کو ''معبدِ سلیمان'' کہا جاتا ہے۔ آج اس محل یا معبد کی مغربی دیوار ہی سلامت ہے جسے ''دیوارِ گریہ'' بھی کہا جاتا ہے۔ اس محل اور یروشلم میں موجود بہت سی دوسری جگہوں کو زمین بوس کرنے کی وجہ یہودیوں کا گستاخانہ اور سرکش رویہ تھا۔ قرآن حکیم اسے یوں بیان کرتا ہے:


وَقَضَيۡنَاۤ اِلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ فِى الۡكِتٰبِ لَـتُفۡسِدُنَّ فِى الۡاَرۡضِ مَرَّتَيۡنِ وَلَتَعۡلُنَّ عُلُوًّا كَبِيۡرًا ۝ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ اُوۡلٰٮهُمَا بَعَثۡنَا عَلَيۡكُمۡ عِبَادًا لَّنَاۤ اُولِىۡ بَاۡسٍ شَدِيۡدٍ فَجَاسُوۡا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ وَكَانَ وَعۡدًا مَّفۡعُوۡلًا ۝ ثُمَّ رَدَدۡنَا لَـكُمُ الۡكَرَّةَ عَلَيۡهِمۡ وَاَمۡدَدۡنٰكُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّبَنِيۡنَ وَجَعَلۡنٰكُمۡ اَكۡثَرَ نَفِيۡرًا ۝ اِنۡ اَحۡسَنۡتُمۡ اَحۡسَنۡتُمۡ لِاَنۡفُسِكُمۡ ۖ وَاِنۡ اَسَاۡتُمۡ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ الۡاٰخِرَةِ لِيَسُــوۡٓءٗا وُجُوۡهَكُمۡ وَلِيَدۡخُلُوا الۡمَسۡجِدَ كَمَا دَخَلُوۡهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوۡا مَا عَلَوۡا تَتۡبِيۡرًا ۝ (بنی اسرائیل۔۴-۷)


''اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں بتا دیا تھا کہ تم ملک میں دو بار فساد کرو گے اور بڑی سرکشی کرو گے۔

پھر جب پہلے کا وقت آیا تو ہم نے تم پر اپنے سخت جنگجو بندوں کو مسلط کر دیا پس وہ تمہارے



Marfat.com






معبدِ سلیمانی کی تباہی کے بعد اس کی واحد محفوظ رہنے والی دیوار کو یہودیوں نے "دیوارِ گریہ" قرار دے دیا۔ ساتویں صدی میں یروشلم کو فتح کرنے کے بعد مسلمانوں نے یہاں مسجد عمر اور معبد کے مقام پر قبۃ الصخریٰ تعمیر کیا۔ یروشلم میں یہ تاحال موجود ہیں۔ نیچے قبۃ الصخریٰ نظر آرہا ہے۔



Marfat.com




معبد سلیمانی میں اپنے دور کی اعلیٰ فنی مہارت اور جمالیاتی احساس کا مظاہرہ کیا گیا۔ اس تصویر میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے دور کے یروشلم کا منظر دکھایا گیا ہے:۔(۱) جنوب مغربی دروازہ (۲) ملکہ کا محل (۳) حضرت سلیمان علیہ السلام کا محل (۴) ۳۲ ستونوں والا داخلے کا دروازہ (۵) دربار (۶) لبنان کا جنگل (۷) دار العلماء (۸) معبد میں داخلے کا دروازہ (۹) معبد کا صحن (۱۰) معبد



Marfat.com

گھروں میں پھیل گئے اور یہ وعدہ پورا ہو کر رہا۔

پھر ہم نے ان پر تمہاری باری پھیر دی اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کی۔ اور تمہاری تعداد بڑھا دی۔

اگر تم بھلائی کرتے رہو گے تو اپنا ہی بھلا کرو گے اگر برائی کرو گے تو بھی اپنے ہی لیے۔

پھر جب دوسری بار اللہ کا وعدہ آ جائے گا تا کہ تمہارے چہرے بگاڑ دیں اور وہ پھر بیت المقدس میں اسی طرح داخل ہوں جس طرح پہلے داخل ہوتے تھے اور جہاں غلبہ پائیں اسے پوری طرح تباہ و برباد کر دیں''۔

وہ تمام قومیں جن کا ذکر ہوا اپنے گستاخانہ رویے اور اللہ سے سرکشی کے سبب عذاب کے مستحق تھے۔ یہودی صدیوں تک ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرتے رہے تا آنکہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانے میں ارضِ مقدس میں انہیں اپنا وطن نصیب ہوا۔ مگر پھر اپنی بغاوت، حدودِ الٰہی سے تجاوز اور بددیانتی کی وجہ سے عذاب کا شکار ہوئے۔ آج کے دور کے جدید یہودی جو ماضی قریب میں اسی علاقے میں پھر آباد ہوئے ہیں اپنی گمراہی پر فرحاں و شاداں ہو کر اسی رویے کا مظاہرہ کر رہے ہیں جس کا مظاہرہ انہوں نے پہلی تنبیہ سے قبل کیا تھا۔



Marfat.com

# اصحابِ کہف

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ لا كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝

(الکہف۔۹)

”کیا آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ غار والے اور کتبہ والے ہماری (قدرت کی) نشانیوں میں سے عجوبہ چیز تھے“۔

قرآن حکیم کی اٹھارویں سورۃ ’الکہف‘ میں ان لوگوں کے بارے میں تفصیل بیان کی گئی ہے جنہوں نے احکامِ الٰہی کی پیروی پر حاکمِ وقت کے ظلم وستم سے بچاؤ کے لیے غار میں پناہ لی تھی۔ قرآن حکیم میں اس واقعہ کو یوں بیان کیا گیا:

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ لا كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۝ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَىُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ط اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ۝ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاْ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ط لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍ ۢ بَيِّنٍ ط فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ۝ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِىْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ط



Marfat.com

ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ط مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ج وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ
وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۝ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ق وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ
وَذَاتَ الشِّمَالِ ق وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ط لَوِاطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ
لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ۝ وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا
بَيْنَهُمْ ط قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ط قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ط قَالُوْا
رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ط فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ
اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۝
اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا
اِذًا اَبَدًا ۝ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا
رَيْبَ فِيْهَا ج اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ط رَبُّهُمْ
اَعْلَمُ بِهِمْ ط قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ۝
سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ج وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ
رَجْمًا ۢ بِالْغَيْبِ ج وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ط قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ
مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ قف فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ص وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ
مِّنْهُمْ اَحَدًا ۝ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ز
وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا
رَشَدًا ۝ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۝ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ
بِمَا لَبِثُوْا ج لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ط مَا لَهُمْ مِّنْ
دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ز وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ۝ (الکہف۔۹-۲۶)

''کیا آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ غار والے اور کتبہ والے ہماری (قدرت کی) نشانیوں میں سے عجوبہ چیز تھے''۔

جب وہ جوان غار میں پناہ گزیں ہوئے تو ملتجی ہوئے کہ اے ہمارے رب ہمیں اپنی خاص رحمت سے نواز اور ہمارے معاملے کو سنوارنے کا سامان کردے۔

پھر اس غار میں ہم نے سالہا سال تک کے لیے ان کے کان پر پردہ ڈال دیا۔



Marfat.com

پھر ہم نے اِن کو اٹھایا تا کہ معلوم کریں کہ دونوں جماعتوں میں سے کس نے صحیح اندازہ لگایا کہ کتنی مدت وہ غار میں رہے۔

ہم آپ کو ان کا حال صحیح صحیح سناتے ہیں۔ وہ چند نوجوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے اور ہم نے ان کو اور زیادہ ہدایت دی۔

اور ہم نے ان کے دل مضبوط کر دیے۔ جب وہ (ظالم بادشاہ کے سامنے) کھڑے ہوئے تو انہوں نے کہا کہ ہمارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کریں گے، ورنہ پھر تو ہم بڑی بے جابات کے مرتکب ہوں گے۔

یہ ہماری قوم ہے جس نے اللہ کے سوا اور معبود ٹھہرائے ہیں۔ یہ لوگ کیوں ان پر کوئی واضح دلیل نہیں لاتے۔ پس اس سے بڑھ کر ظالم اور کون ہوگا جو خدا پر جھوٹ باندھے۔

اور جب تم ان سے اور ان کے معبودوں سے الگ ہو گئے جنہیں وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں تو اب غار میں چل کر پناہ لو۔ تمہارا رب اپنی رحمت تمہارے لیے کشادہ کر دے گا اور تمہارے امور میں سہولت کے سامان فراہم کر دے گا۔

اور (اے رسول ﷺ) آپ سورج کو دیکھیں گے کہ جب وہ نکلتا ہے تو ان کے غار سے داہنی جانب بچ کر نکل جاتا ہے اور وہ اس کے ایک کشادہ میدان میں تھے۔ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے اللہ جس کو ہدایت دیتا ہے وہی ہدایت پاتا ہے اور جس کو حالت گمراہی میں چھوڑ دے تو پھر آپ اس کے لیے کوئی رفیق راہ بتانے والا نہ پائیں گے۔

اور تو خیال کرے گا کہ وہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سوئے ہوئے تھے۔ اور ہم اُن کو داہنی طرف اور بائیں طرف کروٹیں دلاتے رہتے تھے۔ اور ان کا کتا چوکھٹ پر اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے بیٹھا تھا اگر تو انہیں جھانک کر دیکھتا تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگتا اور ان کی دہشت تیرے دل میں بیٹھ جاتی۔ اور اسی طرح ہم نے ان کو اٹھا دیا تا کہ وہ آپس میں پوچھیں۔ ان میں ایک کہنے والے نے کہا تم کتنا عرصہ رہے ہوں گے؟ وہ بولے ایک دن یا اس سے کم۔ بعض بولے تمہارے رب ہی کو علم ہے کہ تم کتنی مدت رہے۔ بہر حال اپنے میں سے کسی ایک کو شہر کی طرف یہ سکہ دے کر بھیجو کہ وہ ذرا دیکھے کہ کون سا کھانا پاکیزہ ہے۔ سو اس میں سے تمہارے پاس کچھ کھانا آئے اور حسن تدبیر سے کام لے اور تمہاری خبر کسی اور کو نہ ہونے دے۔



Marfat.com

اگر ان لوگوں نے تم پر قابو پا لیا تو تم کو سنگسار کر ڈالیں گے یا تم کو اپنے دین میں واپس لائیں گے اور تم کبھی فلاح نہ پاؤ گے۔

اور اسی طرح ہم نے ان سے مطلع کر دیا تاکہ وہ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ حق ہے اور یہ کہ قیامت میں کوئی شبہ نہیں۔ جب کہ اس زمانے میں لوگ ان کے بارے میں جھگڑ رہے تھے۔ پھر کہنے لگے کہ ان کے پاس ایک عمارت بنا دو ان کا پروردگار ہی ان سے بخوبی واقف ہے، جو لوگ ان میں صاحب غلبہ تھے انہوں نے کہا ہم ان کے پاس ایک عبادت خانہ بنائیں گے۔

لوگ کہتے رہیں گے کہ وہ تین تھے چوتھا ان کا کتا تھا۔ اور کہیں گے وہ پانچ تھے چھٹا ان کا کتا تھا۔ یہ ان کی اٹکل پچو باتیں ہیں اور کہیں گے وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا۔ آپ فرما دیجیے میرا رب ہی ان کی تعداد سے خوب واقف ہے سوائے چند لوگوں کے ان کو کوئی نہیں جانتا۔ لہٰذا آپ ان کے بارے میں ان لوگوں سے بجز سرسری بحث کے زیادہ بحث نہ کیجیے اور ان کے متعلق ان میں سے کسی سے بھی دریافت حال نہ کیجیے۔

اور آپ کسی کام کے متعلق یہ نہ کہیے کہ میں اس کو کل کر دوں گا۔

مگر یہ کہ اگر اللہ نے چاہا اور جب آپ بھول جائیں تو اپنے رب کو یاد کیجئے۔ اور فرما دیجیے کہ امید ہے کہ میرا رب مجھے بھلائی کی اس سے قریب تر راہ بتا دے۔

اور وہ اپنے غار میں نو اوپر تین سو سال رہے۔

آپ فرما دیجیے جتنی مدت وہ غار میں رہے اللہ ہی خوب جانتا ہے۔ آسمانوں اور زمین کے پوشیدہ راز اسی کے علم میں ہیں۔ وہ کیا خوب دیکھنے والا اور کیا اچھا سننے والا ہے۔ اس کے سوا نہ کوئی ان کا کارساز ہے اور نہ اللہ تعالیٰ اپنے حکم میں کسی کو شریک کرتا ہے''۔

معروف عقیدہ کے مطابق اصحاب کہف کو اسلامی اور عیسائی دونوں حوالوں سے تقدس حاصل ہے۔ ان پر رومی شہنشاہ دقیانوس (Decius) ظلم وستم کر رہا تھا اس کے باوجود انہوں نے اپنی قوم کو کفر وشرک ترک کرنے اور ایک اللہ کی عبادت کی تلقین کی۔ جب لوگوں نے ان کی دعوت پر توجہ نہ دی اور بادشاہ کا ظلم بھی بڑھتے بڑھتے ان کے قتل تک آ پہنچا تو انہوں نے اپنے گھروں کو چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔ اس دور کا تاریخی ریکارڈ اس امر کا گواہ ہے کہ کئی حکمران اس دور میں دہشت گردی، ظلم وستم کی پالیسی اپنائے ہوئے تھے اور دین عیسوی پر کاربند رہنے والوں کا عرصہ حیات تنگ کر رکھا تھا۔



Marfat.com

شمال مغربی اناطولیہ کے رومن گورنر پلینیس (Pilinius) (۶۹-۱۱۳ عیسوی) نے شہنشاہ روم ٹرایانوس (Trayanus) کو ایک خط لکھا کہ اس نے مسیح کے کچھ پیروکاروں کو سزائیں دیں کیونکہ وہ بادشاہ کے مجسّمے کی عبادت نہ کرتے تھے۔ یہ خط ابتدائی دور کے عیسائیوں پر ظلم وستم کا ایک ثبوت ہے۔ ایسے حالات میں جب ان نوجوانوں پر دین حق ترک کرنے اور باطل دین کی پیروی کے لیے دباؤ ڈالا گیا تو انہوں نے کہا:

فَقَالُوا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاْ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝ (الکہف۔۱۴-۱۵)

''ہم آپ کو ان کا حال صحیح صحیح سناتے ہیں۔ وہ چند نوجوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے اور ہم نے ان کو اور زیادہ ہدایت دی۔

اور ہم نے ان کے دل مضبوط کر دیے۔ جب وہ (ظالم بادشاہ کے سامنے) کھڑے ہوئے تو انہوں نے کہا کہ ہمارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کریں گے، ورنہ پھر تو ہم بڑی بے جا بات کے مرتکب ہوں گے''۔

جہاں تک اصحابِ کہف کے غار کا تعلق ہے اس کے متعلق کئی نقطہ نظر ہیں۔ تاہم زیادہ امکان یہی ہے کہ یہ غار ایفی سس (Ephesus) اور طرسوس (Tarsus) میں واقع ہے۔

تمام عیسائی حوالوں کے مطابق یہ غار ایفی سس (Ephesus) میں واقع ہے۔ اس سے کئی مسلمان محققین اور مفسّرین بھی متفق ہیں۔ جبکہ کچھ کے نزدیک یہ تصور غلط ہے اور غار کا اصل مقام طرسوس (Tarsus) ہے۔ اس باب میں ہم ان دونوں نقطہ ہائے نظر کا جائزہ لیں گے۔ تاہم تمام عیسائی اور مسلمان محققین و مفسرین اس پر متفق ہیں کہ یہ واقعہ رومی شہنشاہ دقیانوس (۲۵۰ عیسوی) کے زمانے میں پیش آیا۔

نیرو اور دقیانوس عیسائیوں پر ظلم کرنے والے مشہور رومی شہنشاہ ہیں۔ اپنے مختصر دورِ حکمرانی میں اس نے ایک قانون نافذ کیا جس کے تحت ہر شخص پر رومی دیوتاؤں کو قربانی پیش کرنا ضروری تھا۔ ہر شخص پر یہ قربانی کرنا اور اس کا تصدیقی ثبوت حاصل کرنا ضروری تھا جو وہ حکومتی کارندوں کو عندالطلب دکھاتا تھا۔ جو ایسا نہ کرتے انہیں سزا دی جاتی تھی۔ عیسائی تحریروں میں موجود ہے کہ عیسائیوں کی



Marfat.com

کثیر تعداد جو بت پرستی کا یہ عمل کرنے سے انکار کرتے تھے وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ پناہ کی تلاش میں ہجرت کرتے رہتے تھے۔ اور اصحابِ کہف بھی انہی ابتدائی عیسائیوں میں سے تھے۔

مزید برآں یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ اکثر مسلم اور عیسائی مورخوں نے اس واقعہ کو ایک داستان کے طور پر بیان کیا ہے اور اس میں وقت گزرنے کے ساتھ بہت سی غیر ضروری روایتیں بھی شامل ہوگئی ہیں جبکہ فی الحقیقت یہ محض داستان نہیں بلکہ ایک تاریخی واقعہ ہے۔

## کیا اصحابِ کہف ایفی سس میں ہیں؟

اصحابِ کہف کی جائے پناہ کے بارے میں متعدد آراء ہیں۔ اس اختلاف کی بڑی وجہ ہر علاقے کے لوگوں کی یہ خواہش ہے کہ ان بہادر لوگوں کا تعلق ان کے وطن سے ہو اور وہاں اس طرح کے غاروں کی موجودگی ہے۔ اور پھر ان تمام جگہوں میں اس کی مثال مختلف غاروں پر عبادت گاہوں کی تعمیر ہے۔

جیسا کہ مشہور ہے ایفی سس (Ephesus) عیسائیوں کی مقدس جگہ ہے۔ یہاں حضرت مریم علیہا السلام کا گھر ہے جسے بعد میں چرچ میں بدل دیا گیا۔ سو یہ عین ممکن ہے کہ اصحابِ کہف یہیں کی غار میں قیام پذیر ہوئے ہوں۔ اکثر عیسائی کتب میں بھی اس جگہ کو اصحابِ کہف کا مقام قرار دیا گیا ہے۔

اس کا قدیم ترین تاریخی ثبوت شامی پادری جیمز آف سارس (James of Saruc) (پیدائش ۴۵۲ء) ہے۔ معروف مورخ گبن (Gibbon) نے "تاریخ زوالِ سلطنتِ روما" میں جیمز کی کتب کے کئی حوالے دیے ہیں۔ اس کے مطابق سات عیسائی نوجوانوں کو عیسائیت ترک کرنے اور غار میں پناہ لینے پر مجبور کرنے والے بادشاہ کا نام دقیانوس تھا۔ دقیانوس کا دور حکمران ۲۴۹ سے ۲۵۱ عیسوی ہے اور یہ دور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پیروکاروں پر ظلم وستم کے لیے مشہور ہے۔ مسلم مفسرین کے مطابق یہ واقعہ ایفی سس (Aphesus) یا ایفی ساس (Aphesos) میں پیش آیا۔ گبن کے مطابق اس جگہ کا نام ایفی سس (Ephesus) ہے۔ اناطولیہ کے مغربی کنارے پر واقع یہ شہر سلطنتِ روما کی ایک بڑی بندرگاہ اور بڑا شہر تھا۔ اس شہر کے کھنڈر آج بھی 'ایفی سس کا پرانا شہر' کے نام سے مشہور ہے۔

اصحاب کہف کی بیداری کے وقت رومی حکمران کا نام مسلم محققین کے مطابق تیزئیس (Tezusius) اور گبن کے نزدیک تھیوڈوسئیس دوم (Theodosius II) ہے۔ یہ

حکمران سلطنت روما کے عیسائی ہو جانے کے بعد ۴۰۸-۴۵۰ء کے دوران اقتدار میں رہا۔

کچھ مفسرین کے مطابق درج ذیل آیات کی روشنی میں غار میں داخلہ شمال سے تھا تا کہ روشنی اندر نہ آ سکے۔ اس طرح غار کے قریب سے گزرنے والا اندر نہیں دیکھ سکتا تھا۔ قرآن حکیم اسے یوں بیان کرتا ہے:

وَتَرَى الشَّمْسَ إِذَا طَلَعَت تَّزَاوَرُ عَن كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَإِذَا غَرَبَت تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِي فَجْوَةٍ مِّنْهُ ط ذَٰلِكَ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ ط مَن يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ج وَمَن يُضْلِلْ فَلَن تَجِدَ لَهُ وَلِيًّا مُّرْشِدًا o (الکہف ۔۱۷)

''اور (اے رسول ﷺ) آپ سورج کو دیکھیں گے کہ جب وہ نکلتا ہے تو ان کے غار سے داہنی جانب بچ کر نکل جاتا ہے اور وہ اس کے ایک کشادہ میدان میں تھے۔ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے اللہ جس کو ہدایت دیتا ہے وہی ہدایت پاتا ہے اور جس کو حالت گمراہی میں چھوڑ دے تو پھر آپ اس کے لیے کوئی رفیق راہ بتانے والا نہ پائیں گے''۔

ماہرِ آثارِ قدیمہ ڈاکٹر موسیٰ باران اپنی کتاب ایفی سس (Ephesus) میں اسے ہی اصحابِ کہف کی جائے پناہ قرار دیتے ہوئے لکھتا ہے:

''۲۵۰ء میں ایفی سس (Ephesus) کے سات نوجوانوں نے بت پرستی ترک کر کے عیسائیت اختیار کر لی۔ جائے پناہ کی تلاش میں وہ پی اَن (Pion) پہاڑی کی مشرقی ڈھلوان کی غار میں چلے گئے۔ رومی سپاہیوں نے اسے دیکھا اور اس کے داخلے کی راہ پر ایک دیوار تعمیر کر دی'' (45)۔

آج یہ حقیقت سامنے آ چکی ہے کہ ان کھنڈروں اور قبروں پر بہت سی مذہبی عمارات تعمیر کی گئیں۔ آسٹریا کے آرکیالوجیکل انسٹیٹیوٹ کی ۱۹۲۶ء کی کھدائیوں کے دوران کوہِ پی اَن (Pion) کی مشرقی ڈھلوان میں ساتویں صدی (تھیوڈوسیئس دوم کا دور) کی تعمیر کردہ اصحاب کہف سے متعلق عمارات سامنے آئی ہیں'' (46)۔


## کیا اصحابِ کہف طرسوس (Tarsus) میں ہیں؟


اصحابِ کہف کے قیام کی دوسری جگہ طرسوس (Tarsus) بیان کی جاتی ہے۔ اس شہر کے شمال مغرب میں این کی لس (Encilus) یا بین کی لس (Bencilus) نامی پہاڑ میں قرآن حکیم میں بیان کردہ تفصیل سے مماثل اصحابِ کہف کا ایک غار موجود ہے۔



Marfat.com

ایفی سس میں موجود
غار کا اندرونی منظر۔
اسے اصحاب کہف کا
غار تصور کیا جاتا ہے





Marfat.com



ایفی سس کی غار کا بیرونی منظر

کئی مسلم محققین کے مطابق یہ تصور درست ہے۔ معروف مفسّر قرآن امام طبریؒ نے اصحابِ کہف کی پہاڑی کا نام بین کی لس (Bencilus) بیان کیا ہے اور اپنی کتاب "تاریخ الامم الملوک" میں شہر کا نام طرسوس لکھا ہے (47)۔ جبکہ ایک اور مفسر محمد امین نے پہاڑ کا نام پین کی لس (Pencilus) اور شہر کا نام طرسوس ہی لکھا ہے۔ عین ممکن ہے کہ پین کی لس (Pencilus) کا تلفظ بھی این کی لس ہو گیا ہو۔ اس کے مطابق ان الفاظ میں فرق کا باعث لفظ B کے مختلف اندازِ ادائیگی یا مرورِ وقت کے ساتھ 'B' کا ختم ہو جانا ہے (48)۔

امام فخر الدین رازیؒ جو معروف قرآنی عالم ہیں لکھتے ہیں کہ اگرچہ اس جگہ کو ایفی سس (Ephesus) کہا جاتا ہے مگر مراد اس سے طرسوس ہی ہے۔ کیونکہ یہ بھی طرسوس ہی کا دوسرا نام ہے (49)۔

ان کے علاوہ قاضی بیضاویؒ، امام نسفیؒ، جلالین، التبیان، المالی (Elmali)، نصوحی بلمن (O.Nasuhi Bilmen) اور بہت سے دوسرے محققین کے مطابق یہ جگہ طرسوس ہی ہے۔ یہ تمام مفسرین سورۃ کہف کی سترھویں آیت "سورج طلوع کے وقت غار کے دائیں اور غروب کے وقت بائیں طرف جھک جاتا تھا" کی وضاحت میں لکھتے ہیں کہ اس غار کا دھانہ شمال کی طرف واقع ہے (50)۔

اصحابِ کہف کے قیام کی جگہ سلطنتِ عثمانیہ کے دور میں بھی تحقیق کا موضوع رہی۔ اس حوالے سے عثمانی آرکیوز کے محکمہ اور وزارتِ عظمٰی میں خط و کتابت بھی ہوتی رہی۔ طرسوس کی

Marfat.com



طرسوس کا غار جسے اصحاب کہف سے منسوب کیا جاتا ہے۔

مقامی انتظامیہ کی طرف سے عثمانی وزارتِ خزانہ کو خط لکھا گیا کہ اصحاب کہف کے غار کی دیکھ بھال کرنے والوں کی تنخواہ کا انتظام کیا جائے۔ اس کے جواب میں وزارتِ خزانہ کی طرف سے لکھا گیا کہ ان لوگوں کو حکومتی خزانے سے تنخواہ دینے سے قبل اس امر کی تصدیق ضروری ہے کہ کیا واقعی وہ غار اصحابِ کہف کا ہے۔ اس بارے میں کی جانے والی تحقیق اصحابِ کہف کے مقام کے تعین میں کافی ممّد و معاون ثابت ہوسکتی ہے۔

نیشنل کونسل کی طرف سے کی جانے والی تحقیق میں لکھا گیا کہ طرسوس کے شمال میں صوبہ ادانہ میں طرسوس سے دو گھنٹے کے فاصلے پر پہاڑی پر ایک غار ہے جس کا دھانہ قرآن حکیم کی تفصیل کے مطابق شمال کی طرف ہی واقع ہے (51)۔

یہ سوال کہ اصحابِ کہف کون تھے، ان کا زمانہ اور علاقہ کیا تھا؟ ہر دور میں اہلِ تحقیق کا موضوع رہا ہے اور اس پر بہت معلومات بھی سامنے آتی رہی ہیں۔ تاہم دستیاب معلومات سے کسی کو بھی یقینی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اور اصحابِ کہف جن کا ذکر قرآن میں آیا، کے زمانے اور علاقے کے بارے میں کوئی تعین تا حال کسی ٹھوس ثبوت اور تاریخی شہادت کی فراہمی کا متقاضی ہے۔[1]

[1] مذکورہ بالا بحث مصنف کا اپنا نقطۂ نظر ہے۔ علمائے عصر کا غالب رجحان عمّان (اُردن) کے قریب واقع غار کی جانب ہے۔ بحوالہ جہانِ دیدہ (مولانا محمد تقی عثمانی) نوٹ از: سعود عثمانی



Marfat.com

# حاصلِ کلام

اَوَ لَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا کَیْفَ کَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط کَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَکْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ ط فَمَا کَانَ اللّٰهُ لِیَظْلِمَهُمْ وَلٰکِنْ کَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ؀ (الروم۔۹)

''کیا ان لوگوں نے زمین میں سیر نہیں کی کہ دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیا ہوا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔ وہ لوگ قوت میں ان سے کہیں بڑھ کر تھے اور انہوں نے زمین کو جوتا تھا اور اس سے کہیں زیادہ اسے آباد کیا تھا جس قدر انہوں نے آباد کیا ہے اور ان کے پاس رسول نشانیاں لے کر پہنچے، پھر اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے''۔

وہ تمام اقوام جن کا ہم نے تذکرہ کیا احکامِ الٰہی سے سرتابی، سرکشی اور شرک جیسی برائیوں میں ایک جیسی تھیں۔ وہ زمین میں فساد برپا کرنے والے، ظلم وستم سے دوسروں کی املاک ہتھیانے والے، جنسی گناہوں کا ارتکاب کرنے والے اور باغی لوگ تھے۔ ان سب میں دوسری مشترک بات اپنے قرب وجوار میں رہنے والے اہلِ ایمان سے دشمنی اور انہیں ہر طرح سے آزار پہنچانا تھا۔

قرآنی تعلیمات کا مقصد صرف تاریخ کا درس دینا ہرگز نہیں بلکہ انبیاء کے تذکرے کو قرآن مثال کے طور پر بیان کرتا ہے۔ وہ اقوام جو پہلے تباہ کر دی گئیں وہ آنے والی اقوام کے لیے درسِ عبرت ہیں تاکہ وہ راہِ حق پر رہیں:

اَفَلَمْ یَهْدِ لَهُمْ کَمْ اَهْلَکْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ یَمْشُوْنَ فِیْ



Marfat.com

مَسٰکِنِھِمْ ط اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی النُّھٰیO (طٰہٰ۔۱۲۸)

''کیا انہوں نے اس بات سے سبق نہ لیا کہ ہم نے ان سے پہلے کئی امتوں کو غارت کر دیا جن کی آبادیوں میں یہ لوگ چلتے پھرتے ہیں، بے شک اس میں عقل والوں کے لیے بڑی نشانیاں ہیں''۔

اگر ہم ان واقعات کو بطورِ مثال اور عبرت اپنے سامنے رکھیں تو بحیثیتِ مجموعی ہمارے احوال بھی گناہ اور احکامِ الٰہی سے دوری میں تباہ شدہ اقوام سے کچھ زیادہ بہتر نہیں۔ مثلاً آج ہمارے معاشرے میں موجود لواطت اور ہم جنسی کا شکار اکثر افراد ہمیں قومِ لوط کی یاد دلاتے ہیں۔ ہم جنس پرست معاشرے کے اہم نمایاں افراد کے ساتھ جنسی تقریبات میں شرکت کر کے ان تمام بدکاریوں کا مظاہرہ کرتے ہیں جو سدوم اور گموارہ میں کی جاتی تھیں۔ خصوصاً دنیا کے بڑے شہروں میں کچھ ایسے گروہ بھی ہیں جو ان سرگرمیوں میں پومپی شہر کے مکینوں سے بھی آگے نکل گئے ہیں۔

تمام سابقہ اقوام کو قدرتی آفات مثلاً زلزلے، طوفان اور سیلاب وغیرہ کے ذریعے مبتلائے عذاب کیا گیا۔ اسی طرح دورِ جدید کے وہ معاشرے جو ان اقوام کی طرح گمراہی کا شکار ہو چکے ہیں اسی طرح مبتلائے عذاب بھی ہو سکتے ہیں۔

ہمیں یہ بات کبھی بھی فراموش نہیں کرنی چاہئے کہ اللہ جب چاہے اور جسے چاہے عذاب دے سکتا ہے اور وہ جسے چاہے اس دنیا میں عذاب نہ دے بلکہ آخرت میں عذاب میں مبتلا کرے۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہوتا ہے:

فَکُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِہٖ ج فَمِنْھُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَیْہِ حَاصِبًا ج وَمِنْھُمْ مَّنْ اَخَذَتْہُ الصَّیْحَۃُ ج وَمِنْھُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِہِ الْاَرْضَ ج وَمِنْھُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ج فَمَا کَانَ اللّٰہُ لِیَظْلِمَھُمْ وَلٰکِنْ کَانُوْا اَنْفُسَھُمْ یَظْلِمُوْنَO (العنکبوت۔۴۰)

''پھر ہر ایک کو ان کے گناہوں پر ہم نے پکڑا، تو ان میں سے بعض پر ہم نے ہوا کے ساتھ پتھر برسائے اور بعض وہ تھے جن کو ایک چنگھاڑ نے پکڑ لیا۔ اور ان میں کسی کو ہم نے زمین میں دھنسایا اور کسی کو ہم نے ڈبو دیا اور اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا البتہ یہ خود اپنے پر ظلم کر رہے تھے''۔

قرآن حکیم میں فرعون کے خاندان کے ایک صاحبِ ایمان فرد کا ذکر موجود ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آیا تھا مگر اپنے ایمان کو مخفی رکھے ہوئے تھا۔ اس نے اپنی قوم سے کہا:



Marfat.com

وَقَالَ الَّذِيٓ اٰمَنَ يٰقَوۡمِ اِنِّيٓ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ مِّثۡلَ يَوۡمِ الۡاَحۡزَابِ ۝ مِثۡلَ دَاۡبِ قَوۡمِ نُوۡحٍ وَّ عَادٍ وَّثَمُوۡدَ وَالَّذِيۡنَ مِنۢ بَعۡدِهِمۡ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيۡدُ ظُلۡمًا لِّلۡعِبَادِ ۝ وَيٰقَوۡمِ اِنِّيٓ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ يَوۡمَ التَّنَادِ ۝ يَوۡمَ تُوَلُّوۡنَ مُدۡبِرِيۡنَ ۚ مَا لَكُمۡ مِّنَ اللّٰهِ مِنۡ عَاصِمٍ ۚ وَمَنۡ يُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ هَادٍ ۝

(المؤمن۔۳۰-۳۳)

''اوراس شخص نے جو ایمان لے آیا تھا کہا اے میری قوم مجھے تم پر ایسے روز بد کا اندیشہ ہے جو دوسری قوموں پر پڑا جیسا کہ قومِ نوح و عاد و ثمود اور ان کے بعد آنے والوں کا حال ہوا اور اللہ بندوں پر ظلم کرنا نہیں چاہتا۔

اور اے میری قوم مجھے تمہارے بارے میں پکار کے دن کا اندیشہ ہے۔

اس دن تم پیٹھ پھیر کر بھاگو گے، کوئی تم کو بچانے والا نہ ہوگا۔ اور جس کو اللہ راہ راست نہ دکھائے اسے کوئی راہ دکھانے والا نہیں''۔

ہر پیغمبر نے اپنی قوم کو عذاب سے ڈرایا، یومِ حشر یاد دلایا اور اس صاحبِ ایمان کی طرح اللہ کی گرفت سے بچنے کی تلقین کی۔ انبیاء کی زندگیاں اپنی قوم پر ان حقائق کو بار بار واضح کرنے میں گزریں۔ مگر اکثر لوگوں نے انہیں جھٹلایا اور ان پر دنیاوی جاہ و مرتبہ اور علو کے حصول کا الزام لگایا۔ انہوں نے انبیاء کی دعوت و سیرت پر غور کرنے کی بجائے اپنی ڈگر کو ہی اپنائے رکھا بلکہ کچھ تو اس حد تک بڑھ گئے کہ انہوں نے انبیاء علیہم السلام اور اہل ایمان کو قتل کر دیا۔ انبیاء علیہم السلام کی دعوت پر لبیک کہنے والے تعداد میں کم ہی لوگ تھے مگر جب عذاب آیا، انبیاء علیہم السلام اور ان کے پیروکار اہلِ ایمان کو اللہ نے نجات عطا کی۔

اگرچہ ہزاروں سال گزر چکے ہیں، جگہوں، اطوار، تہذیبوں اور ٹیکنالوجی میں تبدیلیاں اور ترقی ہوگئی ہے مگر اہلِ کفر کا مذکورہ بالا باطل سماجی نظام ویسا ہی ہے۔ ہمارے معاشرے کے کچھ حصوں میں وہ تمام خرابیاں موجود ہیں جو اقوامِ سابقہ میں تھیں۔ ثمود کی طرح جو ناپ تول میں کمی کرتے تھے ہمارے معاشرے میں ملاوٹ اور ناپ تول میں کمی عام ہے۔ ہم جنس پرستی عام ہوچکی ہے۔ ہم جنس پرست ہر موقع پر اسے اپنا حق قرار دیتے ہوئے اپنا دفاع کرتے ہیں اور کسی طور بھی قومِ لوط سے کم نہیں ہیں۔ معاشرے کے کئی لوگ دنیاوی نعمتوں اور دولت کی موجودگی کے باوجود



Marfat.com

عدم تشکرّ اور باغیانہ طرزِ عمل میں اہلِ سبا اور اہلِ عرم سے بھی بڑھ گئے ہیں اور اہلِ ایمان سے بدسلوکی میں قومِ نوح اور سماجی انصاف کی پامالی میں قومِ عاد کے مماثل ہیں۔

یہ آثار بہت ہی خوفناک ہیں۔

ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ معاشرہ کتنی بھی تبدیلیوں سے کیوں نہ گزر جائے اور ٹیکنالوجی کتنی ہی ترقی کیوں نہ کر جائے اخلاقی زوال کے ہوتے ہوئے اس کی کوئی اہمیت نہیں۔ یہ سب کچھ ہمیں اللہ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا۔ قرآن حکیم ہمیں یاد دلاتا ہے کہ:

اَوَ لَمْ یَسِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَیَنْظُرُوْا كَیْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْۤا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَاۤ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِیَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ؕ (الروم۔۹)

''کیا ان لوگوں نے زمین میں سیر نہیں کی کہ دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیا ہوا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔ وہ لوگ قوت میں ان سے کہیں بڑھ کر تھے اور انہوں نے زمین کو جوتا تھا اور اس سے کہیں زیادہ اسے آباد کیا تھا جس قدر انہوں نے آباد کیا ہے اور ان کے پاس رسول نشانیاں لے کر پہنچے، پھر اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے''۔

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ
اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ؕ (البقرۃ۔۳۲)

''تیری ذات پاک ہے ہم کو علم نہیں مگر جتنا تو نے ہمیں سکھایا
بے شک تو ہی جاننے والا حکمت والا ہے''

---



Marfat.com

# کتابیات و حوالہ جات


1. Max Mallowan, *Nuh's Flood Reconsidered,* Iraq XXVI-2, 1964, p.66
2. Ibid.
3. Muazzez Ilmiya Cig, *Kuran, Incil ve Tevrat'in Sumer'deki Kokleri* (The Roots of Qur'an, Old Testament and New Testament in Sumer), 2.b., Istanbul: Kaynak, 1996
4. Werner Keller, *Und die Bibel hat doch recht* (The Bible as History; a Confirmation of the Book of Books), New York: William Morrow, 1964, pp. 25-29
5. Max Mallowan, *Nuh's Flood Reconsidered,* Iraq: XXVI-2, 1964, p. 70
6. Werner Keller, *Und die Bibel hat doch recht* (The Bible as History; a Confirmation of the Book of Books), New York: William Morrow, 1964, pp. 23-32
7 "Kish", *Britannica Micropaedia,* Volume 6, p. 893
8. "Shuruppak", *Britannica Micropaedia,* Volume 10, p. 772
9. Max Mallowan, *Early Dynastic Period in Mesapotamia,* Cambridge Ancient History 1-2, Cambridge: 1971, p. 238
10. Joseph Campbell, *Eastern Mythology,* p. 129
11. *Bilim ve Utopya,* July 1996, 176. Footnote p. 19
12. Everett C. Blake, Anna G. Edmonds, *Biblical Sites in Turkey,* Istanbul: Red-house Press, 1977, p. 13
13. Werner Keller, *Und die Bibel hat doch recht* (The Bible as History; a Confirmation of the Book of Books), New York: William Morrow, 1964, p.75-76
14. "Le Monde de la Bible", *Archeologie et Histoire,* Jul-August 1993.
15. Werner Keller, *Und die Bibel hat doch recht* (The Bible as History; a Confirmation of the Book of Books), New York: William Morrow, 1964, p.76
16. Ibid, pp. 73-74
17. Ibid, pp. 75-76
18. G. Ernest Wright, "Bringing Old Testament Times to Life", *National Geographic,* Vol. 112, December 1957, p. 833
19. Thomas H. Maugh II, "Ubar, Fabled Lost City, Found by LA Team", *The Los Angeles Times,* 5 February 1992.
20. Kamal Salibi, *A History of Arabia,* Caravan Books, 1980
21. Bertram Thomas, Arabia Felix: *Across the "Empty Quarter" of Arabia,* New York: Schrieber's Sons 1932, p. 161
22. Charlene Crabb, "Frankincense", Discover, January 1993
23. Nigel Groom, Frankincense and Myrrh, Longman, 1981, p. 81
24. Ibid., p. 72
25. Joachim Chwaszcza, *Yemen,* 4PA Press, 1992
26. Ibid.
27. Brain Doe, *Southern Arabia,* Thames and Hudson, 1971, p. 21
28. Ca M'Interesse, January 1993

29. "Hicr", Islam Ansiklopedisi: *Islam Alemi, Tarihi, Cografya, Etnografya ve Bibliyografiya Lugati,* (Encyclopedia of Islam: Islamic World, History, Geography, Ethnography and Bibliography Dictionary) Vol. 5/1, p. 475
30. Philip Hitti, *A History of the Arabs,* London: Macmillan, 1979, p. 37
31. "Thamuds", *Britannica Micropaedia,* Vol. 11, p. 672
32. Brain Doe, *Southern Arabia,* Thames and Hudson, 1971, pp. 21-22
33. Ernst H. Gombrich, *Gencler icin Kisa Bir Dunya Tarihi,* (Translated into Turkish by Ahmet Mumcu from the German Original Script, Eine Kurze Weltgeschichte Fur Junge Leser, Dumont Buchverlag, Koln, 1985), Istanbul: Inkilap Publishing House, 1997, p.25
34. Ernst H. Gombrich, *The Story of Art,* London MCML, The Phaidon Press Ltd., p. 42
35. Eli Barnavi, *Historical Atlas of The Jewish People,* London: Hutchinson, 1992, p.4; "Egypt", *Encyclopedia Judaica,* Vol. 6, p. 481 and "The Exodus and Wanderings in Sinai", Vol. 8, p. 575; *Le Monde de la bible,* No:83, July-August 1983, p. 50; *Le Monde de la Bible,* No:102, January-February 1997, pp. 29-32; Edward F. Wente, *The Oriental Institute News and Notes,* No:144, Winter 1995; Jacques Legrand, *Chronicle of The World,* Paris: Longman Chronicle, SA International Publishing, 1989, p. 68; David Ben Gurion, *A Historical Atlas Of the Jewish People,* New York: Windfall Book, 1974, p. 32
36. http://www2.plaguescape.com/a/plaguescape/
37. "Red Sea", *Encyclopedia, Judaica,* Volume 14, pp.14-15
38. David Ben-Gurion, *The Jews in Their Land,* New York: A Windfall Book, 1974, pp. 32-33
39. "Seba" *Islam Ansiklopedisi: Islam Alemi, Tarihi, Cografya, Etnografya ve Bibliyografya Lugati,* (Encyclopedia of Islam: Islamic World, History, Geography, Ethnography, and Bibliography Dictionary) Vol.10, p. 268
40. Hommel, *Explorations in Bible Lands,* Philadelphia: 1903, p. 739
41. "Marib", *Islam Ansiklopedisi: Islam Alemi, Tarihi, Cografya, Etnografya ve Bibliyografya Lugati,* Volume 7, p. 323-339.
42. Mawdudi, *Tefhimul Kurran,* Cilt 4, Istanbul: Insan Yayinlari, p. 517.
43. Werner Keller, *Und die Bibel hat doch recht* (The Bible as History; a Confirmation of the Book of Books), New York: William Morrow, 1956, p.207.
44. *New Traveller's Guide to Yemen,* p. 43.
45. Musa Baran, *Efes,* pp.23-24.
46. L. Massignon, *Opera Minora,* v.III, pp. 104-108.
47. At-Tabari, Tarikh-al Umam.
48. Muhammed Emin.
49. Fakhruddin ar-Razi.
50. From the commentaries of Qadi al-Baidawi, an-Nasafi, al-Jalalayn and at-Tibyan, also Elmalili, Nasuhi Bilmen.
51. Ahmet Akgunduz, *Tarsus ve Tarihi ve Ashab-i Kehf.* (Ahmet Akgunduz, Tarsus and History and the Companions of the Cave.)